July 2000

ماہنامہ

# راہنمائے عملیات

Rs.20

روحانی عملیاتی اور نجومی دنیا میں کی حقیقی روایتوں کا امین۔ ایک پاکیزہ ماہنامہ

## اوج شمس

## گرہن

## السحر العجیب فی جلب الحبیب

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
khalidrathore.com
LuraTech
Document Processing Solutions

پبلشر و چیف ایڈیٹر

شائستہ خالد راٹھور

ایڈیٹر

خالد اسحاق راٹھور



فون

6374864 صرف شام 5 تا رات 8 بجے تک

**email / internet**

kirathor@pimail.com.pk

http://rehnuma-e-amalyat.webjump.com

آفس

مکان 2، گلی 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور



قیمت

فی شمارہ 20 روپے

زر سالانہ 230 روپے ــــ بیرون ملک 20 ڈالر

ترسیل زر

اندرون ملک بذریعہ منی آرڈر،

خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

بیرون ملک **For bank draft**
Khalid Ishaq Rathor, Account No.8735-6, National Bank of Pakistan, Civil Secretariat, Lahore, Pakistan
**Phone 92-42-6374864**

پبلشر و چیف ایڈیٹر شائستہ خالد راٹھور نے الامین ٹریڈرز پرنٹرز ۲۵ ملک جلال دین وقف گنپت روڈ سے چھپوا کر شائع کیا



وقت ملاقات

شام 5 تا رات 8 بجے صرف

جولائی | قیمت 20 روپے

جلد 3 | شمارہ 5

وقت کی پابندی کریں

ایڈیٹر ــــ خالد اسحاق راٹھور


ماہنامہ لاہور

# فہرست مضامین


| | | | |
|---|---|---|---|
| اپنی بات | ۲ | حاضری محبوب | ۳۰ |
| اعداد کی روشنی میں یہ ماہ | ۳ | روحانی تحائف | ۳۲ |
| ماھانہ حالات | ۵ | کلید اسرار | ۳۳ |
| کرشمہ قدرت | ۱۱ | برج سرطان | ۳۵ |
| وظیفہ حضرت یونس علیہ السلام | ۱۲ | آو ہمزاد سے باتیں کریں | ۳۹ |
| گرہن | ۱۴ | حب کے منتر | ۴۰ |
| کرشمہ رمل | ۱۵ | اوج شمس | ۴۱ |
| مفتاح الحب | ۱۹ | اسباق الاعداد | ۴۲ |
| راتوں رات کروڑ پتی | ۲۰ | شمس المعارف | ۴۴ |
| بحر الجفر | ۲۱ | اعمال زاہد | ۴۶ |
| طلسمات محبت | ۲۴ | السحر العجیب فی جلب الحبیب | ۴۷ |
| استخارہ | ۲۵ | کلمہ طیب | ۵۰ |
| علم الاعداد برائے خواتین | ۲۶ | نظرات | ۵۵ |
| آپ اور آپ کی صحت | ۲۸ | تقویم | ۵۶ |



free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

# اپنی بات

کبھی وقت کی تیز رفتاری اور کبھی جگہ کی تنگی کے باعث یہ موقع کم ہی ملتا ہے کہ آپ سے اس صفحے کے ذریعے رابطہ کیا جاسکے۔ گو قارئین کی اکثریت کی یہ رائے ہے کہ اس سلسلہ کو مستقل جاری رہنا چاہیے اس تمہید کے بعد اصل بات پر آتے ہیں۔

## 200 سالہ تقویم

آپ جانتے ہیں اور عملی طور پر محسوس بھی کرتے ہوں گے کہ راہنمائے عملیات کو دن بدن بہتر بنانے کے لیے ادارہ مسلسل کوشاں ہے۔ صرف مضامین کے معیار ہی کی بات نہیں میری کوشش رہی ہے کہ پرچے میں دیا جانے والا کوئی اور تقویمی حساب درست ترین ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ اس ماہ ادارہ دو اور اعزاز حاصل کر رہا ہے۔

اول: 200 سالہ راٹھور ایفامریز ( Rathor Ephemeris 1901 to 2100) بلحاظ یونانی۔

دوم: 200 سالہ راٹھور ایفامریز ( Rathor Ephemeris 1901 to 2100) بلحاظ ہندی۔

زائچہ بنانا اور کسی بھی روحانی عمل کو کرنے کے لیے درست کوکبی پوزیشن کی ہر عامل کو ضرورت ہوتی ہے تاہم اس سے قبل 200 سالہ تقویم قارئین کو دستیاب نہ تھی اور شائقین اس کے حصول کے لیے ایک دروازے سے دوسرے دروازے کے چکر لگاتے تھے۔ گو پچھلے سالوں کی یونانی تقویم تو کسی نہ کسی صورت میں دستیاب تھی مگر ہندی تقویم کا تو سرے سے تصور ہی نہ تھا۔ بہر حال کافی محنت کے بعد اللہ کے فضل سے میں اس پروجیکٹ میں کامیاب ہوا۔ اور اب ہر قاری کے لیے یہ کھولے عام دستیاب ہے۔

خیال رہے کہ یہ میری ذاتی تخلیق ہے اس لیے کاپی رائٹ (Copy Right) قوانین کے مطابق کوئی دوسرا فرد یا ادارہ اس کو شائع کرنے کا مجاز نہ ہے۔

قارئین بالکل معمولی فیس کے عوض 1901 تا 2001 کے عرصے کے دوران کسی بھی سال کی تقویم حاصل کر سکتے ہیں۔

## پرانی / قدیم کتب

قارئین کے لیے ایک اور خوشخبری یہ بھی ہے کہ ادارہ ہر ماہ ایسی کتب کی فہرست شائع کرنا چاہ رہا ہے جس کی کاپی قارئین معمولی معاوضے کے عوض حاصل کر سکیں۔ اس سلسلے میں کچھ عربی کا اشتہار آپ الگ سے اسی پرچے میں دیکھ سکتے ہیں۔ اگر قارئین بھی اپنی کتب اس سلسلے میں فروخت یا کاپی کے لیے پیش کرنا چاہیں تو کتب کی تفصیل ادارہ کو ارسال کر سکتے ہیں۔ پرانی کتب خریدنے کے خواہش مند بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگلے ماہ انشاء اللہ اردو اور انگلش کتب کی فہرست بھی دی جائے گی۔

## مصنف حضرات

پرچے کی لیے مضامین ارسال کرنے والے دوستوں سے درخواست ہے کہ وہ اپنے مضامین ایک ماہ ایڈونس ارسال کیا کریں۔ مضمون لائن دار کاغذ کے ایک طرف صاف ستھرا تحریر ہو۔ مضمون پہلے سے شائع شدہ یا کسی اور مضمون کا چربہ نہ ہو۔ قسط وار مضمون کی تین اقساط ارسال کریں۔ مضمون کی فوٹو کاپی قبول نہ ہو گی۔ کاپی اپنے پاس رکھیں اور اصل مضمون ادارے کو ارسال کریں۔

**جواب طلب امور کے لیے اپنا پتہ لکھا جوابی لفافہ ارسال کریں۔**

خالد اسحاق راٹھور

ایڈیٹر ماہنامہ راہنمائے عملیات

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

# آپ کا ماہ

## جولائی

## علم اعداد کی روشنی میں

از: خالد اسحاق راٹھور

یوں تو آپ ہر ماہ پیش آمدہ واقعات کے بارے میں علم نجوم کی روشنی کو یہاں پڑھتے ہیں۔ تاہم اب آپ اعداد کے ذریعے بھی فطرت کے رازوں کو جانتے ہوئے آمدہ ماہ کے حالات سے باخبر ہو سکتے ہیں۔۔۔۔ اعداد کی روشنی میں حالات جاننے کے لیے دو طریقے مفید ہیں۔ اول آپ کی تاریخ پیدائش کا جو مفرد عدد ہے۔ وہی آپ کا ذاتی عدد ہے۔ اس کے تحت دیئے گئے حالات ماہ روں کے لیے آپ پر لاگو ہوں گے۔۔۔۔ دوسرا طریقہ ذاتی عدد معلوم کرنے کا یہ ہے کہ نام کا مفرد عدد معلوم کر لیں۔ یہی آپ کا ذاتی عدد ہو گا اور اس کے تحت آپ اپنے حالات معلوم کریں۔ تاہم جن لوگوں کو درست تاریخ پیدائش معلوم ہے ان کے لیے پہلا طریقہ زیادہ مفید ثابت ہو گا۔

**تاریخ پیدائش کا عدد معلوم کرنا:**

تاریخ پیدائش 11-11-1911

مفرد عدد = 1+1+1+1+1+9+1+1

=16=1+6=7

**نام کا مفرد عدد:**

نام: اک ب د

اعداد: 1+2+2+2

=7

**جدول**

| | |
|---|---|
| ا، ی، ق، غ | 1 |
| ب، ک، گ، ر، ز | 2 |
| ج، چ، ل، ش | 3 |
| د، ڈ، م، ت، ٹ | 4 |
| ہ، ن، ث | 5 |
| و، س، خ | 6 |
| ز، ژ، ع، ذ | 7 |
| ح، ف، ض | 8 |
| ط، ص، ظ | 9 |

### عدد ایک(1) کے حاملین کے لیے ماہ جولائی

اس ماہ گھریلو معاملات پر خصوصی نظر رکھیں۔ کوشش کریں کہ زیادہ بگاڑ اور الجھاؤ پیدا نہ ہو۔ دوستوں یا رشتے داروں کے ایسے مشورے جو جھگڑے کو بڑھانے کا باعث ہوں۔ قانونی چارہ جوئی کا باعث ہوں گے۔ کاروبار اور دفتری معاملات میں زیادہ وقت صرف کریں' محنت زیادہ کرنا پڑے گی ورنہ معاملات روزگار میں کچھ نہ کچھ مسائل پیدا ہوتے رہیں گے۔ ریس اور لاٹری جیسے کام مفید ثابت ہوں گے یا ایسے تمام کام اور طریقے جن سے غلط' ناجائز یا حرام کا روپیہ ہاتھ لگنے کے امکان ہوں سے فائدہ ہونے کا امکان ہے۔ کاروبازری افراد اور نوکری میں اچھی پوزیشن کے حصول کے طالبوں کو اس وقت جگہ کی تبدیلی یا کسی دوسری جگہ رابطہ یا ٹرانسفر فائدہ دے گی۔ عدالتی کارروائی سے بچیں ورنہ نقصان ہو گا۔

### عدد دو( 2)کے حاملین کے لیے ماہ جولائی

یہ ماہ اس لحاظ سے آپ کے لیے خوشگوار ثابت ہو گا کہ آپ کو پسند کی جگہ شادی یا رشتہ طے کرنے کا موقعہ ملے گا۔ گھریلو اور ازدواجی خوشی کا حصول ہو گا۔ یہ وقت مادی اور کاروباری حوالے سے بھی کامیابی لے کر آئے گا۔ خصوصاً ترقی کرنے کے لیے نئی سوچ اور نئے راستے مفید ثابت ہوں گے۔ ذہانت اور دماغی صلاحیتوں میں اضافہ ہو گا اور ان سے کام لینے کے مواقع ملیں گے۔ نئی اور توانائی سے بھرپور سوچ مادی راستے پر کامیابی دے گی۔ ہاں اس وقت دوسرے لوگوں خصوصاً دوستوں کے ساتھ اپنے تعلقات کے حوالے سے محتاط رہیں۔ ان کے مشورے اور چالیں آپ کے حق میں بہتر نہ ہوں گی۔ اگر آپ ان سے محتاط نہ ہوئے تو پھر ان سے نقصان ضرور اٹھائیں گے۔ ریس جوا اور ایسے کاموں سے باز رہیں۔ ملازمت میں ترقی کا امکان ہے۔

### عدد تین (3) کے حاملین کے لیے ماہ جولائی

اس ماہ کامیابی کے حصول کا ایک طریقہ ہی بہتر ثابت ہو سکتا ہے۔ اور وہ ہے تبدیلی' آپ جو بھی کام کرتے ہیں نوکری پیشہ ہیں اگر ترقی کرنے اور آگے بڑھنے کے خواہش مند ہیں تو پھر نئے منصوبے اور طرز کار کو اختیار کریں۔ تبدیلی آپ کو کامیابی کی راہ پر گامزن کرے گی۔ مادی خوشحالی اپنی جگہ اہم ہے۔ مگر بہتر ہو گا کہ ازدواجی اور گھریلو امور پر بھی حسب ضرورت توجہ دیں ورنہ اس حوالے سے مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں۔ جائداد کی خرید و فروخت یا ایسے لوگوں سے رابطہ اور تعلق جو ایسا کام کرتے ہیں آپ کے لیے مفید ثابت ہو گا۔ اس کا خاص مشورہ یہ ہے کہ جنس مخالف سے محتاط رہیں یہ راستہ ایسا ہے جو عمومی طور پر اور گھریلو حوالے سے خصوصاً مخالفت اور مسائل لائے گا۔ ہاں باقاعدہ شادی کے لیے یہ وقت موزوں ہے۔

### عدد چار(4) کے حاملین کے لیے ماہ جولائی

یہ ماہ ملے جلے اثرات کا اظہار کر رہا ہے۔ کیونکہ کچھ حوالے سے بہتر اور کچھ سے خطرہ محسوس ہو رہا ہے۔ اس ماہ آگ' بجلی اور گیس وغیرہ جیسے آتشی امور سے دور اور محتاط رہیں۔ کسی بھی طور پر رسک نہ لیں۔ صرف ذات

نجوم' پامسٹری' اعداد' جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

ہی کو نقصان کا خطرہ نہیں بلکہ گھر یا دوکان یا دفتر کو بھی با حفاظت رکھنے کے انتظام کریں۔ سڑک اور گاڑی کا استعمال بھی خوب دیکھ بھال کر کریں۔ یہ ماہ اس حوالے سے بہتر ہے کہ آپ کو اپنے مخالفوں اور رقیبوں پر کامیابی حاصل ہو گی۔ وہ اپنے منصوبوں میں ناکام اور آپ کے زیر اثر آجائیں گے مادی اور معاشی لحاظ سے یہ ماہ آپ کے لیے بہتر خبریں لے کر آئے گا۔ اپنی جدوجہد جاری رکھیں۔ بہتر حالات سے واسطہ رہے گا۔ ریس' لاٹری اور بانڈ جیسے کاموں میں کامیابی کا امکان ہے۔

## عدد پانچ (5) کے حاملین کے لیے ماہ جولائی

اس ماہ بہت سی تشنہ خواہشات کی تکمیل ہو سکے گی۔ پُر امید رہیں معاملہ چاہے گھریلو ہو یا کاروباری معاملات حسب منشا طے ہوں گے۔ وہ لوگ جو تعلیمی شعبے سے منسلک ہیں یا طالب علم ہیں ہر دو کے لیے یہ وقت خوش گوار واقعات اور نتائج سامنے لائے گا۔ اس نمبر کے تحت افراد میں سے بے روزگار افراد کے لیے یہ وقت نئی روزگار یا نوکری کے مواقع لے کر آئے گا۔ یوں مادی لحاظ سے یہ وقت کامیابی اور کئی سمتوں میں بہتری لائے گا۔ شادی شدہ افراد اپنے ازدواجی معاملات میں محتاط رہیں بد مزگی کا اندیشہ ہے۔ کو اس عرصے کے دوران جنس مخالف سے تعلق و ربط کی بھی علامات ملتی ہیں۔ صحت کے معاملات میں محتاط رہیں لاپرواہی مرض کی شدت میں اضافے کا باعث بن سکتی ہے۔

## عدد چھ (6) کے حاملین کے لیے ماہ جولائی

وہ لوگ جو حصص' جوا اور لاٹری جیسے کاموں میں ملوث ہیں ان کے لیے وقت معمولی توجہ سے بہتر نتائج لا سکتا ہے۔ بہت ممکن ہے اس ماہ ایسے لوگوں سے ملنے کا اتفاق ہو جو معاشرے میں معزز اور محترم مقام کے حامل ہیں۔ بالیقین یہ لوگ آنے والے دنوں میں آپ کے لیے خوش بختی کا باعث بنیں گے۔ وہ غیر شادی شدہ افراد جو شادی یا منگنی یا ازدواجی بندھن کے خواہش مند ہیں ان کے لیے خوشی کی خبر ہے۔ اس ماہ کافی امکانات ہیں کہ وہ اس پنجرے میں کسی نہ کسی طور داخل ہو جائیں گے۔ یوں یہ ماہ شادی شدہ افراد کو بھی ازدواجی لحاظ سے خوشی دینے کا باعث ہو گا۔ گھر اور مال کی حفاظت کو خاص طور پر مد نظر رکھیں۔ چوری اور آگ سے خطرہ ہے۔ مالی اور مادی لحاظ سے اچھا وقت ہے اور کامیابی کا حصول ہو گا۔

## عدد سات (7) کے حاملین کے لیے ماہ جولائی

اس ماہ کا سب سے اہم سبق یہ ہے کہ معاملات کو بااحسن طریقے سے طے کرنے کی کوشش کریں۔ معاملات اور مسائل کا حل کسی بھی صورت لڑائی جھگڑے میں نہیں ملے گا بلکہ اس سے معاملات زیادہ بگڑتے جائیں گے۔ اس ماہ والدین کے ساتھ بد مزگی اور جھگڑا پیدا ہونے کا امکان ہے۔ صرف یہی نہیں کاروبار میں مندہ در پیش ہو گا اور یہاں بھی بد مزگی کا سامنا ہو گا۔ کاروبار کو ترقی دینے کے لیے حرکت کرنا اور نئے گاہک تلاش کرنا مفید ثابت ہو گا۔ ریس جوا اور لاٹری جیسے امور مفید ثابت ہوں گے۔ شریک حیات کی صحت کا خصوصی خیال رکھیں۔ دوسرے معاملات میں الجھ کر اگر اس سے صرف نظر کیا اور ذہنی تناؤ میں مزید اضافہ ہو گا۔ گھبراہٹ کا شکار نہ ہوں آنے والا وقت کامیابی لائے گا۔

## عدد آٹھ (8) کے حاملین کے لیے ماہ جولائی

حصول آمدن کے لیے ناجائز ذرائع آمدن کی طرف متوجہ ہو سکتے ہیں۔ آمدن کم خرچ زیادہ۔ آپ کے لیے اہم مشورہ یہ ہے کہ قرض لینے سے باز رہیں۔ ورنہ یہ دنیا میں آپ کا سب سے بڑا دشمن ثابت ہو گا۔ اس کی وجہ سے جو مسائل پیدا ہوں گے۔ ان کا آپ کو ابھی اندازہ نہ ہے۔ مادی' مالی اور معاشی حالت میں بہتری کے لیے ان تھک محنت پر کمر باندھ لیں۔ یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ کامیابی نہ ہو گی مگر یہ بات یقینی ہے کہ بلا محنت بلکہ سخت محنت اور مشقت کے بغیر معاشی پوزیشن میں مستقل بہتری نہ ہو گی۔ اس ماہ ساتھ کام کرنے والے افراد اور ہمسائیوں سے محتاط رہیں ان کی طرف سے مسائل کے پیدا ہونے کی قوی امید ہے۔ کسی سے معاملات محبت کی ابتداء ہو سکتی ہے۔ انجام کیا ہو گا؟ ابھی صبر کریں۔

## عدد نو (9) کے حاملین کے لیے ماہ جولائی

وہ لوگ جو ملازمت کے متلاشی تھے۔ نئے سرے سے جدوجہد کریں۔ ضروری نہیں کہ حکومت کی طرف ہی دیکھیں۔ اتنی بڑی دنیا ہے۔ آپ بھی اپنے حصے کا رزق تلاش کر لیں گے۔ انشاء اللہ۔ صاحب حیثیت لوگ اس وقت جائیداد اور دیگر اثاثوں کی خرید پر توجہ دیں۔ بہتر ثابت ہوں گے۔ تعلیمی اور سوشل ورک سے متعلق لوگوں کو کامیابی ملنے اور آنے والے وقت میں ان امور میں حصول مرتبہ کی نشاندہی ہوتی ہے۔ صحت کے معاملات پر توجہ دیں اور لاپروائی نہ کریں۔ سفر کئی حوالوں سے اس ماہ منافع بخش ثابت ہو گا۔ صرف روزگار ہی نہیں ازدواجی تعلقات اور جنس مخالف سے بہتر تعلقات اور پیار و محبت پیدا کرنے کے لیے بھی یہ سفر مفید اور خوشی کا باعث ہو گا۔

راہنمائے عملیات کے بارے میں اپنی رائے اور تجاویز ضرور ارسال کریں۔ آپ کی آرا کا منتظر
خالد اسحاق راٹھور

نجوم' پامسٹری' اعداد' جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

غور کرنا چاہیے اور آپ اس کی بہتری کے لیے پلاننگ کریں گے اس کے لیے 16 تاریخ کا دن بھی کافی اہم رہے گا۔ آپ کچھ جذباتی پن کا مظاہرہ بھی کریں گے۔ جو کہ ایسے موقع پر نہیں کرنا چاہیے۔

24-31

اس ہفتے کے شروع ہونے تک سیارہ زہرہ آپ کے لیے بہتری کی راہ ہموار کرے گا لوگوں کی کشش آپ کو اپنی طرف متوجہ کرے گی اس ہفتے میں 25,24 اور 31 تاریخیں آپ کے لیے سعد ہیں اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 7'4'1 ہیں۔ انعامی سکیموں کے لیے آپ ان سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔

**ماہ جولائی**

# ماھانہ حالات

## علم نجوم کی روشنی میں

از: شہباز انجم۔

| برج حمل | 21 مارچ تا 20 اپریل |
|---|---|
| سیارہ | مریخ |
| حروف | ا، ل، ع، ی |

1-8

برج حمل کے تحت آنے والے افراد کو جولائی کے مہینے میں برج اسد، برج عقرب اور برج دلو کے تحت آنے والے افراد متاثر کریں گے اور اس ہفتے کی 7'6 اور 8 تاریخیں آپ کے لیے زیادہ بہتر نہ ہونگی ان دنوں میں کچھ پریشانی کے اثرات نمایاں دکھائی دیتے ہیں۔ شاید یہی وجہ ہوگی کہ آپ کی کئی کوششیں رائیگاں جائیں گی۔ برج حمل کے حامل افراد گھریلو امور سے باہر توجہ دیں گے۔

9-15

اس ہفتے میں قمر برج عقرب میں داخل ہو جائے گا اس لیے 10 اور 11 تاریخوں کو گھر والوں سے لین دین کے معاملات میں تلخی پیدا ہوگی اور پریشانی آپ کا در دسر بنے گی اور آپ نا چاہتے ہوئے بھی کئی قسم کی معاملات میں الجھ جائیں گے آپ کے لیے بہتر ہوگا کہ آپ کسی سرخ رنگ کی چیز کا صدقہ دیں تاکہ پریشانیوں میں کمی واقع ہو۔

16-23

اس ہفتے میں 16'21'22'23 تاریخیں آپ کے حالات میں کافی قسم کی تبدیلیاں لے کر آئیں گی اگر آپ چاہیں تو آپ کو ذرائع آمدن کی طرف

| برج ثور | 21 اپریل تا 20 مئی |
|---|---|
| سیارہ | زہرہ |
| حروف | ب |

1-8

برج ثور کے تحت آنے والے افراد کے لیے برج جدی اور برج سرطان کے تحت آنے والے افراد کافی اہمیت کے حامل ہونگے۔ چونکہ برج جدی بھی آپ کی طرح ایک خاکی برج ہے اور اس کا حاکم سیارہ زحل برج ثور میں موجود ہے جو آپکو چند ایک کاموں میں انتہائی مدد پہنچائے گا جیسے زمین جائیداد کی خرید و فروخت اور مستقبل کے بارے میں بہتر لائحہ عمل تیار کرنے کا اور ٹھنڈے دماغ سے سوچنے کا موقع دے گا۔

9-15

اس ہفتے میں آپ کے قریبی جاننے والوں کی وجہ سے آپ کی ازدواجی زندگی متاثر ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ کاروباری افراد کے لیے بھی یہ بات حیران کن ہوگی کہ وہ اپنی شراکت کو زیادہ دیر چلتا ہوا نہیں دیکھ رہے ہونگے بہر حال اس ہفتے آپ کی کارکردگی بہتر رہے گی۔ 10'11 اور 12 تاریخیں اہم کاموں کو سرانجام دینے میں اہم رول ادا کریں گی۔

16-23

اس ہفتے میں آپ کو عزت و وقار کی طرف سے کچھ پریشانی آسکتی ہے بعض لوگ آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کریں گے لیکن آپ انہیں

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

کامیاب نہ ہونے دیں گے اور یہ فائدہ آپ کو سیارہ زحل دے گا جو کہ آج کل ایک ثلث برج میں ہے۔ قانونی کاروائیوں سے وابستہ امیدیں 17 تاریخ کے بعد پوری ہونگی اور لوگوں سے کی گئی بات چیت فائدہ دے گی کیونکہ سیارہ عطارد استقامت میں آئے گا۔

24-31

اس ہفتے میں 25 تاریخ کو قمر برج ثور میں داخل ہوگا جو کہ ہلکی تبدیلی کی ترجمانی کرتا ہے ممکن ہے اب آپ عملی کاموں کی طرف آنے کی کوشش کریں اور کامیابی سے ہمکنار ہوں اس ہفتے میں 24'25'26 اہم تاریخیں ہیں اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 2'4'6 ہیں جو آپ کو فائدہ دیں گے۔

| | |
|---|---|
| برج جوزا | 31 مئی تا 20 جون |
| سیارہ | عطارد |
| حروف | ک، ق |

1-8

برج جوزا کے حامل افراد کے لیے جولائی کے مہینے میں برج قوس اور ان کے اپنے ہی برج کے حامل افراد فائدہ کا باعث بنیں گے اور آپ کی شخصیت پر حیران کن اثرات مرتب کریں گے۔ ان کے ساتھ مل کر آپ مالی فائدہ بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ خاص طور پر 2 اور 3 تاریخ کا دن خاصی اہمیت کا حامل ہوگا۔ 5 تاریخ کا دن بھی تبدیلی کا مظہر ہوگا۔

9-15

اس ہفتے میں 10'11'12'13'14 تاریخوں کے دن آپ کے لیے زیادہ بہتر نہ ہونگے۔ ان دنوں میں آپ کو اپنی مصروفیات کو کم کرنا ہوگا۔ اس ہفتے کے آخری دنوں میں سفر کرنا آپ کے لیے مناسب نہ ہوگا خاص طور پر ملازمت کے حصول کے لیے دوستوں کا تعاون بہتری لے کر آ سکتا ہے اور آمدن میں بھی بہتری متوقع ہے۔ آسائشات پر اخراجات ہو سکتے ہیں۔

16-23

اس ہفتے میں 23 تاریخ کا دن آپ کی امیدوں کو پورا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ قمر، برج حمل میں ہوگا جو کہ اچانک کوئی تبدیلی بھی لے کر آ سکتا ہے۔ جس کا تعلق مالی حالات اور ملازمت سے بھی ہو سکتا ہے۔ صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں، کام کی زیادتی آپ کی صحت کو خراب کر سکتی ہے۔

24-31

یہ ہفتہ آپ کے لیے خاصا بہتر ہوگا۔ 27'28'29 تاریخ کے دن آپ کے لیے بہتر ہیں۔ آپ کو نئی قسم کی پلاننگ کرنے کا موقع ملے گا۔ ایک سے زیادہ کاموں کی طرف رجحان ہوگا۔ اس ہفتے میں آپ کے لکی نمبر 3'6'9 ہیں ان سے آپ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ انعامی سکیموں کے لیے بھی بہتر رہیں گے۔

| | |
|---|---|
| برج سرطان | 21 جون تا 20 جولائی |
| سیارہ | قمر |
| حروف | ح، ہ |

1-8

برج سرطان کے تحت آنے والے افراد کے لیے برج عقرب اور برج ثور کے حامل افراد کافی بہتری لے کر آئیں گے اور لوگوں کے ساتھ وابستہ امیدیں کافی حد تک پوری ہونگی اس ہفتے کی 1'2'4 تاریخیں کافی اہم ہیں۔ اس ماہ میں آپ کو کئی معاملات کو از سر نو پلاننگ کرنے کا موقع ملے گا۔ بہت سے کاموں کی طرف رجحان آپ کو خاصا پریشان کرے گا۔

9-15

اس ہفتے کی 13 اور 14 تاریخیں اہم ہونگی۔ آپ پکے ارادوں سے آگے بڑھنے کی کوشش کریں گے۔ ازدواجی معاملات کے لحاظ سے یہ مہینہ کچھ سرد مزاجی لے کر آئے گا۔ شریک حیات اور پارٹنر شپ سے وابستہ امیدیں پوری ہوتی دکھائی نہیں دیتیں بلکہ کسی نوع کی منفی صورتحال سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے اس لیے کسی نئی جگہ پر سرمایہ کاری کرتے وقت دھیان رکھیں۔

16-23

اس ہفتے کی 16'17 تاریخیں بہتر نہ ہونگی۔ کچھ مفاد پرست لوگوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ جو کہ آپ کو اپنے مقصد کے لیے استعمال کریں گے اور آپ کی شہرت سے بھی فائدہ حاصل کرنے کے لیے آپ کے ساتھ چلیں گے۔ 23 تاریخ کو قمر برج حمل میں آئے گا اور کاروباری امور میں تبدیلی لے کر آئے گا۔

24-31

اس ہفتے میں 24'28'29'30'31 تاریخیں فائدہ لے کر آئیں

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

کی۔ ستارہ شمس برج اسد میں ہو گا جس کی وجہ سے آپ کی آمدن میں اضافہ ممکن ہے اور اچانک مالی حالات میں تبدیلی بھی رونما ہو گی۔ اس ہفتے میں 1 نمبر آپ کے لیے لکی ثابت ہو سکتا ہے۔ انعامی سکیموں میں یہی نمبر استعمال کریں۔

| | |
|---|---|
| برج اسد | 21 جولائی 20 اگست |
| سیارہ | شمس |
| حروف | م |

1-8

برج اسد کے تحت آنے والے افراد کے لیے برج جوزا اور برج سنبلہ کے تحت آنے والے افراد اہم کاموں کی انجام دہی میں پیش پیش ہوں گے۔ ماہ کے شروع میں یہ کچھ اخراجات بھی کروا سکتے ہیں لیکن ان لوگوں سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی۔ خاص طور پر نصف ماہ کے بعد۔ 2'3'4'5 تاریخ بہتر ہو نگی۔ ان دنوں میں آپ کو کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا ہو گا۔

9-15

اس ہفتے میں سیارہ زہرہ برج اسد میں آئے گا آپ کی طبیعت میں آسائش پسندی' لوگوں کے ساتھ ملنساری کا جذبہ' میوزک' آرٹس اور جنس مخالف کی طرف توجہ مبذول ہو گی۔ قریبی جاننے والوں اور کاروباری امور کی طرف خاص طور پر دھیان دینا ہو گا لیکن آپ کو اپنے اخراجات پر 14 تاریخ تک کنٹرول رکھنا ہو گا۔ 12 تاریخ بھی اہم ہو گی۔

16-23

اس ہفتے میں آپ کے حالات کچھ بہتر رہنے کی صورت دکھائی نہیں دیتی۔ لگتا ہے جیسے آپ ازدواجی مشکلات اور صحت اور شراکتی امور کی وجہ سے پریشان ہو سکتے ہیں۔ 16'17'18'19 تاریخیں بہتر نہ ہونگی۔ ان دنوں میں کسی نئے کام کی ابتداء مت کیجئے گا ممکن ہے وہ پایہ تکمیل تک نہ پہنچ سکے۔

24-31

اس ہفتے کی 30'31 تاریخیں اہم ہو نگی۔ سیارہ قمر اپنا چکر پورا کر کے پھر برج اسد میں آئے گا اور آپ کے حالات بدلنے میں کامیاب ہو چکا ہو گا۔ اس ہفتے میں آپ کے لکی نمبر 2'3'5 ہیں۔ اگر آپ انعامی سکیموں میں حصہ لیں تو ان کی مدد سے کامیاب ہو سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج سنبلہ | 21 اگست تا 20 ستمبر |
| سیارہ | عطارد |
| حروف | پ، غ |

1-8

برج سنبلہ کے تحت آنے والے افراد کے لیے برج میزان اور برج ثور کے تحت آنے والے افراد دوسرے لوگوں سے وابستہ امیدوں' آمدن اور سفر سے متعلق کاموں میں فائدہ دیں گے۔ اس ہفتے کی 2'4'5'6 تاریخیں فائدہ دے سکتی ہیں لہذا ان دنوں میں آپ اپنی مالی پوزیشن کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔

9-15

اس ہفتے میں 11 تاریخ کو اندرون ملک سفر کرنا مناسب نہ ہو گا۔ ہمسائے قریبی رشتہ دار اہم رول ادا کریں گے۔ اس ماہ میں اگر آپ کوشش کریں تو آپ عمر سے بڑے افراد سے کافی کام نکلوا سکتے ہیں بہتر ہو گا کہ آپ کچھ چالاکی سے کام لیں۔ 14 تاریخ کے بعد حالات میں کچھ تبدیلی آئے گی اور یہ تبدیلی منفی رخ بھی اختیار کر سکتی ہے۔

16-23

اس ہفتے میں 19'20'21'22 تاریخیں آپ کی کارکردگی کو کچھ متاثر کریں گی۔ ملازمت میں کوئی تبدیلی آئے گی لیکن اس تبدیلی کی تکمیل تک آپ کو کوشش کرنا ہو گی۔ آپ کے دوست آپ کی توقعات پر پورا نہ اتریں گے اور آپ کے حالات کو بہتر بنانے میں بھی آپ کی مدد نہ کریں گے۔

24-31

اگر آپ کسی دوسری جگہ جائیداد خریدنے کی کوشش کر رہے ہیں یا حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو اس میں کامیابی حاصل ہو گی۔ بیرون ملک سفر کے معاملات میں التواء آئے گا اور کئی دفعہ معاملہ بنتے بنتے رہ جائے گا۔ اس میں آپ کی عزت شہرت پر حرف آ سکتا ہے۔

| | |
|---|---|
| برج میزان | 21 ستمبر تا 20 اکتوبر |
| سیارہ | زہرہ |
| حروف | ر، ت، ط |

1-8

برج میزان کے حامل افراد کے لیے جولائی کے مہینے میں برج

نجوم' پامسٹری' اعداد' جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy khalidrathore.com UniTech Document Processing Solutions

حوت اور برج سنبلہ کے تحت آنے والے افراد آپ کو اپنی طرف متوجہ کیے بغیر نہ رہ سکیں گے اور آپ کی اپنی شخصیت کا سحر بھی اُن پر چھایا رہے گا۔ حوت افراد صحت کے معاملات اور ملازمت میں مددگار ثابت ہونگے۔ اس ہفتے میں اہم تاریخیں 8'7'6'1 ہیں جو نئے کاموں کی طرف رجحان پیدا کریں گی۔ اور آپ عزت و وقار میں اضافے کے لیے آگے بڑھیں گے۔

9-15

اس ہفتے میں 10 اور 11 تاریخوں کو مالی فائدے کے حصول کے لیے سفر کرنے میں مشکلات پیش آسکتی ہیں اس لیے پہلے کسی چیز کا صدقہ خیرات لازمی کریں۔ کھانے پینے کی اشیاء میں ترش چیزیں نقصان دے سکتی ہیں۔ سیارہ زہرہ 14 تاریخ کو برج اسد میں آجائے گا اور پُر آسائش زندگی گزارنے کی خواہش جنم لے گی یاد رہے کہ یہ آپ کی توجہ جنس مخالف کی طرف بھی لے کر جائے گا۔ یورینس اور نپ چون کی زہرہ سے مقابلہ کی نظر رہے گی ایسے دوستوں سے احتیاط کریں۔

16-23

اس ہفتے کی 23'22'21'19 تاریخیں بہتر ہیں آپ کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہونگی چونکہ 17 تاریخ کو سیارہ عطارد استقامت میں آجائے گا اور برج سرطان میں اپنا پھل دینا شروع کردے گا اور اُس وقت سرطان کا حاکم سیارہ قمر برج جدی میں کیتو کے ساتھ مقیم ہوگا اور گھریلو امور میں مثبت تبدیلی آئے گی حالات سازگار ہونا شروع ہوجائیں گے۔

24-31

اس ہفتے کی 24 اور 28 تاریخیں بہتر ہیں ازدواجی معاملات میں دلچسپی ظاہر ہوتی ہے۔ آپ کو کسی مذہبی مقام کا سفر بھی پیش آسکتا ہے جو کہ آپ کے لیے قلبی سکون اور راحت کا باعث بنے گا۔ اس ماہ میں آپ کے لیے لکی نمبر 7'5'3 ہیں ان سے آپ انعامی سکیموں سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج عقرب | 21 اکتوبر تا 20 نومبر |
| سیارہ | پلوٹو / مریخ |
| حروف | ظ، ذ، ض، ز، ن |

1-8

برج عقرب کے حامل افراد کے لیے جولائی کے مہینے میں برج

جدی اور برج سرطان کے تحت آنے والے افراد اہم کاموں کو سرانجام دینے میں مدد دیں گے بلکہ اندرون بیرون ملک سفر کرنے کے شائقین کو یہ خاصہ فائدہ دے سکتے ہیں۔ ہمسائے اور قریبی رشتے دار ازدواجی معاملات میں اور شراکتی امور میں گڑبڑ کریں گے شاید کچھ مشکلات آجائیں اُس سے پہلے احتیاط لازم ہے۔

9-15

اس ہفتے میں 12'11'10'9 تاریخیں اہم ہیں۔ ان تاریخوں میں آپ ایک سے دوسری جگہ منتقل ہونگے۔ 14 تاریخ کے بعد آپ کو لوگوں سے بات چیت کرنے سے معاملات کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔ آپ کی عمر سے بڑے افراد آپ کو فائدہ دیں گے اور بیرون ملک سفر کرنے میں بھی آپ کی مدد کریں گے شراکتی امور سے بھی آپ کو فائدہ ہوگا لیکن فائدے کا حصول کافی محنت کے بعد ہوگا۔

16-23

سیارہ زہرہ برج اسد میں آئے گا اور باپ سے فائدہ ملے گا اور کاروباری معاملات میں مدد ملے گی لیکن برج سرطان میں سیارگان شمس، عطارد، مریخ، راہو کی موجودگی یکدم حالات کو بدلنے میں رکاوٹ لے کر آئیں گے۔ لیکن یہ رکاوٹ وقتی ہوگی۔ 24'23'18 تاریخیں بہتر ہونگی۔

24-31

اس ہفتے میں 27'26'25'24 تاریخیں آپ کو مستقبل کے بارے میں سوچنے پر مجبور کردیں گے۔ کاموں میں التواء آپ کو پریشان کرے گا لیکن جونہی برج سرطان سے سیارگان نکلنا شروع ہوجائیں گے پریشانی کم ہو گی۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 8'2'1 ہیں ان سے آپ کو فائدہ ہو سکتا ہے۔

| | |
|---|---|
| برج قوس | 21 نومبر تا 20 دسمبر |
| سیارہ | مشتری |
| حروف | ف |

1-8

برج قوس کے حامل افراد کے لیے جولائی کے مہینے میں برج حمل اور برج میزان کے تحت آنے والے افراد آپ پر اپنے اثرات چھوڑیں گے اور آپ لوگوں کی توجہ کا مرکز بنیں گے۔ آپکی شخصیت کا سحری اثر لوگوں کو مغلوب

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کردیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

کرے گا اور آپ لوگوں کے ساتھ پیار و محبت سے آگے بڑھیں گے۔ اس ہفتے میں 2'3 اور 8 تاریخیں اہمیت کی حامل ہونگی۔

9-15

یہ ہفتہ آپ کا خاصا مصروف گزرے گا۔ اس ہفتہ میں پارٹنر شپ کا موقع بھی مل سکتا ہے ممکن ہے آپ کو کسی جگہ سرمایہ کاری کا موقع بھی مل جائے۔ اس ہفتے میں آپ کے لیے بہتر تاریخیں 10'11'12'13 ہیں۔ ان تاریخوں میں ازدواجی معاملات کا اشارہ بھی ملتا ہے۔ 14 تاریخ کو زہرہ برج اسد میں آئے گا۔ آپ کی امیدیں پوری ہونگی اور ملازمت کے حصول کے لیے کی گئی کوششوں میں کامیابی ملے گی صحت بہتر ہو گی۔

16-23

یہ ہفتہ کچھ تبدیلیوں کا مظہر ہو گا خاص طور پر اس وقت جب سیارہ زہرہ استقامت میں آئے گا تو آپ کے الجھے ہوئے معاملات بہتر ہونا شروع ہو جائیں گے ایسے موقع پر اگر آپ نئے سرے سے بات چیت کریں تو اور بھی فائدہ لے سکتے ہیں۔ آدھا ماہ گزرنے کے بعد زہرہ بھی اپنا پھل شروع کر دے گا اور دلی سکون ملے گا۔

24-31

اس ہفتے میں قمر اور زحل برج ثور میں اکٹھے ہونگے جو کہ ایک ثابت برج ہے اس وجہ سے آپ کے کچھ کام رک جائیں گے وقتی طور پر 26'27'28'29 تاریخیں آپ کے لیے زیادہ بہتر نہ ہونگی۔ اس مہینے میں آپ کے لکی نمبر 1'2'8 ہیں ان سے آپ انعامی سکیموں میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج جدی | 21 دسمبر تا 20 جنوری |
| سیارہ | زحل |
| حروف | ج، خ، گ |

1-8

برج جدی کے تحت آنے والے افراد کو برج اسد اور برج عقرب کے لوگ جولائی کے مہینے میں اپنے اثرات سے متاثر کریں گے۔ برج اسد کے ساتھ آپ کے تعلقات زیادہ تر حساب کتاب سے متعلقہ امور کے ہونگے۔ اور سرمایہ کاری سے متعلقہ امور پر غور کریں گے اور برج عقرب کے ساتھ کاروباری معاملات اور فلاح و بہبود کے کاموں کے متعلق ہونگے۔ ممکن ہے

اس مہینے آپ کو گورنمنٹ سے واسطہ پڑے اہم تاریخیں 1'2 اور 7 ہیں۔

9-15

اس ہفتے میں 10 اور 11 تاریخوں کو قمر برج عقرب میں رہے گا جو ازدواجی امور اور پارٹنر شپ جیسے معاملات میں آپ کو کچھ خاطر خواہ فائدہ نہ دے گا۔ بلکہ اچانک تبدیلی لا سکتا ہے۔ اس لیے اس مہینے میں آپ کو چاہیے کہ ان معاملات سے متعلق کوئی بھی اہم فیصلہ نہایت سوچ سمجھ کر کریں یہ نہ ہو کہ بعد میں آپ کو پچھتانا پڑے کیونکہ یہ مہینہ شریک حیات سے تعلقات خراب کرئے گا اور بعض لوگوں سے نئے سرے سے تعلقات بنائے گا۔ اہم تاریخیں 14 اور 15 ہیں۔

16-23

اس ہفتے میں 16 تاریخ کا دن آپ کے لیے اہم ہو گا۔ اس دن آپ کی شدید خواہش ہو گی کہ آپ جو بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ آج ہی کے دن حاصل کر لیں لیکن شاید ایسا نہ ہو سکے۔ 17 تاریخ کا دن بھی اہم ہو گا۔ چونکہ قمر کیتو کا ساتھ چھوڑ کر یورینس اور نیپچون کے ساتھ پہنچے گا اور ایک دو دنوں میں مالی حالات میں کوئی تبدیلی رونما ہو جائے گی۔

24-31

اس ہفتے میں 29 اور 30 تاریخوں کے دن اہم ہیں چونکہ قمر برج سرطان یعنی اپنے ہی برج میں ہو گا اور نہایت اہم ہو جائے گا اور پوری طرح آپ کے حالات کو نہ بدل سکے گا کیونکہ سیارہ راھو بھی ساتھ ہو گا جو کہ نحوست کی وجہ سے مشہور ہے شاید اسی لیے اپنے اثرات منفی طور پر مرتب کرے۔ اس لیے ان تاریخوں میں کوئی جذباتی فیصلہ وغیرہ نہ کریں ورنہ مشکل آ سکتی ہے۔

| | |
|---|---|
| برج دلو | 21 جنوری تا 20 فروری |
| سیارہ | یورانس / زحل |
| حروف | س، ش، ث |

1-8

برج دلو کے تحت آنے والے افراد کے لیے جولائی کے مہینے میں برج جدی اور سرطان کے حامل افراد نمایاں ہونگے جو کہ مختلف شعبہ زندگی میں آپ کے سامنے آئیں گے۔ اس ہفتے میں 1'2'3'4 اور 6 تاریخیں اہمیت کی

نجوم 'پامسٹری' اعداد' جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

حامل ہونگی۔ اس ماہ میں آپ کو گھر کی تعمیر اور زمین جائیداد کی خرید و فروخت میں فائدہ ہو سکتا ہے۔ صحت کے امور پر آپ کو خاص طور پر توجہ دینا ہو گی۔

**9-15**

اس ہفتے میں آپ کے کام کچھ رُکے سے رہیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو اس ماہ دوران ملازمت کسی نوع کی منفی صورت حال کا سامنا ہو سکتا ہے لہٰذا اپنے افسران کے ساتھ بہتر رویہ رکھیں۔ 14 تاریخ کا دن بہتر ہو گا۔ سیارہ زہرہ برج اسد میں آئے گا۔ اور شریک حیات کی طرف توجہ بڑھے گی۔ شراکتی امور کو طے کرنے کے لیے بہتر وقت ہو گا۔ رشتہ 'منگنی' نکاح وغیرہ کے لیے بھی بہتر وقت ہو گا۔

**16-23**

اس ہفتے میں 16'17'18'19 تاریخوں کے دن آپ کے لیے بہتری لے کر آئیں گے۔ آپ اپنی مالی حالت کو بہتر بنانے کے لیے بھرپور کوشش کریں گے۔ 23 تاریخ کو شمس برج اسد میں آئے گا اور ازدواجی بندھن کی نوید بھی لے کر آسکتا ہے۔ لوگوں کے قبضے میں گئی ہوئی چیزوں کو واپس لینے کا بھی بہتر موقع ہو گا۔

**24-31**

اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 3'5 اور 7 ہیں ان سے آپ انعامی سکیموں میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ 25 اور 26 تاریخ کو زیادہ تر دھیان گھریلو امور اور گھر کے بڑے افراد کی طرف رہے گا۔ اس ماہ میں دوستوں اور بچوں کی طرف بھی خاصا رجحان رہے گا اور فائدہ بھی ملے گا۔

| | |
|---|---|
| برج حوت | 21 فروری تا 20 مارچ |
| سیارہ | نیچون / مشتری |
| حروف | د، چ |

**1-8**

برج حوت کے تحت آنے والے افراد کے لیے جولائی کے مہینے میں برج جوزا اور برج قوس کے حامل افراد کچھ تبدیلیاں پیدا کریں گے اور آپ چاہتے نہ چاہتے ان کے سحر میں گرفتار ہو جائیں گے۔ یہ زیادہ تر کاروبار عزت وقار اور گھریلو امور اور گھر کے بڑے افراد کو بھی متاثر کریں گے۔ اس ہفتے میں 4'5'6 اور 7 تاریخیں آپ کی کارکردگی کو کچھ کھل کر سامنے نہ آنے دیں گے۔

**9-15**

اس ہفتے میں آپ کے لیے 14 تاریخ اہم ہو گی جب سیارہ زہرہ برج اسد میں آئے گا۔ جہاں یہ آپ کو صحت کی طرف سے خطرہ لاحق کرے گا وہاں ملازمت کے حصول اور اس میں ترقی کامیابی کے لیے بھی آپ کو کوشش کرنی چاہیے۔ 10 اور 11 تاریخ کو سفر کرتے وقت احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ استاد اور روحانی پیشواؤں سے ملنے کا موقع بھی مل سکتا ہے۔ کوئی بات تلخی کا سبب بھی بن سکتی ہے۔

**16-23**

یہ ہفتہ آپ کے لیے قدرے بہتر رہے گا اس میں 20'21'22' 19 تاریخیں آپ کے لیے بہتر ہیں۔ اس ہفتے میں 17 تاریخ کو سیارہ زہرہ استقامت میں آئے گا جو گھریلو امور پارٹنر شپ اور ازدواجی تناؤ کو ختم کرے گا۔ 23 تاریخ کو شمس برج اسد میں آئے گا جو کہ آپ کو عزت شہرت دے گا کامیابی ملے گی لیکن جنس مخالف سے ہوشیار رہیں پریشانی بھی آسکتی ہے۔

**24-31**

اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 3'6 اور 9 ہیں ان سے آپ انعامی سکیموں میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ آپ اپنے مزاج کی وجہ سے دوستوں سے حالات خراب کر سکتے ہیں۔ اس لیے کوشش کریں۔ بہتری کے لیے اور اپنے مزاج کو بھی کنٹرول کرنے کی کوشش کریں۔ یہی وقت ہے کہ آپ دوستوں سے فائدہ حاصل کریں۔

**کورسز**

خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے تحت مختلف علوم مخفی کی کلاسیں اور کورسز بذریعہ ڈاک جاری ہیں۔ تفصیلی پمفلٹ کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔

نجوم 'پامسٹری' اعداد' جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

# کرشمۂ قدرت

از: صوفی محمد اسلم جعفری، حویلی لکھا۔

## حصول اولاد، زرخیزی زمین

اولاد کی محرومی کے سوا انسان کے لیے کوئی صدمہ نہیں۔ مالی پریشانی اور اقتصادی بدحالی کو برداشت کر لیا جاتا ہے پیٹ بھر کر کھانے پر تھوڑا کھانے کو ترجیح دی جاتی ہے۔ محلوں میں رہنے کی نسبت جھونپڑی میں سر چھپانے کو بہتر خیال کیا جاتا ہے لیکن اولاد سے محرومی فی الحقیقت ناقابل برداشت ہے۔ اولاد کی محبت صرف انسان ہی میں نہیں بلکہ حیوان میں بھی موجود ہے اور کوئی جاندار بھی اپنی اولاد کو مصیبت میں مبتلا نہیں دیکھ سکتا۔ یہ فطرت ہے اور فطرت میں تبدیلی نہیں ہوا کرتی۔

ایسی روایات اور کہانیاں موجود ہیں کہ ایک عورت کے اولاد نہیں تھی اسے کسی فقیر یا عامل نے کہا کہ اگر وہ رات کے وقت کسی ایسی عورت کی میت کے ساتھ اپنے جسم کو مس کر کے نہائے جس کے ہاں بچے کو جنم لئے چالیس دن سے کم ہوئے ہوں تو ایسا عمل کرنے سے یقیناً اولاد پیدا ہو گی۔

چنانچہ اولاد سے محروم عورت اپنی گود ہری کرنے کے لیے اتنا بڑا خطرہ اور خوف مول لے لیتی ہے کہ رات کی تاریکی میں سنسان اور ویران قبرستان میں پہنچ جاتی ہے عورت کو عموماً بزدل کہا جاتا ہے لیکن حصول اولاد کے لیے اپنی جان جوکھوں میں ڈال دیتی ہے نہ اس رات تاریکی سے خوف آتا ہے نہ کسی غیر مرد سے تصادم کا ڈر اسے باز رکھتا ہے۔

اولاد کی طلب میں ہر خوف اور خطرات کو بھول جاتی ہے۔ اس طرح اولاد کی نعمت کی قدر بے اولاد ہی کو ہوتی ہے وہی جانتا ہے کہ نور نظر، لخت جگر، راحت جان وغیرہ کے الفاظ لوگ کیوں کہتے ہیں یہ ایک ایسا معاملہ ہے کہ سنگدل سے سنگدل بھی موم ہو جاتا ہے کتنا بڑا عالم کتنا بڑا فاضل سیاستدان جرنیل ہی کیوں نہ ہو اولاد کے مسئلہ پر اس کی رائے مختلف نہیں ہوتی۔ اب آتے ہیں اصل بات کی طرف۔

## عمل لوح رویت ہلال

رویت ہلال کا تعلق قمر سے ہے اور مشتری اولاد کے معاملے میں تعاون کرتا ہے لہٰذا نوچندی جمعرات کو طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ بعد تک ہے پہلی ساعت مشتری میں عمل مکمل کریں چاند کا ماہ کوئی ہو قید نہیں ہے۔

**طریقہ عمل۔** لوح کو تیار کرنے کے لیے طلوع آفتاب سے قبل مذکورہ تاریخ کو کھانا ایک صاف ستھرے کمرے میں سفید چادر پر چن لیا جائے۔ کھانے میں پانچ پلیٹ چاول، پینے کے لیے دودھ (کھانے میں پانی کا استعمال ممنوع ہے) پانچ عدد روٹی یا نان، شوربا گوشت ران دنبہ یا سفید بکرا، پھل عمدہ قسم پانچ۔ خوبانی پانچ ہونی چاہیے۔ یہ کھانا ٹھیک طلوع آفتاب سے قبل پانچ افراد مل کر اس کمرے میں کھائیں۔ جنہوں نے رات کو کھانا نہ کھایا ہو۔ کھانے سے فارغ ہو کر نماز فجر کمرے میں باجماعت ادا کریں۔ عود اگر بتی اور لوبان جلائیں تمام افراد قبلہ کی طرف منہ کر کے گیارہ بار درود شریف باآواز بلند یک زبان ہو کر پڑھیں اس کے بعد پانچسو مرتبہ قل شریف مع بسم اللہ شریف ورد کریں بعد ازاں ایک ہزار مرتبہ یا خالق یا وھاب یا جلیل کا ورد کریں اور پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ایک شخص چاندی کے پترہ پر ایسی ہی لوح کو کندہ کرے جیسی ذیل میں بنائی گئی ہے۔ اس کے گلے میں پہنا دی جائے۔ بفضلہ تعالیٰ امید جلد بر آئے گی اور مدت کی مایوسیاں خوشیوں میں تبدیل ہو جائیں گی۔

یہ لوح اسی طریق کار کے تحت زمین میں پیداوار زیادہ ہونے اور پھلدار درختوں کو زیادہ پھل لگنے میں خوب کام آسکتی ہے جس باغ کے لیے مطلوب ہو اس کے جنوب مغربی گوشہ کے بلند درخت کی شاخ میں باندھیں یا مطلوبہ زمین کے جنوب مغربی کونہ میں دفن کریں بفضلہ خداوند کریم اس کا کرشمہ قدرت دیکھ کر سب رشک کرنے لگیں گے۔

یا علیم یا اللہ ۲ ۱۱ ۲۰ ۲۹ ۳۸ ۴۷ ۵۶ ۶۵ ۷۴ ۸۳ ۹۲ ۱۱۰

۱۲۸ ۱۳۷ ۱۵۵ ۱۶۴ ۱۷۳ ۱۸۲ ۱۹۰

قنب قصاً قست تعج لف یاك كط جل مذ نوسه عه فج
لحب فی تكح قلذ ممطضد
احب یا اسرافیل بحق یا الله یا مصور یا وارث
الـهی فلاں بنت/بن فلاں دابار و دكن العمل الساعته
الوحا

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy khalidrathore.com
UrTech Document Processing Solutions

از: حافظ عمران حمید اشرفی، لاہور۔

# وظیفہ حضرت یونس علیہ السلام

## 'دافع البلیات'

سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو رب العلمین ہے اور بے شمار درود وسلام جو سرکار دو عالم، خاتم الانبیاء حبیب کبریا، رسول خدا، احمد مجتبے حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی آل اور آپ کے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین پر۔

معزز قارئین فی زمانہ تقریباً ہر شخص ہی کسی نہ کسی مسئلہ و پریشانی سے دوچار ہے وہ مسئلہ خواہ ترقی و کاروبار، صحت، تعلیم، تنگی رزق، ادائیگی قرض، ترقی و ملازمت، سحر، نظر بد، بچیوں یا بچوں کی شادی سے متعلق ہو یا ان کے علاوہ ہو آپ کے ہر اسک مسئلہ کا حل قرآن وحدیث میں موجود ہے۔ اللہ جل شانہ کا ارشاد گرامی ہے 'اور ہم قرآن میں سے ایمان والوں کے واسطے شفاء اور رحمت اتارتے ہیں' (بنی اسرائیل :82)۔

معلوم ہوا کہ قرآن مجید ایمان والوں کے رحمت ہونے کے ساتھ ساتھ ان کی ظاہری، باطنی، روحانی اور جسمانی بیماریوں کے لیے شفاء بھی ہے۔ ایک اور مقام پر اللہ رب العزت کا فرمان ہے 'اگر ہم یہ قرآن ایک پہاڑ پر اتارتے تو، تو دیکھ لیتا، کہ وہ اللہ کے ڈر سے دب جاتا، پھٹ جاتا اور یہ مثالیں ہم لوگوں کو سناتے ہیں تاکہ وہ غور کریں' (الحشر :21)۔

ناممکن ہے کہ کلام پاک کا انسان کے قلب پر اثر نہ ہو کیونکہ قرآن مجید، فرقان حمید کی تاثیر اتنی زبردست ہے کہ اگر وہ پہاڑ جیسی مضبوط اور قوی چیز پر نازل کیا جاتا اور اس میں سمجھنے کی صلاحیت ہوتی تو وہ بھی خالق کائنات خدائے بزرگ وبرتر کی عظمت و بزرگی کے سامنے اس کے ڈر سے دب جاتا اور پھٹ جاتا۔ آپ کے ہر ایک مسئلہ کا حل اللہ تعالی کے پاک کلام میں موجود ہے کیونکہ ارشاد خداوندی ہے کہ 'اور نہ کوئی ہری چیز اور نہ کوئی سوکھی چیز مگر وہ سب کتاب مبین میں ہے' (الانعام :59)۔

جب یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ ہمارے ہر مسئلہ کا حل قرآن مجید، فرقان حمید میں موجود ہے تو کیوں نہ ہم اس سے راہنمائی و مدد حاصل کریں۔ ذیل میں 'وظیفہ حضرت یونس علیہ السلام دافع البلیات' پیش خدمت ہے۔ قارئین کرام اگر اس سے متمتع ہوں تو احقر کے والدین کے لیے دعائے خیر فرمائیں۔ پورے خشوع وخضوع، مکمل آداب اور پوری ترکیب کے ساتھ اگر عمل کریں گے تو انشاء اللہ العزیز خدائے وحدہ لاشریک کے لافانی کلام کا اثر یقینی ہے۔

'میں اللہ تعالی کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے، شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے'

**و ذاالنون اذ ذهب مغاضبا فظن ان لن نقدر عليه فنادى فى الظلمت ان لا اله الا انت سبحنك انى كنت من الظلمين فاستجبنا له و نجينه من الغم و كذلك نجى المومنين**○ (پ ١٧ سورۃ الانبیاء آیت :٨٧-٨٨)۔

ترجمہ: اور مچھلی والے کو جب غصہ ہو کر (ف ۱) چلا گیا پھر سمجھا کہ ہم اس کو نہ پکڑ سکیں گے (ف ۲) پھر پکارا ان اندھیروں میں (ف ۳) کہ کوئی حاکم نہیں تیرے سوا تو بے عیب ہے میں گنہگاروں میں سے تھا (ف ۴) پھر ہم نے اس کی فریاد سن لی اور اس کو اس گھٹنے سے بچا دیا اور یونہی ہم ایمان والوں کو بچا دیتے ہیں (ف ۵)۔

(ف ۱) مچھلی والا فرمایا حضرت یونس علیہ السلام کو۔ ان کا مختصر قصہ یہ ہے کہ اللہ تعالی نے ان کو شہر نینوی کی طرف (جو موصل کے مضافات میں سے ہے) مبعوث فرمایا تھا۔ حضرت یونس علیہ السلام نے ان کو بت پرستی سے روکا اور حق کی طرف بلایا۔ وہ ماننے والے کہاں تھے روز بروز ان کا عناد و ؟؟؟ ترقی کرتا رہا۔ آخر بد دعاء کی اور قوم کی حرکات سے خفا ہو کر غصہ میں بھرے ہوئے شہر سے نکل گئے حکم الہی کا انتظار نہ کیا اور وعدہ کر گئے کہ تین دن کے بعد تم پر عذاب آئے گا ان کے نکل جانے کے بعد قوم کو یقین ہوا کہ نبی کی بد دعاء خالی نہیں جائے گی۔ کچھ آثار بھی عذاب کے دیکھے ہونگے۔ گھبرا کر سب لوگ بچوں اور جانوروں سمیت باہر جنگل میں چلے گئے اور ماؤں کو بچوں کو جدا کر دیا۔ میدان میں پہنچ کر سب نے رونا چلانا شروع کیا، بچے اور مائیں، آدمی اور جانور سب شور مچا رہے تھے، کان پڑی آواز سنائی نہ دیتی تھی، تمام بستی والوں نے سچے دل سے توبہ کی، بت توڑ ڈالے، خدا تعالی کی اطاعت کا عہد باندھا اور حضرت یونس کی تلاش رکنے لگے کہ ملیں تو ان کے ارشاد پر کاربند ہوں۔ حق تعالی نے آنے والا عذاب ان پر سے اٹھا لیا۔ ادھر حضرت یونس علیہ السلام بستی سے نکل کر ایک جماعت کے ساتھ کشتی پر سوار ہوئے وہ کشتی غرق ہونے لگی۔ کشتی والوں نے بوجھ ہلکا کرنے کے لیے ارادہ کیا کہ ایک آدمی کو نیچے پھینک دیا جائے (یا اپنے مفروضات کے موافق یہ سمجھے کہ کشتی میں کوئی غلام مولا سے بھاگا ہوا ہے) بہر حال اس آدمی کی تعین کے لیے قرعہ ڈالا۔ وہ حضرت یونس علیہ السلام کے نام پر نکلا۔ دو تین مرتبہ قرعہ اندازی کی ہر دفعہ

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

یونس کے نام پر نکلتا رہا۔ یہ دیکھ کر حضرت یونسؑ دریا میں کود پڑے۔ فوراً ایک مچھلی آکر نگل گئی۔ اللہ تعالیٰ نے مچھلی کو حکم دیا کہ یونسؑ کو اپنے پیٹ میں رکھ، اس کا ایک بال بھی بیکا نہ ہو۔ یہ تیری روزی نہیں بلکہ تیرا پیٹ ہم نے اس کا قید خانہ بنایا ہے۔ اس کو اپنے اندر حفاظت سے رکھنا۔ اس وقت یونسؑ نے اللہ کو پکارا۔ لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظلمین اپنی خطا کا اعتراف کیا کہ بے شک میں نے جلدی کی کہ تیرے حکم کا انتظار کئے بدون بستی والوں کو چھوڑ کر نکل کھڑا ہوا۔ گو یونسؑ کی یہ غلطی اجتہادی تھی جو امت کے حق میں معاف ہے۔ مگر انبیاء کی تربیت و تہذیب دوسرے لوگوں سے ممتاز ہوتی ہے۔ جس معاملہ میں وحی آنے کی امید ہے، بدون انتظار کئے قوم کو چھوڑ کر چلا جانا ایک نبی کی شان کے لائق نہ تھا۔ اسی نامناسب بات پر داروگیر شروع ہو گئی آخر توبہ کے بعد نجات ملی۔ مچھلی نے کنارہ پر آکر اگل دیا اور اسی بستی کی طرف صحیح سالم واپس کئے گئے۔

(ف ۲) یعنی یہ خیال کہ ہم اس حرکت پر کوئی داروگیر نہ کریں گے یا ایسی طرح نکل کر بھاگا جیسے کوئی یوں سمجھ کر جائے کہ اب ہم اس کو پکڑ کر واپس نہیں لا سکیں گے گویا بستی سے نکل کر ہماری قدرت سے ہی نکل گیا۔ یہ مطلب نہیں کہ معاذ اللہ یونسؑ فی الواقع ایسا سمجھتے تھے۔ ایسا خیال تو ایک ادنیٰ مومن بھی نہیں کر سکتا بلکہ غرض یہ ہے کہ صورت حال ایسی تھی جس سے یوں متبادر ہو سکتا تھا۔ حق تعالیٰ کی عادت ہے کہ وہ کاملین کی ادنیٰ ترین لغزش کی بہت سخت پیرایہ میں ادا کرتا ہے اور اس سے کاملین کی تنقیص نہیں ہوتی بلکہ جلالت شان ظاہر ہوتی ہے کہ اتنے بڑے ہو کر ایسی چھوٹی سی فروگذاشت بھی کیوں کرتے ہیں۔

(ف ۳) یعنی دریا کی گہرائی، مچھلی کی پیٹ اور شب تاریک کے اندھیروں میں۔

(ف ۴) یعنی میری خطا کو معاف فرمایئے۔ بے شک مجھ سے غلطی ہوئی۔

(ف ۵) یعنی حضرت یونس علیہ السلام کے ساتھ مخصوص نہیں، جو ایماندار لوگ ہم کو اسی طرح پکاریں گے ہم ان کو بلاؤں سے نجات دیں گے۔ احادیث مبارکہ میں اس دعا کی بہت فضیلت آئی ہے اور امت نے شدائد و نوائب میں ہمیشہ اس کو مجرب پایا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

**آیت کریمہ: لا الہ الا انت سبحنك انی کنت من الظلمین۔**

**ترجمہ: تیرے سوا کوئی حاکم نہیں، تو بے عیب ہے، میں گنہگاروں میں سے تھا۔**

مذکورہ آیت کریمہ کی خوبیاں بیان کرنے کے لیے چند صفحات کافی نہیں بلکہ اس پر تو مستقل کتاب لکھی جا سکتی ہے اور اس کے بعد بھی اس آیت کریمہ کے فوائد کا بیان یقیناً باقی رہ جائے گا۔ اس آیت کریمہ کے فوائد و ثمرات غیر محدود و بے شمار ہیں چند ایک بیان کرتا ہوں۔

**اول** یہ کہ یہ آیت کریمہ بڑی سے بڑی مہم اور بڑی سے بڑی بلا کو دفع کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے جس کی دلیل آپ اوپر ملاحظہ فرما چکے ہیں کہ اس آیت کریمہ کو پڑھنے کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی کے پیٹ سے رہائی مرحمت فرما کر تین تاریکیوں سے نجات عطا فرمائی۔ **ارشاد اللہ رب العزت ہے کہ للبث فی بطنه الی یوم یبعثون یعنی اگر وہ تسبیح کرنے والوں میں نہ ہوتا تو مچھلی کے پیٹ میں اس دن تک رہتا کہ لوگ اٹھا کھڑے کیے جاتے** (یعنی قیامت کے دن تک) لیکن اس آیت کریمہ کے وظیفہ کی برکت سے چالیس یوم کے بعد حضرت یونسؑ کو مچھلی نے دریا کے کنارے اگل دیا اور وہ زندہ سلامت رہے جیسا کہ اللہ باری تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے کہ **فنبذنه بالعراء یعنی پھر ہم نے اس کو چٹیل میدان میں ڈال دیا۔**

**دوم** یہ کہ آپ کی ہر قسم کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے کافی ہے یوں سمجھئے کہ دریا نہیں بلکہ سمندر کوزہ میں بند ہے حدیث مبارکہ میں آیت کریمہ کی فضیلت حضرت سعد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو مومن اس آیت کریمہ کو اپنے مرض سے چالیس مرتبہ پڑھے اگر اچھا ہو گیا تو اس کے سارے گناہ بخش دیے جاتے ہیں اور اگر وہ فوت ہو جائے تو اس کو شہد کا ثواب ملتا ہے۔

بزرگان دین نے اس آیت کریمہ کو پڑھنے کے اور بھی طریقے لکھے ہیں جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں:-

یکے از بزرگان دین کا قول ہے کہ کسی بھی مشکل و پریشانی کے حل کے لیے چند آدمی مل کر سوا لاکھ مرتبہ اس آیت کریمہ کو ایک یا تین مجلسوں میں پڑھیں نیز اول، آخر گیارہ مرتبہ نماز والا درود شریف پڑھیں انشاء اللہ العزیز پڑھنے والے کو اپنے مقصد میں کامیابی حاصل ہو گی۔

ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ ایک رات میں نے خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی تو میں نے آنحضرت ﷺ کی خدمت اقدس میں عرض کیا کہ میرے ایک حاجت ہے اس کے لیے میں کیا پڑھوں۔ سرکار دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دو رکعت نفل نماز پڑھتے ہوئے چاروں سجدوں میں چالیس بار مذکورہ آیت کریمہ کو پڑھو اور اس عمل کو تین روز تک مسلسل کرو۔ یہ عمل بھی حاجت روائی کے لیے سریع الاثر ہے۔

نوٹ: آیت کریمہ کا پورا ثمرہ حاصل کرنے کے لیے پنجگانہ نماز کی پابندی اور گناہوں سے پرہیز ضروری ہے۔ عمل شروع کرنے سے پہلے اجازت لینا لازمی ہے۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

از: حکیم غلام شبیر ناصر رنگ پور کھڑا۔

# گرہن

## (عمل صوامت)

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ بعد از حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم پر بے حد و حساب درود شریف اور سلام وصلوٰۃ۔ قارئین راہنمائے عملیات کے خدمت میں سلام عرض۔ آج کی محفل میں ایک عمل صوامت پیش کر رہا ہوں۔ عمل کیا ہے ایک چلتا ہو جادو ہے۔ جو آزمائے گا یقیناً مستفیض ہو گا۔

آج کل گستاخی اور بے ادبی کا دور دورہ ہے۔ زبان درازی کا یہ عالم ہے کہ بیوی شوہر کے آگے قینچی کی طرح زبان چلاتی ہے۔ اولاد والدین کو جھڑکتی ہوئی دیکھی گئی۔

عوام الناس بھی ایک دوسرے کی چغلی کرتے اور غیبت میں مصروف نظر آتے ہیں۔ لہٰذا ایسے میں شرفا کو یقیناً ایک ایسے عمل کی ضرورت ہو گی جس سے وہ مخالفوں کی زبان بند کر سکے۔ یہ عمل ہر اس شخص کے لیے جو کسی بھی شخص کی زبان سے نقصان اٹھا رہا ہو۔ یا نقصان کا اندیشہ ہے۔ ماہ جولائی میں اس دفعہ تین گرہن آ رہے ہیں۔ دو سورج گرہن ہونگے اور ایک چاند گرہن۔ حروف صوامت کے جو اعمال بندش کے لیے کئے جاتے ہیں گرہن کا وقت نہایت مناسب ہوتا ہے۔ خالد روحانی جنتری سے مناسب وقت کا استخراج کر کے عمل۔ صحیح وقت پر کریں انشاء اللہ تیر نشانے پر لگے گا۔ عمل نہایت سخت ہے۔ اس لیے اس عمل کو کرنے کے لیے 10 مرتبہ سوچنے کہ کہیں لینے کے دینے نہ پڑ جائیں۔ میں اور ادارہ اس ضمن میں بالکل بری الذمہ ہونگے۔ ہر شخص اپنے نفع نقصان کا خود ذمہ دار ہو گا۔ بعض لوگ یہ سوال بھی کر سکتے ہیں کہ ایسے اعمال شائع کیوں کئے جاتے ہیں تو جواب عرض ہے کہ علم کی ترقی و ترویج اور لوگوں کی راہنمائی کے لیے شائع کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ لوہار نے چھری بنائی ہے سبزی کاٹنے اور حلال جانور ذبح کرنے کے لیے اب اگر کوئی شخص چھری سے کوئی آدمی قتل کر دے تو کیا خیال ہے لوہار مجرم ہے یا چھری؟ اس میں نہ لوہار کا قصور ہے اور نہ ہی چھری کا۔ بس یہی قانون عملیات کے لیے بھی ہے۔ کوئی بھی عمل اچھا یا برا نہیں ہوتا کرنے والے کا مقصد اس کو برا بنا دے یا اچھا بنا دے یہ عامل پر منحصر ہے۔ امید ہے اتنی وضاحت کافی ہو گی۔

## توضیح العمل

مطلوب کا نام معہ والدہ لے کر اُس کے اعداد لیں۔ (عمل اگر سورج گرہن میں کر رہے ہوں تو اعداد شمسی ہوں اور چاند گرہن میں ہوں تو اعداد قمری لیں)۔

اعداد حروف صوامت لے لیں۔ جمع کر لیں اور مثلث خاکی کی تیار کریں۔ دو مثلث بنائیں ایک کسی پرانی قبر میں دفن کریں دوسرا کسی اندھیرے کمرے میں وزن کے نیچے دبا دیں۔ نام مطلوب کو حروف صوامت میں امتزاج دے کر کلمات بنائیں اور مثلث کے گرداگرد لکھ دیں۔ نیچے مقصد بھی تحریر کریں۔ بس مخالف خاموش ہو جائے گا۔

سلیم بن جنت۔ اعداد قمری = ۱۴۰ + ۴۵۳ = ۵۹۳

حروف صوامت = اح در س ص ط ع ک ل م و ہ = ۵۴۳

امتزاج = اس ح ل د ی ر م ت ج ص ن ط ت ع ک ل م و ہ

تعداد حروف = ۲۰ جفت ہیں اس چار چار کے حروف کے جملے بنیں گے (اگر طاق ہوئے تو جملے ۳ یا ۵ حرف کے بنتے)۔

جملے = اسحل۔ دیرم۔ تجصن۔ تتعک۔ لموہ۔

خانہ نمبر ۴ میں کسر آئے گی۔

چال خاکی مثلث

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

مثالی نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۳۷۸ | ۳۸۳ | ۳۷۵ |
| ۳۷۶ | ۳۷۹ | ۳۸۱ |
| ۳۸۲ | ۳۷۴ | ۳۸۰ |

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# کرشمہ رمل

از: ملازم حسین، اسلام آباد۔

### قسط نمبر ۲

## (باب حاضرات آسیب و جنات)

قارئین گذشتہ قسط میں آپ نے ایک سائل کا زائچہ پڑھا۔ جس کے اوپر جنات مسلط تھے۔ اور لکھا گیا تھا کہ اس شخص پر جنات کی حاضرات ہو سکتی ہے۔ لہٰذا اب ہم حاضرات کی ترکیب لکھتے ہیں۔ وہ لوگ جو علم الرمل پر عبور رکھتے ہیں۔ ان کے لیے یقیناً حاضرات کا علم آسان ہو جائے گا۔ اور وہ کسی بھی آئے ہوئے سائل کے بارے میں یہ تشخیص کر سکیں گے کہ مریض پر کیا چیز مسلط ہے یا کسی بھی سائل پر یہ تشخیص کر سکتے ہیں کہ اس پر حاضرات ہو گی یا کہ نہیں؟ اکثر نام نہاد عاملین کو دیکھا گیا ہے کہ جب ان کے پاس مریضوں کو لایا جاتا ہے تو مریض پر یہ لوگ بغیر تشخیص کے تشدد کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ ڈنڈوں سے مارتے ہیں یا بال پکڑ کر کھینچتے ہیں۔ پھر تعویذات لکھ کر مریضوں کو طرح طرح کی دھونیاں دیتے ہیں۔ یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ مارنے سے یا بال نوچنے سے جن حاضر ہو جائے گا یا مریض کو چھوڑ کر بھاگ جائے گا۔ یہ ان لوگوں کی غلط فہمی ہے۔ یہ طریقے احمقانہ اور غلط ہیں۔ ایک اچھے عامل کو یہ باتیں زیب نہیں دیتیں کہ وہ مریضوں پر بغیر تشخیص کے تشدد کرے۔ جب بھی کوئی ایسا مریض آئے تو سب سے پہلے تشخیص کریں۔

اسی طرح اگر کسی بچے یا بڑے یا خود پر حاضرات کرنی ہو تو پہلے تشخیص کر لیں کہ آیا حاضرات ہو گی یا کہ نہیں؟ کیونکہ بعض بچوں پر حاضرات ممکن نہیں ہوتی۔ اس کی مکمل تفصیل میں نے کتاب محفل حاضرات میں لکھی ہے جو کہ انشاء اللہ عنقریب ہی شائع ہو رہی ہے۔

اس باب میں ہم علم الرمل کے وہ فارمولے لکھیں گے جن کی بدولت رمال حضرات یہ تشخیص کر سکیں گے کہ فلاں بچے یا بڑے پر حاضرات ہو سکتی ہے یا کہ نہیں؟ یا حاضرات نہ ہونے کی کیا وجوہات ہیں۔ یا فلاں عمل سے حاضرات میں کامیابی ہو گی یا کہ نہیں؟ اس طرح وہ لوگ جو علم الرمل میں ماہر ہونگے۔ اُن کے لیے حاضرات کا علم نہایت ہی آسان ہو جائے گا۔

گذشتہ قسط میں ایک سائل کا زائچہ لگایا گیا۔ جس پر جنات ہیں۔ اب علم الرمل کے ذریعے یہ تشخیص تو ہو گئی ہے کہ اس شخص پر جنات مسلط ہیں۔ اب اگر رمال حضرات یہ چاہیں کہ وہ مریض پر ان جنات کو حاضر کر کے بات چیت کریں تو اس کی ترکیب لکھی جاتی ہے۔

ترکیب حاضرات:

اس نقش مبارک کو کسی کاغذ پر لکھ لیں اور درمیان والی جگہ کو سیاہی سے کالا کر دیں اور اس نقش کو مریض کے ہاتھ میں پکڑا دیں۔ اور اس کو تاکید کریں کہ وہ کالی جگہ پر غور سے دیکھتا رہے اور رمال یا اللہ کو سات مرتبہ تین بار پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ مریض کے اوپر جنات حاضر ہونگے اور رمال سے بات چیت کریں گے۔ نقش معظم یہ ہے:-

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۴۰ | ۳۲ | ۳۸ |
| ۳۴ | | ۳۹ |
| ۳۶ | ۴۱ | ۳۳ |

ہر وہ شخص جس پر کوئی بھی ذی روح مسلط ہو گی صرف اسی نقش سے حاضرات ہو گی۔ اس لیے اس لحاظ سے یہ نقش بہت بڑی خوبیوں کا مالک ہے۔ اور آسیبی امراض کے مریضوں پر حاضرات کرنے کے لیے نہایت ہی کارآمد ہے۔ گو یہ نقش بغیر زکوٰۃ ادا کیے بھی موثر ہے۔ لیکن اگر عامل اس کی زکوٰۃ ادا کرے تو یہ بات نفع سے خالی نہ ہو گی۔ ترکیب زکوٰۃ کی یہ ہے کہ نقش کو روزانہ ایک وقت مقررہ کر کے ایک سو گیارہ مرتبہ اکتالیس روز تک لکھنے۔ ناغہ نہ ہونے پائے۔ ۴۱ ویں روز کسی میٹھی چیز پر فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد اب آپ اس نقش کے عامل ہیں۔ اس نقش کے اثرات اور فوائد عامل خود ملاحظہ فرمائے گا۔

اول تین مرتبہ درود ابراہیمی اور سات مرتبہ الحمد شریف، الحمد شریف کے شروع میں مل لگائیں (یعنی بسم اللہ کی آخری میم لگا کر پڑھیں) پڑھ کر مریض پر دم کر دیں۔ اس دوران مریض پر حاضری ہو گی۔ اس کے بعد

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔


free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات
khalidrathore.com
UrTech Document Processing Solutions

حاضر شدہ چیز سے بات کریں۔ اس نقش کو لکھ کر مریض کے ہاتھ میں پکڑا دیں اور مریض کو تاکید کریں کہ وہ اسے غور سے دیکھے مریض پر جو بھی چیز ہو گی وہ حاضر ہو کر عامل سے ہمکلام ہو گی۔ نقش یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابلیس | فرعون | شداد | نمرود |
| فرعون | قارون | شداد | ابلیس |
| شداد | نمرود | ہامان | فرعون |
| نمرود | ابلیس | فرعون | قارون |

قارئین کرام اس باب میں ہم نے اُن قواعد اور رازوں کو افشاء کیا ہے جن کو علمائے رمل نے پوشیدہ رکھا۔ آپ نے دیکھا ہو گا کہ ہم نے ابھی تک کوئی کتابی بات نہیں لکھی نہ ہی کسی کتاب سے مدد لی ہے۔ اس سے اب آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ قیمتی فارمولے ناچیز کے خود دریافت کیے ہوئے ہیں جو لوگ ہمارے بتائے ہوئے طریقوں پر عمل کریں گے۔ اُن کے لیے حاضرات کا علم نہایت ہی آسان ہو جائے گا۔ بلکہ اُن کو علم کا ایک بہت بڑا خزانہ مل جائے گا جو دیکھا جائے تو لاکھوں روپے دے کر بھی حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ ہم اُمید کرتے ہیں کہ قارئین ان طریقوں سے جو دولت دیکر اس کی حیثیت رکھتے ہیں بھرپور فائدہ اُٹھائیں گے اور اللہ کے بندوں کی ان کے ذریعے مدد کریں گے۔ اور مجھے اور جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب کو بھی یاد رکھیں گے۔ ہماری دعا ہے کہ حق تعالیٰ ان طریقوں سے کام لینے کی اہل لوگوں کو توفیق دے اور نااہلوں سے اس خزانے کو محفوظ رکھے (آمین)۔

اب ہم چند ایسے لوگوں کے زائچے پیش کر رہے ہیں جو کہ آسیبی مریض ہیں۔ ان پر جادو سحر کے اثرات یا کوئی نہ کوئی ذی روح مسلط ہے۔ اور وہ انکی وجہ سے بندش کا شکار ہیں۔ یہ بات لکھنا بھی ضروری ہے کہ یہ تمام زائچے اصل ہیں، فرضی نہیں ہیں۔ ایک سائل آیا قرعہ اس کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔





دیکھو از زائچہ بند ہے۔ حکم اس کا یہ ہے کہ سائل بندش کا شکار ہے۔ سائل کو اپنے گھر میں سکون نہیں ہے۔ اور بوجہ تنگ دستی ارادہ سفر کا کرتا ہے۔ لیکن دوسری جگہ پر بھی جا کر اس کا دل نہیں لگتا۔ سائل کا روزگار بند ہے۔ سائل کے گھر میں جنات کے اثرات ہیں۔ جس کی وجہ سے بندش ہے سائل کی بیوی بد چلن ہے۔ اور کسی غیر مرد سے آشنائی رکھتی ہے سائل اگر کوئی عمل یا وظیفہ پڑھے گا تو اس کو یقیناً کامیابی ہو گی اور سائل پر حاضرات بھی ہو سکتی ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)۔

زائچہ پڑھنے کا طریقہ :

میزان میں شکل جماعت آئی ہے جو کہ بندش رکاوٹ سے منسوب ہے۔ شکل اول دوم سوم خارج آئی ہیں۔ جن کا تعلق نقل و حرکت سے ہے۔ خانہ ششم میں جو کہ روزگار کا خانہ ہے۔ عطارد کی شکل آئی ہے۔ جس کا تعلق بندش سے ہے۔ خانہ ہفتم سائل کی بیوی کا خانہ ہے۔ خانہ گیارہ میں تکرار اس بات کی دلیل ہے کہ سائل کی بیوی کسی غیر مرد سے آشنائی رکھتی ہے خانہ نہم کا تعلق حاضرات سے ہے۔ اس خانہ میں شکل عطارد کا آنا اس بات کی قوی دلیل ہے کہ سائل پر حاضرات ہو سکتی ہے۔ اُمید ہے کہ اب قارئین کے لیے زائچہ پڑھنا آسان ہو جائے گا۔

ایک سائلہ نے سوال کیا کہ میرے ڈر خوف کی کیا وجہ ہے؟

قرعہ سائلہ کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ دیکھو طالع میں شکل اجتماع آئی ہے۔ جس کا تعلق اثرات سے ہے۔ خانہ ششم کا تعلق ڈر خوف سے ہے۔ اس میں شکل حمرہ آئی ہے جو کہ جنات سے منسوب ہے۔





اب ملا جلا کر زائچہ اس طرح پڑھیں گے کہ سائلہ کے اوپر جنات کی اثرات ہیں۔ جس کی وجہ سے اس کو ڈر خوف لگتا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

نکتہ:

اگر سائلہ کے خانہ نہم میں شکل حمرہ آتی یا شکل طالع کا تکرار خانہ نہم میں ہوتا تو پھر زائچہ اس طرح پڑھتے کہ سائلہ پر جنات مسلط ہیں۔ اور سائلہ کے کندھے وزنی رہتے ہیں۔ اور اس کو ڈر خوف آتا ہے۔ سائلہ پر ان مسلط شدہ جنات کی حاضرات ہو سکتی ہے وغیرہ۔

ایک سائل نے سوال کیا۔ کیا میرا گھر آسیب زدہ ہے؟





قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ دیکھو خانہ چہارم جو کہ سائل کا گھر ہے شکل حمرہ آئی ہے جو کہ جنات سے منسوب ہے۔ سائل کو بتایا گیا کہ آپ جس گھر میں رہتے ہیں۔ وہ جگہ آسیبی ہے (واللہ اعلم بالصواب)۔

عبدالنعیم نے لاہور سے پوچھا کہ

میرا کاروبار بند ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟

قرعہ سائل کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا۔ دیکھو زائچہ بند ہے۔ حکم اس کا یہ ہے کہ سائل آسیبی اثرات کی وجہ سے بندش کا شکار ہے۔ سائل کے خانہ چہارم و ششم میں شکل جماعت آئی ہے۔ جس کا تعلق بندش سے ہے۔




سائل کا کاروبار بالکل بند ہے۔ اس زائچہ میں دیکھو خانہ دوازدہم میں شکل اجتماع آئی ہے۔ حکم اس کا یہ ہے کہ سائل کی بیوی پر آسیبی اثرات ہیں۔ اب سائل کی بیوی کا زائچہ ملاحظہ فرمائیں۔

دیکھو طالع میں شکل حمرہ آئی ہے۔ حکم اس کا یہ ہے کہ سائلہ پر جنات کے اثرات ہیں۔ اور سائلہ کے کندھے وزنی رہتے ہیں۔ اور سائلہ کو سائے بھی نظر آتے ہیں۔ دیکھو خانہ نہم میں شکل طریق ؟؟؟ آتی ہے۔ جس کا تعلق حاضرات سے ہے۔ سائلہ کے اوپر ان جنات کی حاضرات ہو سکتی ہے۔ خانہ دوازدہم میں شکل جماعت آتی ہے۔ حکم اس کا یہ ہے کہ سائلہ کے خاوند پر آسیبی اثرات ہیں۔ اور وہ بندش کا شکار ہے (واللہ اعلم بالصواب)۔

جاری ہے

*انتباہ: زیر ترتیب کتاب کرشمہ رمل کے جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں۔ کسی بھی طرح کی نقل کرنے والے کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔*

**وقت ملاقات**
**شام 5 تا 8 رات صرف**

**خزینہ اعداد** (ترمیم شدہ)
**شائع ہو گئی ہے** ۔ قیمت 50 روپے

**اسباق دست شناسی**
**شائع ہو گئی ہے** ۔ قیمت 65 روپے

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# بچے کا نام

علم نجوم کی روشنی میں بچے کا نام استخراج کروا کر آپ اپنے بچے کو کواکب کے نحس اثرات سے محفوظ اور سعد اثرات کے تحت کر سکتے ہیں۔ آپ کے بچے کے بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ فیس: ۲۰۰ روپے کوائف: وقت، تاریخ اور مقام پیدائش

# پتھر اور جواہرات

کون سا پتھر آپ کے پیدائشی زائچے کے حوالے سے آپ کے لیے خوش قسمتی لائے گا۔ فیس ۲۰۰ روپے۔ کوائف: نام، وقت، تاریخ اور مقام پیدائش۔

# نجومی روحانی راہنمائی

اگر آپ پریشان ہیں اور منزل کھو چکے ہیں۔ اگر آپ دنیا سے لڑ جھگڑ رہے ہیں اور آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔ اگر آپ ناکام زندگی بسر کر رہے ہیں اور کامیابی چاہتے ہیں تو خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر راہنمائے عملیات آپ کے زائچے کی روشنی میں اپنی وجدانی قوتوں اور ارتکاز توجہ کے ذریعے مکمل اور درست راہنمائی کریں گے۔ فیس پانچ سو روپے۔ کوائف نام بمعہ نام والدہ تاریخ پیدائش، وقت پیدائش، مقام پیدائش، درپیش مسئلہ۔

# انگوٹھیاں

کاروبار اور تجارت میں اضافے، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر و رجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، رد سحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لئے آپ ادارے کی تیار کردہ خصوصی انگوٹھی حاصل کر سکتے ہیں۔ ہدیہ: ۴۵۰ روپے (ڈاک خرچ ۲۵ روپے)

# لوح خوش قسمتی

آپ اگر خوش قسمتی کے طالب ہیں اور زندگی میں درپیش مختلف مسائل کے حل کے لیے موثر اور زود اثر روحانی و عملیاتی مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ماہر عملیات و نجوم خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر ماہنامہ راہنمائے عملیات سے خاص کونی حالتوں یعنی کواکب کی سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کروالیں۔ اپنے کوائف بذریعہ ڈاک اور ہدیہ ۷۰۰ روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔

# طلسم تسخیر و حاجت

یہ لوح ایک طویل عرصے سے تیار کر رہا ہوں۔ یہ ایک خاص روحانی و عملیاتی طریقہ کار کے تحت تیار کی جاتی ہے۔ اس کی تیاری میں مختلف کونی حالتوں کو بھی مد نظر رکھا جاتا ہے۔ آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو و سحر سے حفاظت، حفظ امن یا کسی بھی مطلب کے لیے یہ خصوصی عمل تیار کروا سکتے ہیں۔ ہدیہ ۳۵۹۹ روپے۔ کوائف نام بمعہ نام والدہ تاریخ پیدائش، وقت پیدائش، مقام پیدائش، درپیش مسئلہ۔

# تفصیلی زائچہ جات

| | |
|---|---|
| ایک سوال | 100 روپے |
| ایک مکمل امر | 500 روپے |
| پیدائشی زائچہ | 200 روپے |

# نقش / لوح قمر

ہر ماہ شرف قمر کے مبارک موقع پر مختلف مقاصد کے حصول کے لیے خصوصی نقوش اور الواح قمر تیار کی جاتی ہیں جو اپنی مثال آپ ہیں۔ آپ بھی اپنے مقاصد کے حصول کے لیے رجوع کریں۔ کاغذ پر نقش کا ہدیہ 300 روپے، چاندی پر 900 روپے۔

# بائیو ردم

بائیو ردم ایک جدید تحقیق ہے۔ اس کے مطابق بوقت پیدائش سے انسان جسمانی، ذہنی اور جذباتی پہلوؤں سے ایک خاص حیاتیاتی ارتعاش سے گزرنا شروع ہو جاتا ہے۔ فیس: بر پورٹ ایک سال 200 روپے۔ دو سال 350 روپے۔ تین سال 400 روپے۔

# ادوار / دشا

آپ معمولی فیس کے عوض سو فی صد درست **سیانہ اور نزیانہ** ادوار تاریخ پیدائش سے لے کر ۷۰ سال کی عمر کے لیے استخراج کروا سکتے ہیں۔ ☆ دور اکبر۔ دور اصغر اور دور صغیر۔ فیس صرف ۵۰۰ روپے۔

# نقش صد در صد

نقش صد در صد دس ہزار (۱۰،۰۰۰) خانوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ نقش بالترتیب راہنمائے عملیات میں بھی دیا جا رہا ہے۔ اپنے ذاتی حوالے یعنی اپنے نام اور والدہ کے نام بمعہ خاص مقصد / مقاصد وغیرہ کے حوالے سے معقول معاوضہ ادا کر کے نقش معظم تیار کروا سکتے ہیں۔ برائے تسخیر خلق، رجوع، رزق، عزت، وقار، صحت، اولاد، عمومی خوش حالی اور قلبی سکون، غلبہ دشمن، ادائیگی قرض، مقدمے میں کامیابی، آفات ارضی و سماوی سے حفاظت، مکان و عمارت کی حفاظت، روزمرہ امور میں کامیابی اور لاتعداد دوسرے معاملات میں حصول برکت۔

# کورسز

کورسز کی تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں ورنہ جواب سے معذرت

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

از: عابد جعفری، کھوڑ، اٹک۔

# مفتاح الحب

ازل سے انسان کی یہ خواہش رہی ہے کہ وہ ہر چیز کو مسخر کرے اس کے لیے اس نے مختلف ذرائع استعمال کیئے کسی نے طاقت سے کسی کو مغلوب کیا۔ کسی نے دولت سے کسی کو مسخر کیا بہر حال خواہش انسانی آج تک بدستور قائم و دائم ہے۔

آج کا انسان بھی مسلسل اسی کوشش میں مصروف ہے۔ حب کے اعمال میں' میں نے دیکھا ہے کہ بہت سے لوگوں کو کامیابی نہیں ملتی۔ عملیات کی کتب میں سب سے زیادہ زور بھی حب کے عملیات پر رہی ہے۔ میرے خیال میں جس قدر بھی عملیات ملتے ہیں اپنی اپنی جگہ پر درست ہیں۔ صرف یہ بات عمل کرنے والے پر منحصر ہے کہ اس نے عمل کس طرح کیا ہے سب سے پہلے تو دیکھنا ضروری ہے کہ جس عمل کو آپ کرنے جا رہے ہیں وہ آپ سے کس قدر مطابقت رکھتا ہے میری مراد یہ ہے کہ پہلے آپ عمل کو کما حقہ جب عمل کر لیں گے تو یقیناً وہ آپ کے لیے موثر ہوگا۔ آج جس عمل کو بیان کرنے جا رہا ہوں یہ عمل مجھے ایک بوسیدہ سی بیاض سے ملا تھا یہ بیاض قلمی ہے اور آج سے دو سو سال پرانی ہے اوراق اس قدر بوسیدہ ہیں کہ ہاتھ لگانے سے پھٹ جاتے ہیں پھر بھی کوشش اور محنت کے بعد اس عمل کو درست کر کے لکھ لیا۔ اور قریب قریب 33 بار آزما چکا ہوں۔ راہنمائے عملیات میں چونکہ ایسے ہی عملیات کی ضرورت ہے اس لیے پیش خدمت ہے۔ اس عمل کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ ایسے لوگ جو بے روزگار ہوں یا ایسے حالات ہوں کہ بوجہ غربت شادی میں رکاوٹ ہو یا کوئی ایسا مرض جس کے لیے شفاء ممکن نہ ہو اور بیماری سوہان روح بن چکی ہو۔ یا کوئی ایسی مشکل جس کا حل نظر نہ آتا ہو اس کے علاوہ جو حب کے متلاشی ہیں ان کے لیے بھی بمنزلہ اکسیر ہے۔ سب سے پہلے حب کے لیے طریقہ ملاحظہ ہو۔ نیت کا خالص ہونا ضروری ہے۔ نوچندی جمعرات سے علی الصبح غسل کریں۔ معطر لباس ہونا ضروری ہے اور بخور لوبان کا ہو۔ جگہ ایک ہو اور تنہا ہو پاکیزہ ہو دو رکعت ہدیہ محبت ادا کریں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے منہ میں شیرینی رکھ لیں۔ عمل کو 105 بار پڑھنا ہے۔

اول و آخر 11 بار درود شریف پڑھنا ہے۔ روز ایک کلو گندم خیرات کرنے ہے' چالیسویں روز تک عمل کرنا ہے۔ چالیسویں روز 5 آدمیوں کو کھانا کھلانا ہے۔ محبوب نہ آئے یہ ممکن نہیں چالیسویں روز تک تو سب پابندیاں توڑ کر حاضر ہوگا۔

پہلے 7 روز میں حاضر ہوگا اگر نہ ہو تو 14 یوم یا 21 یوم تک ضرور آئے گا لیکن اگر ان دنوں میں خدانخواستہ کامیابی نہ ہو چالیسویں یوم یقیناً کامیابی ہوگی۔ یہ مخصوص طریقہ ہے جو صرف حب کے لیے استعمال ہوتا ہے' عمل کرنے سے پہلے استخارہ کر لیں یہ بہت ضروری ہے۔ میں اس بات کی اجازت نہیں دوں گا کہ بغیر انجام جانے عمل شروع کریں۔ لیکن اگر از خود عمل کرنا چاہتے ہیں تو اس کی اجازت ہے لیکن قوت ارادی کو پختہ کر لیں۔ اپنے اللہ کے بعد اپنے آپ پر بھروسہ رکھ کر عمل سر انجام دیں۔ آپ کو پورا پورا نفع ملے گا۔ باقاعدگی عمل بھی کامیابی کی علامت ہے۔ یہ عمل آپ کو ہر وقت کام آئے گا اگر آپ اسے روز کا معمول بنا لیں تو کسی وظیفے یا عمل کی ضرورت نہیں رہے گی۔ کسی بھی کام کے لیے صرف تین یوم کی مدت درکار ہے۔ بڑی سے بڑی مشکل حل ہوگی انشاء اللہ مندرجہ بالا طریقہ صرف حب کے لیے تھا۔ باقی امورات کے لیے بروز جمعرات نوچندی غسل کر کے صدقہ دے دیں اور بعد نماز عشاء ایک نشست میں 205 بار پڑھ لیں۔ سات یوم کے اندر اندر بامقصد ہونگے۔ کوئی ایسی مشکل اچانک آن پڑے کوئی ناگہانی مصیبت آن پڑے یا ایسے حالات کا شکار ہوں کہ کچھ بھی نظر نہ آتا ہو تو اس عمل کو کسی وقت بھی کر سکتے ہیں۔ آپ اسے ضرور آزمائیں۔ 105 کی تعداد میں روز پڑھنے سے چالیس روز میں آپ صاحب زکوۃ ہونگے۔ اور اس کے بعد اس دعا کو گیارہ بار روز پڑھیں۔ کوئی مشکل مشکل نہیں رہے گی۔ اس کے علاوہ اچانک بغیر نوچندی جمعرات کے کسی بھی وقت اس کو آپ 205 دفعہ بعد نماز عشاء کر سکتے ہیں۔ اگر بتی ساتھ جلا لیں تو بہتر ہے۔ دعائے مفتاح الحب یہ ہے:۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلاَّ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَ اَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلاَّ اَنْتَ

نجوم' پامسٹری' اعداد' جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

از : زیڈ آئی سیٹھی' کراچی۔

# راتوں رات کروڑ پتی

## اپنے نام یا اپنے بچوں کے نام کا لکی نمبر معلوم کرنے کا علم الاعداد کی روشنی میں طریقہ

نئی صدی کے موقع پر حکومت پاکستان نے سابقہ بانڈ کو ختم کر کے نئے پرائز بانڈ متعارف کرائے ہیں جو کہ پہلے بانڈ کی نسبت بانڈ کا انعام پکڑنا مشکل ہو گیا۔ اُس کی وجہ یہ ہے کہ پہلے پرائز بانڈ کی سیریز ایک لاکھ بانڈ پر مشتمل تھی۔ جب کہ اب ایک لاکھ کی بجائے 10 لاکھ کر دی گئی ہے۔ اور پہلے ایک ہی قرعہ اندازی A سے Z تک یا اس سے زیادہ پر سیریز پر ہوتی تھی۔ جب کہ حکومت نے ہر سیریز میں انعام علیحدہ کر دیا ہے پہلے مجموعی طور پر حکومت پرائز بانڈ پر شرح منافع 12 فی صد دیتی تھی۔ جب کہ اب 6 فی صد کر دیا گیا ہے۔ پہلے ہر نمبر کی پرچی مل جاتی تھی۔ مگر اب پرچی پر پابندی لگا دی گئی۔ مگر ہر شہر میں پرچی کا کام ہوتا ہے بلکہ کراچی صدر میں پھر سر عام کام شروع ہو گیا ہے۔

میرا فیلڈ ہمیشہ پرائز بانڈ کے نمبر نکالنے میں ہی ریسرچ کرنا رہا ہے۔ جیسا جیسا طریقہ سامنے آتا ہے۔ قارئین کی عدالت میں لے آتا ہوں میرا قارئین تک پہنچانے کا مقصد کہ آپ پرچیوں پر رقم کو ضائع نہ کریں۔ اگر کسی طریقہ کے تحت نمبر نکال لیں تو میرا خیال ہے آپ نقصان سے بچ سکتے ہیں۔ آج میں بچوں کے نام سے لکی نمبر نکالنے کا بالکل آسان طریقہ پیش کر رہا ہوں۔ اس طرح آپ اپنے بچوں کے نام نمبر نکال کر پرائز بانڈ خرید کریں ہو سکتا ہے اس طریقے میں آپ کا انعام لگ جائے۔ اور آپ راتوں رات کروڑ پتی بن جائیں۔ آپ سب سے پہلے بچے کا نام بمعہ والدہ تاریخ پیدائش دن معلوم کریں۔ آپ دیکھیں ہمارا بچہ کونسی تاریخ کو پیدا ہوا۔ اس تاریخ کو کون سے بُرج اور حاکم سیارہ کی حکومت تھی۔ اور برج کو دیکھتے ہوئے اُسی برج کے تحت ہونے والی قرعہ اندازی میں حصہ لیں۔ انشاء اللہ آپ کا انعام نکل سکتا ہے۔ اُس کا طریقہ کچھ یوں ہے۔ فرض کیا میری بچی اقراء 90-9-9 کو پیدا ہوئی۔ بُرج سنبلہ حاکم سیارہ عطارد ہے۔ اقراء کے حروف ابجد نکال کر لکھیں بمعہ والدہ۔

فوزیہ یاسمین۔ 581

| | |
|---|---|
| تاریخ پیدائش | 9 |
| مہینہ | 9 |
| سن صدی | 1999 |
| برج سنبلہ ابجد | 147 |
| سیارہ عطارد ابجد | 284 |
| ٹوٹل | 3084 |

اب یہ دیکھیں بچی کا برج سنبلہ ہے۔ سنبلہ کا دورانیہ 23 اگست سے 23 ستمبر تک ہے۔ اب یہ دیکھیں سنبلہ کے دوران کون سے بانڈ کی قرعہ اندازی ہے۔ اس کے سلسلے میں اسٹیٹ بنک کا شیڈول دیکھیں ورنہ کسی بھی لکی سینٹر سے شیڈول حاصل کر سکتے ہیں۔ شیڈول سے معلوم ہوا یکم ستمبر کو 40 ہزار اور 15 ستمبر کو 200 روپے والے پرائز بانڈ کی قرعہ اندازی ہو رہی ہے۔ جس کا دورانیہ سنبلہ ہے۔ آپ کے دو بانڈ کے لکی نمبر بن سکتے ہیں۔ جس کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

| | |
|---|---|
| بانڈ مالیت | 40000 |
| تاریخ | 1 |
| مہینہ | 9 |
| سال صدی | 2000 |
| جگہ اسلام آباد ابجد | 140 |
| دن جمعہ ابجد | 118 |
| ٹوٹل | 42268 |
| افراد کے اعداد | 3029 |
| ٹوٹل | 45297 |
| بانڈ مالیت | 200 |
| تاریخ | 15 |
| مہینہ | 9 |
| سال صدی | 2000 |
| جگہ کراچی ابجد | 234 |
| دن جمعہ | 118 |
| ٹوٹل | 2576 |
| افراد کے اعداد | 3029 |
| ٹوٹل | 5605 |

اب جو کل ٹوٹل آیا ہے اسے آپ 84 پر تقسیم کریں۔ 84 پر اس لئے کرتے ہیں کہ ہماری فلکیات کی روشنی میں زیادہ تر استعمال میں 12 برج اور 7 سیارے کو زیر استعمال لاتے ہیں اگر 12 کو 7 سے ضرب دیں تو 84 کی شکل بن جائے گا۔ دونوں ٹوٹل کو 84 سے تقسیم کریں جواب (1) 539/21 اور (2) 66/61 آیا۔ 539 کو 21 سے ضرب دیں لکی نمبر نکل آئے گا۔ 11319 یہ 10 نمبر کا ٹکڑا بن جائے گا۔ اس کو الٹا لکھیں۔ 66 کو 61 سے ضرب دیں آپ کا لکی نمبر نکل آئے گا۔ 4026 یہ پکیٹ کھیلیں۔ یہ طریقہ علوم مخفی کی رو کو مد نظر رکھتے ہوئے علم الاعداد کی روشنی میں ترتیب دیا گیا ہے جس سے انعام لگنے کے چانس کافی حد تک ہوتے ہیں۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

نجوم' پامسٹری' اعداد' جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

از: امتیاز حسین کوئٹہ۔

گذشتہ سے پیوستہ

# بحر الجفر

## طلسم اسمائے برھتیہ

## برائے حُب

٤٨٦

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ١ | ٨ |
| ٧ | ٥ | ٣ |
| ٢ | ٩ | ٤ |

**اھ ط م ف ش ذ ب د و ح ب د و ح ب د و ح لھزِ طخٍ نعطخٍ اسلخٍ سلخٍ توکلوا یا خدام ھذہ الآسماء و انت یَا احمر بتھیج فلاں بمحبتہِ فلاں اھطمفشذ ٢ مرکسٍ ٢ بطسٍ ھیًا شراھیًا آل ایل بدوح'' ٢ العجل الساعة**

ترکیب اس عمل جلیل کی یہ ہے کہ نوچندی اتوار کی رات کو سات عدد فلیتہ تیار کرے اور مطلوب کے سر کے بال یا کپڑا یا پاؤں کی مٹی لپیٹیں اور چراغ میں زیتون کا تیل ڈال کر رُخ خانہ مطلوب کی طرف کر کے جلائیں اور قسم کو ۴۵ بار پڑھیں مطلوب آندھی طوفان کی طرح حاضر ہو گا مجرب اور معمول ہے۔

یا مٹی کی ٹھیکری پر وفق مذکور کو لکھیں اور اس کے ارد گرد یہ عزیمت بھی لکھیں۔ **شففٍ ٢ ھففٍ ٢ اھیاً اشراھیًا توکلوا یا خداما لروحانیه بتھیسج فلان علی فلان۔** پھر اس ٹھیکری کو آگ کے نیچے دفن کر دیں اور دعوت قسم کو ۴۵ بار تلاوت کریں بعد از عمل خاموشی کے ساتھ اپنے گھر آجائیں اور مطلوب کا انتظار کریں انشاء اللہ مطلوب ہزار قید و بند سے آزاد ہو کر حاضر ہو گا۔ اس عمل کے بارے میں صرف اتنا کہوں گا کہ **ھذا سِرّ'' عجیب۔**

## حاضرات جنات

پندرہ کا آتشی نقش مریض کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھیں اور قسم کو ۴۵ بار پڑھیں ابھی پڑھائی ختم نہ ہوئی ہو گی کہ وہ چیختے چلاتے ہوئے حاضر ہو گا بے خطا عمل ہے۔

## برائے بغُض

دو ناجائز دوستی چھڑوانے کے لیے یہ عمل بہت مجرب ثابت ہوا ہے ترکیب کچھ اس طرح ہے کہ بغض کی تمام شرائط کو مدنظر رکھتے ہوئے وفق مذکور کو لکھیں اور دعوت قسم کو ۷ بار پڑھ کر دم کریں پھر نقش کو قبرستان میں دفن کر دیں اور پھر اس عمل کی تاثیر کا مشاہدہ کریں۔

## دفینہ معلوم کرنا

اس طلسم کو کھجور یا انار کی لکڑی پر لکھیں اور دعوت قسم کو ۴۵ بار پڑھیں تو یہ لکڑی دفینہ کی جگہ پر جا کر ٹھہر جائے گی اگر کسی مکان یا دوکان میں سحر کا خدشہ ہو تو بھی اس عمل سے کام لیا جا سکتا ہے سحر اسی جگہ سے نکلے گا جہاں یہ طلسم جا کر رکے گا۔ طلسم یہ ہے۔

ونا ۴ کا ط ✱ اا ۶۱ ۴ ال اک ا ۸۱ ## 8

ط ٤٤٤ ط ااھ سع اھر ااھر ا۴ل ھ # اا وا

## برائے عقد بستہ

اگر مرد بستہ کو کھولنا یا سحر کا دور کرنا یا کسی پاگل کو تندرست کرنا چاہیں تو دعوت اور خاتم کو مُشک زعفران سے لکھ کر عود و جاوی کی دھونی دیں اور دھونی کے وقت سات بار دعوت کو پڑھیں اور موکلات کو سحر یا مرد بستہ کے کھولنے یا جنون کے دفع کرنے کا حکم دیں تو ایسا ہی ہو گا۔ بحکمہ تعالیٰ۔

## برائے حاضرات

پندرہ کا آتشی نقش حروف میں لکھیں اور درمیان والے خانے کو

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

سیاہ کر دیں عزیمت برھتیہ کو ۴۹ بار تلاوت کریں کچھ ہی دیر کے بعد ساتوں روحانی حاضر ہونگے عامل ادب سے اسلام علیکم کہے اور اپنا تعارف یعنی عاجز فلاں بُزرگ کا مُرید یا شاگرد ہے اور اپنا مقصد بیان کرے مثلاً اس مریض کو کیا ہے کون تکلیف دے رہا ہے اگر آسیب ہے تو اُسے گرفتار کروائیں کچھ ہی دیر میں موکل آسیب کو زنجیروں سے باندھے لے آئیں گے اب عامل بادشاہ کی معرفت آسیب سے دوبارہ نہ آنے کا وعدہ لے اگر آسیب نہ مانے تو اُسے کوڑے لگوائے اگر پھر بھی نہ مانے تو اُس قید کروائے اور بادشاہ سلامت کا شکریہ اور معذرت بھی ضرور کرے کہ ہم نے آپ کو تکلیف دی۔ یہ عمل سو فی صد درست ہے مگر اس عمل سے وہی شخص فائدہ اٹھا سکتا ہے جو دعائے برھتیہ کا عامل ہو۔ اس عمل سے میں نے بہت سے ایسے کام لیے ہیں جہاں پر تمام عملیات و عامل ناکام ہو چکے تھے۔ مثلاً ایک سائل نے بتایا کہ ہمارے گھر کی پانی کی ٹینکی جو ہم روزانہ رات کو بھر دیتے ہیں صبح کو وہ ٹینکی ایسے خالی ہوتی ہے جیسے کبھی اُس میں پانی بھرا ہی نہ گیا ہو بہت سے عامل حضرات سے دم کروایا مگر مسئلہ حل نہ ہوا۔ عاجز نے تمام واقعات سُنے کے بعد یہ حاضرات کی تو معلوم ہوا کہ جنات کا ایک خاندان روزانہ رات کو یہ پانی پی جاتا ہے بذریعہ حاضرات اُن کو طلب کیا گیا بعد از قول و اقرار کے اُن کو رہا کر دیا اس کے بعد پھر پانی کم نہ ہوا۔

ایسے اور بھی سینکڑوں واقعات پیش آ چکے ہیں ان واقعات کے بتانے کا مقصد صرف علم حاضرات ایک عظیم علم ہے مگر بغیر استاد کامل کے کوئی اس علم پر دسترس حاصل نہیں کر سکتا عاجز نے بہت سی کتابیں پڑھیں بہت سے ماہرینِ علم حاضرات سے ملا مگر کچھ حاصل نہ ہوا آخر ٹھوکریں کھاتے کھاتے ایک بزرگ کامل سے ملاقات ہوئی چار سال کی خدمت اور منت سماجت کے بعد انہوں نے چار عمل عطا فرمائے۔ ان اعمال سے نہ صرف میں حاضرات کی مخفی مخلوق کا مشاہدہ کرتا ہوں بلکہ بچے بڑے بوڑھے سب پر یکساں حاضرات ہوتی ہے یہ چاروں عمل عنقریب آپ کی نذر کرونگا۔

یہاں پر میں ایک بات کی وضاحت کرتا چلوں کہ علم حاضرات ایک مشکل ترین فن ہے میں نے گنتی کے چند لوگوں میں اس علم کو پایا ہے۔ اکثر لوگوں کی ناکامی کا سبب سنے سنائے یا من گھڑت اعمال ہوتے ہیں۔ قارئین جب یہ عمل کرتے ہیں تو نتیجہ لازمی صفر نکلتا ہے یہاں پر صرف عامل حضرات ملامت ہیں۔ اور یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ اکثر لوگ عمل کرتے ہیں مگر چند دن کے بعد چھوڑ دیتے ہیں اس کا نتیجہ بھی ہمیشہ رُجعت اور ناکامی کی صورت میں سامنے آتا ہے یہ حضرات کافی تعداد میں پائے جاتے ہیں یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ بعض لوگ عمل تو پورا کرتے ہیں مگر عمل کی شرائط کا کوئی خیال نہیں رکھتے پھر سارا الزام عامل کے سر تھوپ دیا جاتا ہے۔ عمل یا تو شروع نہ کریں اگر شروع کر ہی دیا ہے تو اُسے تکمیل تک پہنچائیں بعض لوگوں کو میں نے دیکھا کہ عمل ایسے پڑھتے ہیں کہ جیسے دشمن کی فوج میں پھنس گئے ہوں.... ایسے نہیں بلکہ عمل یوں پڑھا جائے کہ اُس کے معنی بھی ذہن میں رہیں۔

### دوسری شرط

اس فن کے طالب کو چاہیے کہ وہ اپنا وقت خلوت یا نیک لوگوں کی صحبت میں گزارے اور کسی سے اپنا راز نہ کہے۔

### تیسری شرط

یہ کہ حاجت ضروریا کو کم جایا کرے اور تمام وقت باوضو رہا کرے کیونکہ اثنائے ریاضت میں جنات وغیرہ سے اذیت کا خوف رہتا ہے۔

### چوتھی شرط

جس مکان میں عمل کا ارادہ ہو وہ مکان آبادی سے دور ہونا چاہیے مگر یہ شرط اُس وقت ہے جب آپ کا ارادہ جنات یا موکلات کو حاضر کرنا ہو ورنہ نہیں ہے۔

### پانچویں شرط

مکان کو ہر وقت خوشبو سے بسا کر رکھے کیونکہ موکلات کو خوشبو بہت پسند ہے بعض عملیات کے ساتھ بخورات بھی لکھے ہوئے ہوتے ہیں حالانکہ ان کا بھی اپنا علم اور افادیت ہے۔

### چھٹی شرط

دوران ریاضت بلکہ ہمیشہ کسی پر ظلم نہ کرے نہ ناجائز مقصد کے لیے تعویذ دے نہ کسی جاندار کو ستائے نہ غیبت نہ جھوٹ اور دوسرے امور جن کا تعلق حقوق العباد سے ہے۔

### ساتویں شرط

ترک حیوانات جس کے بارے میں اساتذہ کرام نے اتنا لکھا ہے کہ مزید کچھ لکھنا فضول ہے۔

### آٹھویں شرط

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

یہ ہے کہ اپنی نیت اور ارادہ کو مضبوط اور قائم رکھے شک نہ آنے دے۔ اور اگر کسی عمل میں خلل واقع ہو جائے تو دوبارہ اس کو شروع کرے مگر عمل چھوڑے نہیں۔

یہ شرطیں علم تسخیرات کے لیے بہت ضروری ہیں جب تک ان شرائط پر عمل نہ کیا جائے مقصد کا حصول ناممکن ہے۔ اگر آپ کا ارادہ حاضرات کرنے کا ہے تو ان شرائط کو مد نظر رکھتے ہوئے حاضرات کریں۔

(۱) عامل اور معمول دونوں باوضو ہوں اگر ہو سکے تو معمول کو پہلے نہلا دیں پھر حاضرات کریں۔

(۲) جس جگہ حاضرات کی جائے وہ جگہ بھی پاک صاف ہو اکثر دیکھا گیا ہے حاضرین مجلس سگریٹ پی رہے ہوتے ہیں یا آپس میں گپ شپ لگا رہے ہوتے ہیں ایسی صورت میں حاضرات نہ ہو گی۔

(۳) حاضرات کرنے سے پہلے ایک دو اگر بتیاں بھی ضرور جلائیں اور کسی چیز پر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور چاروں سلسلے کے اکابرین کے لیے فاتحہ دلائیں۔

(۴) بعد از فاتحہ کے اصراف عام کے عمل کے ذریعے اس مکان کے جنات کو رخصت کر دے ورنہ یا تو معمول کو سخت نقصان پہنچے گا یا پھر وہی جنات بزرگ بن کر معمول پر حاضر ہو جائیں گے اور تمام سوالوں کے جوابات غلط ملیں گے۔

(۵) بعض اوقات حاضرات نہیں کھلتی وجہ یہ ہوتی ہے کہ اس شہر میں کوئی بزرگ یا شہید یا صاحب مزار کی وجہ سے ہوتا ہے پہلے جا کر ان سے اجازت لے طریقہ یہ ہے کہ ان کے مکان یا خانقاہ یا مزار پر حاضر ہو کر شیرینی پر فاتحہ پڑھ کر ان کی روح کو بخش دے انشاء اللہ حاضرات کھل جائے گی۔ مگر یہ عمل اس وقت لاگو ہو گا جب عامل دوسرے شہر میں جا کر حاضرات کرے۔

(۶) بعض اوقات فرقہ غالف یعنی جن بھوت وغیرہ معمول کی آنکھیں بند کر دیتے ہیں جن کی وجہ سے حاضرات نظر نہیں آتی۔ اس کے لیے پہلے اصراف پڑھے پھر یہ اسماء گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے یا سرمہ سلائی پر دم کر کے سلائی کو دو مرتبہ آنکھ پر پھیرے ان اسماء کی برکت سے آنکھیں کھل جائیں گی اور حاضرات کھل جائے گی وہ اسماء یہ ہیں :-

مَنقُوشِ۔ مِہوَشِ۔ خَرشِ۔ خَرُوشِ۔ فِردوشِ۔

اگر پھر بھی حاضرات نہ کھلے تو عمل کے موکلات کے ذریعے نظر کھلوائے جس کا طریقہ بعد میں بتایا جائے گا۔

(۷) جب بزرگ حاضر ہوں تو نہایت ادب کے ساتھ بات کی جائے غیر شرعی و غیر ضروری سوالات نہ کئے جائیں نیز انھیں زیادہ دیر تک بھی نہ بٹھایا جائے ورنہ وہ ناراض ہو جائیں گے۔ اگر وہ ناراض ہو گئے تو تمام حاضرات بند ہو جائیں گی۔ حاضرات اگر بند ہو جائیں تو بعد میں حاضرات کھولنا ایک ناممکن سی بات ہو گی۔

آخر میں ایک بات یاد آئی........

کہ اکثر حضرات خط لکھ کر ارشاد فرماتے ہیں کہ جی ہمارے پاس علیحدہ مکان نہیں ہے اگر آپ برا نہ مانیں تو ہم آپ کے پاس آ کر چلہ کشی کریں........

میرے خیال میں اب مجھے اور خالد صاحب کو مکان بنانے پڑیں گے کہ جن لوگوں کے پاس جگہ نہیں ہے وہ ہمارے پاس آ کر اپنا شوق پورا کریں۔

میرے پاس تو اس مسئلہ کا حل نہیں اگر آپ کے پاس ہے تو خالد بھائی کی معرفت مجھے مطلع کریں۔

ہاں تو قارئین بات ہو رہی تھی دعائے برھتیہ کی مگر ختم ہوئی حاضرات پر اب اجازت چاہتا ہوں۔ والسلام۔ (جاری ہے)


## کتب دستیاب ہیں

| | |
|---|---|
| راہنمائے عملیات (ماہنامہ) | 20 روپے |
| خزینہ اعداد | 50روپے |
| روحانی مشورے | 38 روپے |
| متحصلہ قادر الکلام | 50 روپے |
| بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر | 100روپے |
| 10 سالہ جنتری | 115روپے |
| خالد روحانی جنتری 2000 | 55 روپے |
| علم الحروف | 100روپے |
| ساعات حقیقی | 90روپے |
| اسباق دست شناسی | 60روپے |


نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
UnisTech Document Processing Solutions
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

از : حکیم غلام سرور شباب، حویلی لکھا۔

# طلسمات محبت

## ناچاکی زن و شوہر

(۱) اگر عورت اور مرد میں ناچاکی ہو تو محبت کی ساعت مقررہ میں اس طلسم کو لکھ کر نیچے ہر دو کے نام بمعہ والدہ لکھیں اور اسے آگ کے قریب دفن کر دیں۔ انشاء اللہ موافقت ہو گی۔ طلسم یہ ہے :-

ا ا ۱۱۱ ا محرم اا

## (۲) ناچاکی زن و شوہر

اگر ان طلسمات کو مکان کے دروازے کے نیچے جس میں زن و شوہر رہتے ہوں دفن کر دیں تو ضرور آپس میں پیار و محبت سے رہیں گے۔ طلسمات یہ ہیں :- لاولاوح طع سعصه صه ملهبه صح صح صح صح

بلعس صه صه مه باسم فلاں و فلاں

## (۳) ناچاکی زن و شوہر

اگر عورت شوہر کے ساتھ محبت نہیں کرتی تو اس طلسم کو لکھیں اور پانی سے دھو کر عورت کو پلا دیں عورت اپنے مرد کے ساتھ محبت کرے گی طلسم یہ ہے۔ ص ص ص سسم ح ل لم لم لم لم لم و ا ب ۱۱۱۱ و و

و و و و س س س س س س س س یہ فلاں و فلاں

مجنزوالاوب عر ع ۴ عر

## (۴) ناچاکی زن و شوہر

اگر میاں بیوی میں ناموافقت ہو تو اس کو لکھ کر کوئی ایک اپنے بازو پر باندھے دونوں میں موافقت ہو جائے گی۔ طلسم یہ ہے

مه بمع و دره طلع طه خاحد باتی بحق کھیعص ۱۱۱ ع ع

## (۵) محبت میاں بیوی کے لیے

اگر زن و شوہر میں محبت کم ہو اور ناموافقت ہو تو اس طلسم کو لکھیں اور بازو پر باندھیں اگر گناہ یعنی غلطی مرد کی طرف سے ہو تو عورت اس طلسم کو اپنے پاس رکھے اور اگر غلطی عورت کی ہو تو مرد اسے اپنے پاس رکھے طلسم یہ ہے

آ ح آ و آ و آ و آ و آ و آ و آ و د و ال ال ال ال ال ال ال ال ال ال

ال نه نه نه نه نه نه نه نه عطری المو س باسم فلاں و فلاں

## (۶) محبت کے لیے

سورہ الم نشرح کو سات ڈلیوں نمک لاہور پر پڑھیں۔ یعنی ہر ایک پر سات سات مرتبہ اور آخر سورہ میں ہر مرتبہ مطلوب کا نام مع والدہ لیں۔ اور ایک ایک کر کے آگ میں ڈال دیں سات یوم میں مطلوب حاضر ہو گا۔

## (۷) محبت کے لیے

اگر آپ چاہیں کہ مطلوب بے قرار ہو کر آپ کے پاس حاضر ہو تو چڑیا کے پر کے اوپر ذیل کا طلسم لکھ اپنا اور مطلوب کا نام مع والدہ لکھیں۔ اور پھر کسی پھل دار درخت کی شاخ پر باندھ دیں مطلوب محبت میں بے قرار ہو کر حاضر ہو گا۔ طلسم یہ ہے۔

ھا ۱۱۲۱۹۱۱۲۱۱ ھ ا ۲ ھ فع عجلوا

عجلوا عجلوا الساعة الساعة الساعة الوحا الوحا الوحا الحب

فلاں بن فلاں اعلاحب فلاں بن فلاں ابدا

## (۸) مطلوب قرار نہ پائے

بروز منگل بوقت غروب آفتاب ذیل کے طلسم کو لکھ کر کسی پھل دار درخت کی شاخ پر باندھیں۔ مطلوب بہت جلد بے آرام ہو کر قرار نہ پائے گا۔ طلسم یہ ہے

ع ۱۱ ع ۲۱ ۱ ع ۷ فلاں بن فلاں طالب ع ع ع مور فلاں بن فلاں

ط ط ط ط د ا مع

## (۹) خاوند کی محبوبہ

اگر عورت چاہے کہ اس کا خاوند اسے محبوبہ سمجھے تو اس طلسم کو لکھ کر عورت اپنی ڈاڑھ میں رکھ کر خاوند سے بات کرے محبت ظاہر ہو گی۔

ک ۱۱۱۳۱ ھ رلع ح ۷ ۶ ۵ ۶۶

## (۱۰) کسی کو اپنا محب بنانا

اگر تو کسی کو اپنا محب بنانا چاہے تو ذیل کے طلسم کو مرغی کے انڈے پر لکھ کر اس جگہ دفن کر جہاں سورج کی روشنی پڑتی ہو تو عجیب تماشہ دیکھے گا۔ طلسم یہ ہے

ھ ۱۱۱ م ۹۱۹ ۱۱۲۱ ۱۶۱ ا ر ا لا ر ا ۱۱ ا ح ر تت قلب

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں العجل العجل العجل الوحا الوحا

الساعة الساعة الساعة النار النار النار

## (۱۱) محبت شرعی کے لیے

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

بجری کے شانہ پر ذیل کا طلسم تحریر کریں اور مطلوب کا نام مع والدہ لکھیں اور اسے آگ کے قریب دفن کر دیں۔ پس مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہو گا۔ طلسم یہ ہے۔

///// ھ و ۸ ۶ ۱ ۱ ۲ ۵ ۱ ۶ کھہ ۱۱۱ لا ۱۱ م و د ا
۵ ۷ ھ ۱ ۹ ۸ ۱ اطہ ۱۱۱ ۱۱۱۱ ط د ع ط ن
۱۵ ھو ھمیلیخ ھمیکیخ ھمیکیخ ھملیخ ھبلیخ آہ آہ
یا احمد دوستی فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

(۱۲) محبت کے لیے

جس شخص کے ساتھ تو محبت کرنا چاہیے اس کا نام مع والدہ اس طلسم کے نیچے لکھ کر کسی پھل دار درخت پر باندھ دے۔ پس تو عجیب تماشہ دیکھے گا۔ طلسم یہ ہے

ہ ہ ہ ہ علقل ہ کھل و موبل ف ہ معلل
الجل الجل التکفیه ھ ھ الساعۃ عقدت نوم
فلاں بن فلاں لمحبۃ فلاں بن فلاں ط ۱۱۱ ع ۱۱۱ ۸ ۱۱۱ ک ہ
الساعۃ اھیاً اشراھیاً ۲۲۲ ح ح ح م ۲ م ۱ ط ۸ مع ۱۸
۳۱ ک ۳۸ ح صہ سوختم دل و جان روح روان
فلاں بن فلاں بمحبت و دوستی فلاں بن فلاں ۴ ع ری ۲۳ ط ۱۱
نخ نخ ع ع ع لہ لہ لہ لا ط ۹ ۵ ۱۱۱ ح

## تسخیر ہمزاد

تو چندی جمعرات کو جو آدمی، عورت یا بچہ مر جائے تو اس کی قبر پر جا کر قبر کھود یں۔ جب پہلی مرتبہ کسی چلائیں تو مٹی کی ایک مٹھی بھر لیں۔ پھر قبرستان سے اتنی دور اس مقام جا ٹھہریں۔ جہاں سے قبر کھودنے والے کو نماز جنازہ پڑھنے تک لوگ نظر آئیں۔ مندرجہ ذیل عمل بلا تعداد اس وقت تک پڑھتے رہیں جب تک لوگ مردہ کو دفن کر کے گھر نہ چلے جائیں۔ عمل یہ ہے۔

مسلمان کی مٹی ہندو کے کام
ہندو کی مٹی مسلمان کے کام

لوگ آپ کو نماز جنازہ میں شامل ہونے کا کہیں گے خیال رہے کہ اپنی جگہ سے نہ ہلیں اور نہ ہی جنازہ میں شامل ہوں۔ بعد میں اسی جگہ جہاں لوگوں نے جنازہ پڑھا تھا۔ خود اکیلے جنازہ پڑھیں مگر یاد رہے کہ مٹی کی مٹھی نہ کھولیں۔ جنازہ پڑھ کر اپنے گھر آ جائیں۔ اب اس مٹی کو کسی مٹی کے برتن میں ڈال کر ہاتھ جھاڑ دیں۔ ہاتھ دھونا نہیں بلکہ دوسرے ہاتھ سے دونوں کو مل لیں۔ اب اس جگہ جہاں عورتیں پانی گھڑے سے بھرتی ہیں ان کو گلے سے پکڑ کر دونوں ہاتھوں سے گھڑا اٹھوائیں۔ گھڑا ٹوٹ جائے گا اور گلہ ہاتھ آ جائے گا عورت کو خواہ رقم دیں یا کسی طرح وہ راضی ہو۔ مگر گھڑے کا گلا نہ دیں۔ اب گلے کو بائیں ہاتھ میں لے کر دفن شدہ مردہ کے سرہانے کھڑے ہو جائیں۔

بقیہ صفحہ 52

از: حکیم رفعت اشفاق چوہان، گوجرانوالہ۔

# استخارہ

قارئین آج آپ کے سامنے اپنا مجرب استخارہ پیش کر رہا ہوں امید ہے انشاء اللہ آپ کے معیار پر پورا اُترے گا۔ آج کل ہر شخص پریشان رہتا ہے نیا کاروبار شروع کریں یا کسی بھی کام میں ہاتھ ڈالیں پہلے استخارہ کریں تو انشاء اللہ کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔

قارئین استخارہ کرنا در حقیقت اپنے معاملات کے لیے اللہ تعالیٰ سے مشورہ لینا ہوتا ہے۔ استخارہ کرنا سنت نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے۔ احادیث مبارکہ میں حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت کیا ہے۔ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے ہم کو تمام معاملات میں استخارہ کی تعلیم فرمائی ہے۔ جس طرح قرآن کی سورۃ تعلیم فرماتے تھے۔ ایک حدیث شریف میں ہے کہ اے انس جب تو کسی کام کا قصد کرے تو اپنے رب سے اس میں سات بار استخارہ کر پھر دیکھ کہ تیرے دل پر کیا گزرا بے شک اسی میں خیر ہے۔ بعض مشائخ سے منقول ہے کہ خواب میں سفیدی یا سبزی دکھائی دے تو وہ کام بہتر ہے۔ اور اگر سیاہی یا سرخی دکھائی دے تو وہ کام بہتر نہیں ہے اس سے اجتناب کرے۔

استخارہ کرنے کا درست طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت نماز استخارہ ادا کریں اس کے بعد چارپائی پر لیٹ کر ایک تسبیح درود شریف پڑھیں بعد بلا تعداد سونے تک یہ پڑھیں جبکہ نیند آ جائے۔

**النور الباسط الظاهر**

## شرائط استخارہ

استخارہ کرنے سے قبل غسل کریں۔ لباس صاف و پاکیزہ ہو۔ علیحدہ کمرے میں استخارہ کریں۔ عشاء کی نماز باجماعت ادا کریں اور اس کے بعد کسی سے کلام نہ کریں۔ استخارہ کرتے وقت آپ کا پیٹ بھرا نہ ہو۔ کھانا کم از کم ڈھائی یا تین گھنٹے قبل کھائیں۔ قارئین دیکھنے میں یہ مختصر سا عمل ہے لیکن وزن میں بہت بھاری ہے۔ آپ آزمائیں انشاء اللہ تا زندگی یاد رکھیں گے۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

از: عامل سحر کاظمی، لاہور

# علم الاعداد برائے خواتین

اس موضوع کے تحت ہم اب تک بے شمار دفعہ مردوں کی خصوصیات بیان کرتے رہتے ہیں اور عورتوں کو نظر انداز کر دیتے ہیں آج عورتوں کی خصوصیات پر روشنی ڈالی جا رہی ہے تاکہ خواتین علم الاعداد کی گرفت سے بہرہ ور ہو سکیں۔

اس میں شک نہیں مردوں کے مقابلے میں عورتوں میں زیادہ خصوصیات پائی جاتی ہیں اور عام طور پر یہ بھی دیکھا گیا ہے عورتوں میں ملی جذبات مردوں کے مقابلے میں زیادہ ہی ہوتے ہیں اور وہ انسانیت اور اخلاق سے مردوں کے مقابلے میں زیادہ متاثر ہوتی ہیں اور اچھے لوگوں کی قدر دانی کا مظاہرہ بھی عورتوں میں زیادہ دیکھا گیا ہے۔

عورت فطرتاً کمزور اور نازک مزاج پائی گئی ہے اور بہت جلد شیشے کی طرح چیخ جاتی ہے۔ آنحضور ﷺ نے انہیں آبگینوں سے تشبیہ دی ہے اور انہیں پھولوں کی طرح نازک بتایا ہے۔ بلاشبہ عورت بہت بھولی بھالی ہوتی ہے اور بہت جلد بہکانے میں آجاتی ہے۔ عورت کی پرورش اگر غلط ماحول میں ہوئی ہو تو اس کو سیدھے راستے پر لانا بہت مشکل ہوتا ہے جبکہ اچھے ماحول کی عورت برے ماحول کا اثر جلدی قبول کر لیتی ہے اور گمراہ ہو جاتی ہے۔ تاہم اگر عورت سنبھلنے کا ارادہ کر لے تو وہ فولاد بن جاتی ہے اور اس کو ورغلانا ناممکن ہوتا ہے۔ نفسیاتی طور پر عورت احسان کی بندی ہوتی ہے۔ یہ احسان و اخلاق سے بہت جلد متاثر ہو جاتی ہے۔ عورت کی یہ بھی خوبی ہوتی ہے وہ اپنے محسن کے سامنے ہمیشہ سر جھکائے رکھتی ہے اور مرد کی طرح احسان فراموش اور ناقدری نہیں ہوتی اگر کسی نے تھوڑا سا احسان کسی عورت سے کیا ہو وہ ہمیشہ اُسے یاد رکھتی ہے۔

عورت کی گود مرد کا پہلا مدرسہ ہوتی ہے اگر عورت اچھی ہوگی تو اس کی اولاد بھی اچھی ہوگی۔ اگر عورت جاہل ہوگی تو وہ تربیت بھی جاہل کی طرح کرے گی اگر عورت بری ہوگی تو اس کی برائیاں اولاد میں بھی نظر آئیں گی۔ اسی لئے عورت کی تعلیم و تربیت کو ضروری بتایا گیا ہے۔ غیر تعلیم یافتہ عورت اولاد کی صحیح معنوں میں راہنمائی نہیں کر پاتی۔

عورت کو اللہ تعالیٰ نے بڑی خصوصیات سے نوازا ہے وہ نازک ہے ناقص العقل ہے۔ اس کے باوجود بڑے بڑے بہادروں کو وہ فتح کر لیتی ہے اور اپنی خدمت اور احسان شناسی اور محبت کا مظاہرہ کر کے عقل مندوں کے کان کاٹ لیتی ہے۔

عورتوں میں بھی مردوں کی طرح 9 قسمیں پائی جاتی ہیں۔ میں نے اس کالم میں 1 سے 9 تک کی قسمیں بیان کی ہیں ہر عورت آسانی سے حساب لگا کر اپنے بارے میں اور اپنی دوسری سہیلیوں کے بارے میں اندازہ لگا سکتی ہیں۔ عورتوں کو خصوصیات کے لیے تاریخ پیدائش سے اگر عدد نکالے جائیں تو زیادہ بہتر ہے اور تاریخ پیدائش یاد نہیں تو پھر نام کے اعداد نکالیں جو گو تاریخ پیدائش کے مقابلے میں اتنے درست نہیں ہونگے لیکن پھر بھی گذارہ ضرور ہوگا۔ اگر آپ کو تاریخ پیدائش یاد ہے تو پھر تاریخ پیدائش سے ہی عدد نکالیں۔

مثلاً جو عورتیں 2 مئی 1970 میں پیدا ہوئیں ان کا مفرد عدد 6 ہوگا۔ اور اگر کوئی عورت 15 نومبر 1965 میں پیدا ہوئی تو عدد اس طرح نے گا

15-11-1965=1991=20=2 عدد ہوا 2 اسی حساب سے اپنی اپنی تاریخ پیدائش سے اپنے اپنے مفرد عدد نکالے جا سکتے ہیں اور اگر نام کے حساب سے نکالنے ہوں تو مثلاً نام ہے۔

نسرین= ن(50)' س(60)' ر(200)' ے(10)' ن(50)

50+60+200+10+50=370=10=1 عدد ہوا 1

مسلمانوں میں بہت بڑی خرابی یہ ہے کہ وہ اپنے بچوں کی تاریخ پیدائش اور دن وغیرہ نوٹ نہیں کرتے اور آگے چل کر انہیں پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

## عدد ایک(1) کی حامل خواتین

ایسی عورت میں غرور و تکبر زیادہ ہوگا۔ قدرے ضدی ہوگی۔ قابل اعتماد ہوگی۔ ذمے داری کا احساس ہوگا۔ نڈر اور بہادر ہوگی۔ آزادی کے

نجوم یا مسٹری' اعداد' جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

ساتھ اپنا کام مکمل کرتی ہے۔ اپنی بات کو مقدم سمجھتی ہے۔

## عدد دو(2) کی حامل خواتین

مزاج میں تلون زیادہ ہوگا۔ سیاحت و سفر کو زیادہ پسند کرتی ہو گی۔ علوم و فنون سے شوق رکھتی ہے۔ غصہ جلد آجاتا ہے اور جلد ختم ہو جاتا ہے۔ موسیقی کا شوق رکھتی ہو گی۔ ایک کام سے جلد بور ہو کر دوسرا شروع کرتی ہے۔

## عدد تین (3) کی حامل خواتین

فضول خرچ زیادہ ہو گی۔ پسند کی چیز کو فورا حاصل کرنے کی خواہش رکھتی ہے۔ روپیہ پیسہ جمع نہ کر سکے گی۔ امیرانہ زندگی گذارنے کی خواہش مند ہو گی۔ محبت میں اکثر دھوکا ملے گا۔

## عدد چار(4) کی حامل خواتین

ضدی طبیعت رکھتی ہیں۔ دوسروں کو اپنے مقابلے میں حقارت سے دیکھتی ہیں۔ احسان کرنے والی ہوتی ہیں۔ انصاف پسندی ان میں زیادہ نظر آتی ہے۔ لباس جدید نوعیت کا پہننا پسند کرتی ہیں۔ کسی کا غصہ کسی پر اتارتی نظر آتی ہیں۔ دوستی کے قابل۔ دوست چند ہی ہو نگی۔

## عدد پانچ (5) کی حامل خواتین

والدین کے لیے ان کی پیدائش مبارک ہو گی۔ اپنا کام خوش اسلوبی سے انجام دیتی ہیں۔ خود دار ہوتی ہیں۔ نفاست پسند دیکھا گیا ہے۔ اپنے سسرال کی تعریفیں بہت کرتی ہیں۔ اپنی مجبوریوں کو اپنی خواہش کو چھپاتی ہیں۔ دوست بنانے کا بہت شوق ہوتا ہے۔ کبھی حکم کی نافرمانی نہیں کرتیں۔

## عدد چھ(6) کی حامل خواتین

ایسی عورتیں مطالعہ کی بہت شوقین ہوتی ہیں۔ گھریلو کاموں کو پوری دلچسپی ذمے داری سے کرتی ہیں۔ شوہر سے بہت محبت کرتی ہیں۔ اس نمبر کی حامل عورت زیادہ غصے والی نہیں ہوتی لیکن اگر ضد پر آجائے تو اپنی بات منوا کے چھوڑتی ہے۔ شعر و ادب سے دلچسپی رکھتی ہے۔ کم گو ہوتی ہیں۔

## عدد سات(7) کی حامل خواتین

ہمیشہ چاہتی ہیں کہ دوسرے اس کی تعریف کریں۔ ادب سے شوق رکھتی ہیں۔ خیالی پلاؤ پکانے میں ماسٹر نظر آتی ہیں۔ اکثر میاں بیوی میں تکرار نظر آئے گی۔ رومان پسند ہونے کے ساتھ ساتھ وفا پرست بھی ہوتی ہیں۔

## عدد آٹھ(8) کی حامل خواتین۔

طبیعت میں خود غرضی نظر آئے گی۔ احسان فراموشی کو اپنا شیوہ سمجھتی ہیں۔ عدل و انصاف، دیانت دار نظر آئیں گی۔ ہمدردی رکھنے والی ہوتی ہیں۔ اور کافی ہمدرد لوگ اس کی زندگی میں آئیں گے۔ غریب کی مدد کرنے والی۔

## عدد نو(9) کی حامل خواتین

اصول پسند۔ مقناطیسی کشش رکھنے والی شخصیت۔ قانون کا احترام کرنے والی۔ قوت احساس زیادہ ہو گی۔ لوگ اس کو عزیز رکھیں گے۔ لوگوں کے ساتھ ہمدردی سے پیش آنے والی ہوتی ہیں۔ چٹان کی طرح مضبوط اور ارادے کی پکی ہوتی ہیں۔

بقیہ علم الاعداد

سوال: باغ میں چلیں؟ اعداد باغ 4 موافق نہیں ہے۔

فلم میں چلیں؟ اعداد فلم 6 یہ بھی موافق نہیں ہے۔

تاریخی مقام پر چلیں؟ ت ا ر ی خ ی م ق ا م

اعداد: 4+1+2+1+6+1+4+1+1+4=25

تاریخ مقام=25 مفرد=7

مفرد 7 یہ جواب درست ہے۔ نیز تحفہ کا عدد بھی 7 ہے۔ اب رضوانہ تاریخی مقام کو پسند کرے گی۔ آپ اپنے مہمان یا رشتہ دار کو تاریخ مقام پر لے جائیے۔ خوب لطف اندوز ہو گی اور یہ سیر زندگی کی یادگار سیر ہو گی۔ اس کلیہ سے آپ بہت کام لے سکتے ہیں۔ یہ آپ کی ذہنی سوچ پر منحصر ہے کہ آپ اسے کس طریق سے استعمال کرتے ہیں۔ رحمانی اور مثبت سوچ قرب خداوندی ہے۔ اس لیے ہمیں مثبت سوچ اپنانا چاہیئے تاکہ خود بھی نقصان سے محفوظ زندگی بسر کر سکیں۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
LunaTech Document Processing Solutions

از: محمد شہزاد نوریوالہ۔

# آپ اور آپ کی صحت

آپ لوگ میرے شائع ہونے والے مضامین سے میرا لکھنے کا طریقہ کار تو جان چکے ہونگے میرا آج کا مضمون بھی آپ کے علم میں اضافے کا باعث ہوگا۔ علم نجوم کا زائچہ سمجھنے کے لیے سب سے پہلے آپ کو صحیح زائچہ بنانا سیکھنا چاہیئے۔ جس کا باقاعدہ طریقہ کار خالد روحانی جنتری میں ہر سال دیا جاتا ہے۔

اس کے علاوہ آپ ہمارے محترم خالد اسحاق راٹھور صاحب کے قائم کردہ ادارے خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے زیر اہتمام گھر بیٹھے بذریعہ ڈاک سیکھ سکتے ہیں۔ میرا آج کا مضمون صحت کے بارے میں ہے۔ علم نجوم کے زائچوں میں چھٹا گھر جسے بیت المرض کہتے ہیں جو کہ صحت' بیماری' سحر' جادو' دشمن ظاہری سے منسوب ہے ان معاملات کا پتہ چھٹے گھر سے لگایا جا سکتا ہے۔

سب سے پہلے علم نجوم کے ایک بنیادی اصول قابض اور مالک سیارہ کے فرق کو سمجھ لیں۔ اکثر لوگ اسی فرق کو نہیں جانتے۔

مالک سیارے سے مراد وہ سیارہ ہے جو اس گھر کا مالک ہوتا ہے۔ مثلاً اگر کسی کا چھٹا گھر حمل ہو تو اس کا مالک' مریخ مالک سیارہ کہلائے گا۔ قابض سیارے سے مراد وہ سیارے ہیں جو کہ متعلقہ گھر اس وقت بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں۔ مثلاً پچھلی مثال میں میں نے آپ کو حمل کے مالک مریخ کے بارے میں بتایا تھا۔ اب اگر مریخ سیارہ برج جوزا میں ہو تو پھر ہم یہ کہیں گے کہ حمل کا مالک برج جوزا میں قابض ہے اب میں آپ کو وہ قواعد بتاؤں گا جو کہ پیدائشی زائچے دیکھنے سے صحت کے معاملے میں میرے تجربے میں آئے ہیں۔

1) چھٹا گھر جو کہ صحت سے منسوب ہے اس کا مالک ہمارا صحت کا مالک سیارہ کہلاتا ہے۔ جب اگر صحت کا مالک سیارہ نحس گھروں 6-8-12 گھروں میں قابض ہو یا اس پر نحس سیاروں کی نظر ہو یا وہ کسی نحس حالت میں ہو تو صحت ضرور متاثر ہوگی۔ جب وقتی طور پر بھی چھٹے گھر کا مالک سیارہ نحس حالت میں ہو تو ان دنوں احتیاط کرنی چاہیے۔ کیونکہ صحت بگڑنے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔

2) اس کے علاوہ چھٹے گھر میں جو برج ہوتا ہے۔ اس برج سے متعلق جسم کا حصہ مرض قبول کرنے کی بہت زیادہ صلاحیت رکھتا ہے۔

| نمبر شمار | بروج | جسم کا بیرونی حصہ | جسم کا اندرونی حصہ |
|---|---|---|---|
| 1 | حمل | چہرہ' سر | دماغ |
| 2 | ثور | گردن' کان | گلا |
| 3 | جوزا | دونوں بازو' کندھے' بازوں کا اوپر کا حصہ | پھیپھڑے |
| 4 | سرطان | سینہ' کہنی تک بازو | چھاتی' معدہ |
| 5 | اسد | پشت کا اوپر کا حصہ کلائی کلائی سے کہنی تک بازو | ریڑھ کی ہڈی' دل |
| 6 | سنبلہ | شکم' ہاتھ | آنتیں |
| 7 | میزان | پشت کا نیچے کا حصہ | گردے |
| 8 | عقرب | پیڑو' اعضائے تناسل | نظام پیدائش نو |
| 9 | قوس | چوتڑ' کولہا' ران (زانو تک) | اوجڑی |
| 10 | جدی | گھٹنا (زانو) | ہڈیاں |
| 11 | دلو | ٹانگ کا نچلا حصہ' پنڈلی' ٹخنہ | دوران خون |
| 12 | حوت | پاؤں | جگر' شریانیں |

مثلاً اگر کسی کا چھٹا گھر حمل ہو تو چہرہ' سر' دماغ مرض قبول کرنے کی بہت زیادہ صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس لیے جب وقتی طور پر چھٹا گھر نحس طور پر متاثر ہوتا ہے تو چھٹے گھر سے متعلقہ حصے پر بیماری وارد ہونے کے زیادہ امکانات ہوتے ہیں۔

3) طالع میں جو برج ہوگا وہ جسم کا مضبوط حصہ ہوگا اور اس کا مالک سیارہ جہاں بھی ہوگا اس برج کے متعلقہ حصے کو بھی مضبوط کرے گا۔

4) طالع کے مقابل یعنی ساتویں گھر میں جو برج ہوگا جسم کا وہ حصہ بھی بیماری کا جلدی اثر قبول کرے گا۔

5) بعض لوگ پیدائشی بیمار ہوتے ہیں اور دائم المریض کہلاتے ہیں اگر طالع میں زحل یا چھٹے میں عطارد۔ آٹھویں میں زہرہ بارھویں میں شمس و قمر ہو تو مولود دائم المریض ہوگا۔

6) جب آٹھویں گھر میں کوئی نحس سیارہ ہو تو بواسیر ہونے کا خطرہ

نجوم' پامسٹری' اعداد' جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

ہوتا ہے۔

(7) جب بارھویں یا دوسرے گھر میں شمس یا قمر ہوں تو آنکھیں متاثر ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

(8) چھٹے گھر میں قمر ہو تو نزلہ' زکام اور سردی کے امراض لاحق ہو سکتے ہیں اگر دوسرے گھر کا مالک یا بارھویں گھر کا مالک چھٹے یا آٹھویں میں ہو تو یرقان کا خطرہ ہوتا ہے۔

(9) تیسرے گھر میں زہرہ ہو تو سوزاک اور شوگر کا خطرہ ہوتا ہے۔

(10) چھٹے گھر میں زہرہ ہو تو جریان اور جنسی امراض لاحق ہو سکتے ہیں۔

(11) پہلے گھر یا بارھویں گھر میں مریخ ہو تو اونچی جگہ سے گرنے سے یا حادثہ وغیرہ سے چہرہ پر زخم وغیرہ کا نشان ہو سکتا ہے۔ اس لیے ایسے انسان زندگی میں کبھی بھی لوہا' اسلحہ' آگ اور حادثہ سے زخم کھا سکتے ہیں۔

(12) چھٹے گھر میں زحل ہو تو بواسیر اور معدہ کی تکالیف لاحق ہو سکتی ہیں۔

(13) چھٹے گھر میں مشتری ہو تو دوران خون کو متاثر کرتا ہے۔

(14) چھٹے گھر میں عطارد ہو تو دماغی امراض اور جریان' آتشک وغیرہ ہو سکتے ہیں۔

(15) پہلے یا آٹھویں گھر میں مریخ اور ساتویں آٹھویں یا بارھویں میں قمر ہو تو مرگی ہو سکتی ہے۔

(16) چھٹے گھر کا مالک جہاں بھی قابض ہو گا اس برج کے متعلقہ جسم کا حصہ بھی بیماری کا اثر جلد قبول کرنے کی خاصیت رکھتا ہے۔

بد اثرات سے بچاؤ

ان سیاروں کی نحوست سے بچنے کے لیے اپنی صحت کے مالک گھر پر نظر رکھنی چاہیے اور جب یہ کوئی نحس حالت میں ہو تو اس سے متعلقہ جنس کا صدقہ خیرات اس سے متعلقہ دن سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ کے اندر اندر کرنا چاہیے اور صحت ٹھیک رکھنے کے لیے چھٹے گھر کے متعلقہ برج کے مطابق پتھر یا چھٹے گھر کے مالک سیارے کے متعلقہ پتھر پہننے سے بھی نحوست دور ہونے کا بھی یقین کر سکتے ہیں۔ پتھر پہننے کا بھی وہی طریقہ ہے جو کہ صدقہ دینے کا ہے۔

برجوں کی منسوبات کا چارٹ

| برج | مالک سیارہ | جنس | دن | پتھر | رنگ |
|---|---|---|---|---|---|
| حمل | مریخ | مسور کی دال | منگل | مرجان | سرخ |
| ثور | زہرہ | چینی' چاول | جمعہ | الماس | نیلا' فیروزی |
| جوزا | عطارد | دال مونگ ثابت | بدھ | زمرد | پیلا' زرد |
| سرطان | قمر | چاول' سفید کپڑا | سوموار | حجر القمر | سفید |
| اسد | شمس | گندم' باجرہ | اتوار | یاقوت | نارنجی' گولڈن |
| سنبلہ | عطارد | دال مونگ ثابت | بدھ | زمرد | پیلا' زرد |
| میزان | زہرہ | چینی' چاول | جمعہ | الماس | سفید' سرمئی |
| عقرب | مریخ | مسور کی دال | منگل | مرجان | سرخ |
| قوس | مشتری | چنے کی دال' شکر | جمعرات | فیروزہ' پکھراج | سبز |
| جدی | زحل | چنے سیاہ' تل | ہفتہ | نیلم' لاجور | سیاہ |
| دلو | زحل | چنے سیاہ' کالا کپڑا | ہفتہ | عقیق سیاہ' نیلم | سیاہ |
| حوت | مشتری | چنے کی دال | جمعرات | عقیق زرد' پکھراج | سبز |

اگر یہ پتھر نہ مل سکیں تو متعلقہ رنگ کا کوئی بھی پتھر پہن لیں۔

نوٹ: راہو کیتو کی بھی وہی منسوبات ہیں جو زحل کی ہیں۔ اس کے علاوہ جو منسوبات برج کی ہیں وہی اس کے مالک سیارے کی ہیں یہ تو وہ اصول تھے جو میں نے پیدائشی زائچوں سے اخذ کیے ہیں۔

اگر کسی کا پیدائشی زائچہ نہ ہو تو بوقت سوال وقتی زائچہ بنائیں اور مندرجہ ذیل اصولوں کو کام میں لائیں۔

1- جب وقتی زائچہ بنائیں تو چھٹے گھر کو دیکھیں اگر اس گھر میں زحل ہو تو مریض کے اپنے ذہن کا پیدا کردہ کوئی مرض دماغی ہے۔

2- مشتری ہو تو دوران خون میں کوئی خرابی جگر کا کوئی مرض وغیرہ ہے۔

3- مریخ ہو تو جسم کے اندر یا باہر کوئی زخم یا یرقان ہونے کا اندیشہ ہے۔

4- اگر شمس ہو تو دل کی کوئی خرابی یا دماغ کا فتور ہو سکتا ہے۔

نجوم' پامسٹری' اعداد' جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

5- زہرہ ہو تو اعضائے تناسل میں کوئی نقص، جنسی بیماری، جریان سوزاک وغیرہ اور گردہ مثانہ مرض سے متاثر ہو سکتے ہیں۔

6- عطارد ہو تو کوئی دماغی مرض، مرگی، ہسٹریا یا کھانسی، دم وغیرہ ہوتا ہے۔

7- قمر موجود ہو تو نزلہ، زکام، پیٹ، معدہ اور انتڑیوں کے امراض اور بواسیر وغیرہ۔

8- اگر چھٹے گھر میں کوئی سیارہ موجود نہ ہو تو اس کے مالک سیارے کو مدنظر رکھا جائے۔ اگر چھٹے گھر کا مالک سیارہ پہلے میں ہو تو بخار آشوب چشم یا کوئی دماغی مرض وغیرہ۔

9- دوسرے میں ہو تو گردن کے امراض، معدہ کی خرابی، آنتوں اور پیٹ کے امراض۔

10- تیسرے میں ہو تو کندھے، بازو کا کوئی زخم اور مرض بوجہ چوٹ یا بیرونی زخم سے لاحق ہو سکتا ہے۔

11- چوتھے گھر میں ہو تو سینے کے امراض بوجہ خوف اور سردی کے امراض، نزلہ اور نمونیا وغیرہ۔

12- پانچویں گھر میں ہو تو دل اور دوران خون کے امراض، نسیان، رعشہ، مباشرت یا غذا میں بے اعتدالی کی وجہ سے کوئی مرض لاحق ہو سکتا ہے۔

13- چھٹے گھر میں ہو تو پیٹ کے اور جنسی امراض، مرض آسیب نحوست سیارگان سحر جادو، دشمنوں کے خوف وہراس کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔

14- ساتویں گھر میں ہو تو معدہ کے امراض اور مرض پریشانی۔ ادائیگی قرض اور روحانی صدمہ کے باعث لاحق ہو سکتا ہے۔

15- آٹھویں گھر میں ہو تو کوئی جنسی مرض اور بواسیر وغیرہ یہ مرض امتحان میں ناکامی اور کسی عزیز دوست کی جدائی کی وجہ سے ہوا ہے۔

16- نویں گھر میں ہو تو ٹانگوں کا کوئی مرض اور مرض بوجہ گرم غذاؤں ادویات اور سفر میں جانے کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔

17- دسویں گھر میں ہو تو کوئی جوڑوں کا مرض کوئی چھوت والا مرض، تپ دق، دم اور چیچک وغیرہ ہو سکتا ہے۔

18- گیارھویں گھر میں ہو تو دوران خون کا کوئی مرض اس کے علاوہ ناپاک امراض جریان وغیرہ یا کسی سے عشق و محبت کی وجہ سے شروع ہو سکتا ہے۔

19- بارھویں گھر میں ہو تو پاؤں کے امراض، سواری یا مکان گرنے سے کوئی چوٹ لگ سکتی ہے۔

وقتی زائچہ میں بھی نحوست دور کرنے کے لیے وہی طریقہ کار استعمال کرنا چاہیے۔ جو پہلے بیان کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ راس ذنب کی منسوبات زحل والی ہیں۔ نوٹ: ان سب امور کے علاوہ برج اور سیاروں کی قوت، دوستی، دشمنی، شرف، ہبوط، سعد، نحس، نظروں کو بھی مدنظر رکھیں۔ آخر میں آپ سے گزارش ہے کہ ہمارے محبوب رسالے راہنمائے عملیات اور اس کے ایڈیٹر محترم خالد اسحاق راٹھور کے علاوہ بندہ فقیر کے حق میں دعا کریں کہ سب کی مشکلات آسان ہوں۔ آمین۔

از: عامل عظیم، لاہور۔

# حاضری محبوب

### ﴾1﴿

**منتر:**

وچ مڑیاں دے وس نی اے
تیر اوچ مڑیاں دے واسا
سواپاؤ دا ابر کھ کھانی اے
سیر تے ماشہ چڑھنی اے متا کالکا
ویکھاں تیری حاضری دا تماشہ

**ترکیب:**

گرھن میں شروع کرے۔ تھوڑی شراب پاس رکھ کر پڑھے۔ دھوپ دیں گوگل کی۔ محبوب کے پاؤں کی مٹی پر پڑھ کر محبوب کو لگا دیں۔

### ﴾2﴿

**منتر:**

گڑگڑ نچو سومسان آوے
آوے ترت بھگوان
نہیں تال بیر بتال کی لات چھاتی پر کھاوے
چلے منتر پھرے بھاشہ
دیکھوں بھیروں تیرے علم کا تماشہ

**ترکیب:**

21 بار گڑ پر پڑھ کر کھلانے کو دیں۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# علوم مخفی کا خزانہ
# علم اعداد، علم نجوم کی منتخب کتب

## رعایت

سالانہ خریداروں کو تمام کتب پر 10% خصوصی رعایت دی جاتی ہے۔ ڈاک خرچ 20روپے

### مستحصلہ قارد الکلام

علوم مخفی سے تعلق قائم ہونے کے بعد جو قواعد میرے علم اور تجربے میں آئے ان میں مستحصلہ کے حل کا سب سے بہترین اور ذاتی استعمال کا کلیہ آپ کے سامنے بلا خلل پیش کیا ہے۔ آزمائش شرط ہے (قیمت ۵۰ روپے)

### علم الحروف

علم الحروف کے موضوع پر ایسی واحد دستیاب کتاب جو اپنے اندر حروف سے متعلق نئے اور تجربہ شدہ روحانی اعمال کے ایسے کرشمے و قواعد لیے ہوئے ہے جو آپ کو چونکا دیں گے ایک لاجواب تحریر۔ (قیمت ۱۰۰ روپے)

### روحانی مشورے

روزمرہ مسائل کے حل کے آسان قابل عمل اور آزمودہ روحانی اور عملیاتی مشورے، قرآنی اور رسول ﷺ سے منسوب دعائیں اس کتاب کی سب سے بڑی خوبی ہے۔ اس لیے ہر گھر میں اس کی موجودگی ضروری ہے۔ (قیمت ۳۸ روپے)

### تل شناسی

انسانی جسم کا کوئی حصہ ایسا نہیں جس پر تلوں کے اثرات کو زیر بحث نہ لایا گیا ہو۔ اپنی نوعیت کے واحد کتاب۔ (قیمت 50 روپے)

### خزینہ اعداد (ترمیم شدہ)

علم اعداد پر اس سے بہتر اور جامع کتاب آج تک آپ کی نظروں سے نہ گزری ہوگی۔ یہ ایک دعویٰ نہیں حقیقت ہے ضرور پڑھیں۔ (قیمت ۵۰ روپے)

### خالد روحانی جنتری

ہر گھر، فرد اور ماہر علوم مخفی کی ضرورت ایک جامع اور آسان فہم جنتری ہے پڑھنے کے بعد آپ اس کی تعریف کیے بغیر نہ رہ سکیں گے (قیمت ۵۵ روپے)

### ساعات حقیقی

ساعت معلوم کرنے کے درجن بھر طریقوں کے علاوہ ساعات معلوم کرنے کا مصنف کا ذاتی قاعدہ اس کتاب کا بنیادی موضوع ہے۔ کتاب میں تفصیلی جدولیں بھی دی گئی ہیں۔ جن کی مدد سے پاکستان اور دنیا کے ہر مقام کی ساعت ایک منٹ سے بھی کم وقت میں معلوم ہو سکتی ہے۔ حالات زندگی اور مختلف احکام بیان کرنے کے قواعد بھی شامل ہیں۔ (قیمت ۹۰ روپے)

### بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر

معمولی سمجھ بوجھ یا علم والے فرد سے لے کر ماہر فن تک ہر فرد اس کتاب سے استفادہ کر سکتا ہے۔ اعداد، نجوم، جفر، رمل، ساعت، فال نامے، استخارے وغیرہ کے ذریعے انعامی نمبر وغیرہ معلوم کرنے کے مجرب کلیے (قیمت ۱۰۰ روپے)

### اسباق دست شناسی

دست شناسی کے موضوع پر یوں تو لاتعداد کتب دستیاب ہیں۔ لیکن اس کتاب کی خوبی یہ ہے کہ بغیر استاد کے یہ ایک راہنما کا فریضہ انجام دیتی ہے اور کوئی بھی فرد اس کے ذریعے علم دست شناسی سیکھ سکتا ہے۔ ہر اس طالب علم کی بنیادی ضرورت جو اس فن کے رموز سے آشنا ہونا چاہتا ہے۔ (قیمت ۶۰ روپے)

### ۱۰ سالہ جنتری ۲۰۰۱ تا ۲۰۱۰

ہر نجومی اور عامل کی ضرورت ایک ایسی جنتری جس میں ۲۰۰۱ تا ۲۰۱۰ تک تمام کوکب کی رفتاریں دی گئی ہیں۔ ہندی نجوم کے لیے بھی استعمال ہو سکتی ہے۔ (قیمت ۱۱۵ روپے)

**راٹھور پبلشرز، 2/11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

از: محمد عمران اعظم' لاہور۔

# روحانی تحائف

## ہر حاجت کے لیے جامع عمل

1-رب اغفرلی وتب علی انک انت التوب الغفور=100 مرتبہ
2-اللھم اجرنی من النار=100 مرتبہ
3-لاحول ولا قوۃ الا باللہ=100 مرتبہ
4-لاالہ الا اللہ=100 مرتبہ
5-لاالہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین=100 مرتبہ
6-سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم=100 مرتبہ
7-سبحان اللہ والحمد اللہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر=100 مرتبہ
8-حسبنا اللہ ونعم الوکیل=100 مرتبہ
9-یاحی یاقیوم برحمتک استغیث=100 مرتبہ
10-یاذوالجلال والاکرام=100 مرتبہ
11-صلی اللہ علی حبیبہ سیدنا محمد والہ واصحابہ وسلم=100 مرتبہ

نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد یہ جامع عمل پڑھیں اور اپنی حاجت کی دعا کریں انشاء اللہ سات دن میں آپ کی حاجت پوری ہو گی۔ مجرب عمل ہے۔

## ہر مرض کے لیے مجرب نقش

ہر مرض کے لیے اکسیر نقش ہے لکھ کر گلے میں ڈالیں انشاء اللہ ہر مرض سے شفا ہو گی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۶۹۸۶ | ۳۶۹۹۹ | ۳۶۹۹۶ | ۳۶۹۹۳ |
| ۳۶۹۹۷ | ۳۶۹۹۲ | ۳۶۹۸۷ | ۳۶۹۹۸ |
| ۳۶۹۹۱ | ۳۶۹۹۴ | ۳۷۰۰۱ | ۳۶۹۸۸ |
| ۳۷۰۰۰ | ۳۶۹۸۹ | ۳۶۹۹۰ | ۳۶۹۹۵ |

توکلت علی رب السماء انزلنا باسہ التمنا۔

## ہر طرح کی کمزوری کے لیے

بیماری کے بعد کی کمزوری اعصابی کمزوری یا باہ کی کمزوری کے لیے یہ ایک نقش زعفران و گلاب سے لکھ کر گلے میں ڈالیں اور ایک نقش روزانہ پانی میں گھول کر پی لیا کریں۔ مجرب نقش ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| یاقادر | یاقوی | یاقائم | یادائم |
| یادائم | یاقائم | یاقوی | یاقادر |
| یاقوی | یاقادر | یادائم | یاقائم |
| یاقائم | یادائم | یاقادر | یاقوی |

## اختلاج قلب کے لیے

یہ نقش ساعت عطارد میں لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں گلے میں اس طرح ڈالیں کہ دل پہ رہے مرض کی شدت میں چینی کی پلیٹ پر لکھ کر مریض کو اکیس روز تک پلائیں یہ نقش دل کی تمام بیماریوں کے لیے مجرب ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| لاحول | ولا قوۃ | الا | باللہ |
| ولا قوۃ | الا | باللہ | لاحول |
| الا | باللہ | لاحول | ولا قوۃ |
| باللہ | لاحول | ولا قوۃ | الا |

## دردزہ کے لیے

جس عورت کے بچہ ہونے میں تکلیف ہو ایک نقش لکھ کر دردزہ میں اس عورت کی دائیں ٹانگ پر باندھ دیں انشاء اللہ بچہ آسانی سے ہو جائے گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۷۲ | ۱۸۶ | ۱۸۲ | ۱۷۹ |
| ۱۸۳ | ۱۷۸ | ۱۷۳ | ۱۸۵ |
| ۱۷۷ | ۱۸۰ | ۱۸۸ | ۱۷۴ |
| ۱۸۷ | ۱۷۵ | ۱۷۶ | ۱۸۱ |

## نقش قضائے حاجات

مہمات کے پورا ہونے اور حاجات کے بر آنے کے لیے یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں نہایت مفید و مجرب ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶۵ | ۲۵۸ | ۲۶۳ |
| ۲۶۰ | ۲۶۲ | ۲۶۴ |
| ۲۶۱ | ۲۶۶ | ۲۵۹ |

یہ تمام نقش کسی بھی سعد ساعت میں تحریر کر سکتے ہیں۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

# کلید اسرار

## فصل اول ناموس اعظم کے اعمال کے بیان میں

اگرچہ اس کے اعمال حد شمار سے باہر ہیں مگر ہم تین اعمال جو بہت مشہور ہیں بیان کرتے ہیں اور وہ یہ ہیں تعفین تدفین اور تزئین۔ ان تینوں کا بیان تین وصل میں ہوگا۔

### وصل اول:

تعفینات کے بیان میں۔ اس کی اصل حجر الشمس ہے یہ ایک پتھر ہے جو رات کو مثل چراغ کے روشن ہوتا ہے۔ جب یہ پتھر دستیاب ہو تو اس کو خوب باریک پیس کر گرم پانی کے ساتھ خمیر کرے پھر ایک بکری یا گائے کے رحم میں جس طرح سے ہو سکے انسان کی منی مع اس کوفتہ پتھر کے داخل کرے اور جب اس کام سے فارغ ہو تو اس گائے کے مونہہ کو خون سے لطخ کرے۔ اور اگر بکری ہے تو بکری کے خون سے لطخ کرے اور ایک تاریک مکان میں جہاں سورج کی روشنی نکلنے جاتی ہو اس کو بند کر دے اور گیہوں کی بھوسی اور شراب اس کو کھلائے اور ہر ہفتہ میں ایک رطل وہی خون جو اس کے مونہہ پر ملا تھا اس کو پلائے۔ یہانتک کہ اس کے بچہ پیدا ہو۔ مگر اس کے پیدا ہونے سے پہلے یہ نسخہ تیار کر لینا چاہیے۔ حجر الشمس حجر الکبریت حجر جوتیاء سبز حجر مقناطیس ان سب کو ہم وزن خوب باریک پیس کر عرق برگ بید میں خمیر کرے اور چنے کے برابر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کرے اور خشک ہونے کے بعد ایک شیشے کی بوتل میں حفاظت سے رکھ چھوڑے۔ پھر جس وقت یہ بچہ پیدا ہو تو ایک برتن میں اس بچہ کو لے اور اس کی ماں کو فوراً ایک بڑے برتن میں ذبح کر دے۔ اس طرح سے کہ ایک قطرہ بھی اس کے خون کا ضائع نہ ہو اور خون کو نہایت حفاظت سے ایک برتن میں رکھے پھر اس بچہ کو ایک شیشے کے برتن میں تین شبانہ روز بھوکا اور پیاسا رکھے۔ جب تین روز کے بعد بھوک اس پر بہت غلبہ کرے اور یہ بہت مضطرب ہو تب وہی اس کی ماں کا خون اس کو پلائے جس قدر پی سکے۔ یہاں تک کہ سات روز اسی طرح گزریں اس وقت اس بچہ کی ایک عجیب و غریب صورت پیدا ہوگی اور عجائب اعمال میں کام دے گا۔

اس عمل کو تعفین اکبر کہتے ہیں اور خواص اس کے یہ ہیں کہ اگر اس صورت کو سفید کپڑے میں لپیٹ کر اس کے مقابل آئینہ رکھے انتیس یا تیس تاریخ ماہ قمری کو تو چاند اس طرح روشن معلوم ہوگا جیسے چودھویں رات کو معلوم ہوتا ہے۔ اور اس وقت ان گولیوں کی دھونی دینی بھی ضروری ہے۔ اور جب اس صورت کو اور آئینہ کو اٹھالے گا تو چاند غائب ہو جائے گا۔ اور اگر مہینہ کی پہلی تاریخ میں اس صورت کو ذبح کر کے اس کا خون خشک کر کے پیس لے پھر جس آدمی کو تھوڑا سا دے گا اس کی صورت بدل جائے گی۔ یعنی اگر یہ بچہ گائے کا ہے تو آدمی گائے بن جائے گا۔ اور اگر بکری کا ہے تو بکر بنے گا۔ اور اگر آخر ماہ میں اس صورت کا شکم چاک کرے اور شکم میں سے جو چیز نکلے وہ کسی آدمی کے بدن پر ملے فوراً وہ آدمی کتا بن جائے۔ اور اگر چالیس روز میں بچہ کو خون اور نمی اور دودھ پلایا جائے اور ایسی جگہ رکھا جائے جہاں یہ بچہ آفتاب کو نہ دیکھے۔ پھر اس بچہ کا بحالت زندگی شکم چاک کر کے انتڑیاں باہر نکالے اور حفاظت سے رکھے پھر اگر قدرے اس میں سے اپنے ہاتھ اور پیروں پر مل لے تو جس جگہ چاہیے فوراً طرفۃ العین میں جا سکے۔ اور پھر واپس آ سکے۔ یہ مختصر خواص اس صورت کے لکھے گئے ہیں۔

### تعفین دیگر:

حجر الشمس کو زہرہ باز سفید میں خمیر کرے اور ایک مادہ بندر کے رحم میں انسان کا نطفہ اور یہ خمیر جس طرح سے ہو سکے پہنچا دے اور فارغ ہو کر اس کی فرج پر قدر خون سنگ پشت یعنی کچھوا لگا دے۔ اور ہر روز خون فصاد میں گوشت ملا کر کھلائے اور شراب پلائے ایام وضع حمل تک اور یہ نسخہ تیار کر رکھے برگ درخت فندق و زبد البحر و حجر التیس ان سب کو برابر پیس کر خون کچھوا اور زہرہ سمندر ون جو ایک مرغ مشہور ہے اور دریاء بصرہ کے کنارے پر بہت ہوتا ہو اس میں ملا کر گولیاں بنائے اور خشک کر کے رکھ لے پھر جس وقت وہ بچہ پیدا ہو تو قدرے ان گولیوں میں سے اس کے اوپر چھڑک دے اور ایک بڑے برتن میں چالیس روز اس بچہ کو رکھ کر جو کھانا کہ اس کی ماں کو کھلایا جاتا تھا اس کو بھی کھلائے پھر چالیس روز کے بعد اس کو باہر نکالے ایک حیوان بصورت

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

انسان ظاہر ہوگا مگر اس کے ایک پیر ہوگا جس سے بہت سے کام ظاہر ہونگے اور ہر ایک عضو اس صورت کا بہت کارآمد ہے چنانچہ اگر اس کی آنکھ کو نکال کر خشک کر کے پیس لے اور سرمہ کی طرح آنکھ میں لگائے تو روحانیات اور جنات کا مشاہدہ کرے اور اگر اس کے مغز سر کو خشک کر کے عنبہ میں ملا کر آنکھ میں لگائے تو خزانے زمین کے اندر نظر آئیں۔ اور اگر اس کی زبان کو خشک کر کے شربت میں ملا کر پی لیوے تو روحانیات اور جنات کی گفتگو سمجھے اور اگر اس کے دل اور زہرہ کو خشک کرے اور زہرہ قوریوس بھی اس میں ملائے اور خشک کر کے گولیاں بنا کر جس درخت کے نیچے چاہے آگ پر روشن کرے وہ درخت زمین پر جھک جائے۔ اور اگر دو درختوں کے درمیان میں روشن کرے تو دونوں ایک دوسرے سے مل جائیں۔ قوریوس ایک مشہور مچھلی ہے اس کے سر پر ایک تاج ہوتا ہے مثل تاج مرغ کے اور بحر عمان میں بکثرت پائی جاتی ہے اگر اگر ایک گولی کو پانی میں حل کر کے اپنے ہاتھوں پر لیپ کرے اور کسی درخت کے نیچے بیٹھ جائے۔ تمام ٹہنیاں اس درخت کے تجھ پر جھک جائیں گی۔ اور اگر اس صورت کے مغز سر کو انسان کے مغز سر کے ساتھ جو تازہ ہو ملا کر خشک کر کے گولیاں بنائے پھر جس خشک درخت کے نیچے روشن کرے فوراً وہ درخت سرسبز ہو کر پھل لائے گا۔

## فصل دویم تدخینات کے بیان میں:

مثلاً چودھویں رات کو تم دخنہ روشن کرو تو ایسا معلوم ہو کہ چاند کا نور بالکل جاتا رہا اور خسوف ہو گیا۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ درخت سراج القطرب کے پتے لے کر خوب گھوٹو اور زہرہ بڑہ اور زہرہ گاؤ کوہی اور مغز سر بز کو ہی ملا کر گولیاں بنالے چنے کے برابر پھر سایہ میں خشک کر کے کسی اونچی جگہ پر گھوڑے کی لید جلا کر اس دھونی میں یہ گولیاں بھی ڈال دے چاند گہن مشاہد ہو گا۔ کتاب خسرو شاہ سماوی میں لکھا ہے کہ اگر دن کو اس دخنہ کے تئیں روشن کریں تو ستارے اور مرغ مختلف الالوان دکھائی دیں۔

## تدخین دیگر:

ہوا میں عجائبات کا مثل گھوڑے و سوار و جانور وغیرہ کے دکھائے دینا یہ دخنہ افلاطون کا ہے اور اجزا اس کے یہ ہیں زفت عود۔ چینی۔ زیبق سگ آبی کا پاخانہ۔ سندروس۔ صبر ہر ایک دس درم وضمغ وادی یک مثقال ہر ایک کو جدا جدا پیسے سوا زیبق کے پھر ان سب کو ملا کر ایک رطل زیت اس میں ملا کر گولیاں بنائے۔ ہر ایک گولی تیس درم کی پھر اس کو خشک کر کے سرخ بجری کی مینگیوں کو سلگا کر اس پر یہ گولی روشن کرے۔ عجائبات دکھائی دیں گے۔

## دخنہ دیگر:

اس کو دخنہ الرجال کہتے ہیں اور اس کے روشن کرنے سے ہوا میں ایسے آدمی دکھائی دیتے ہیں جن کے سر آسمان میں اور پیر زمین میں معلوم ہوں۔ اجزاء اس کے مرتک اور عفص اور زنجار اور اقلیمیائے ذہبی اور زرنیخ احمر اور سحاس محرق اور زنجفر اور دم الحجا میں خشک شدہ ہر یک دس جز اور کیچ پانچ جز اور اس سب کے برابر شجرہ التوت ملائے اور شحم سمک اور ماء الثوث ملا کر خمیر کرے اور گولیاں مثل مرچ سیاہ کے بنا کر سایہ میں خشک کرے اور گائیں کے گوبر کو سلگا کر اس میں ان گولیوں کو روشن کرے مگر جس دن کہ گہرا ابر ہو تا کہ عجائبات کا مشاہدہ کرے۔

## دخنہ دیگر:

اس کو دخنہ الامطار بھی کہتے ہیں۔ اور یہ سب دخنوں سے بڑا دخنہ ہے۔ جب موسم گرما میں بہت گرمی ہو تو ایک گرگٹ کو ذبح کرے اور اس کی دم کو خشک کر کے رکھ چھوڑے پھر ایک سیاہ بط جس میں ایک پر بھی دوسرے رنگ کا نہو اور اگر ترکی ہو تو بہت بہتر ہے اس کو لے کر ایک پنجرے میں بند کرے اور کتے کے گوشت پر اس گرگٹ کے خشک دم کو چھڑک کر اس بطخ کو کھلائے اور گرگٹ کے باقی جسم کو کھال کھینچ کر خوب پکائے یہاں تک کہ گل کر گر ان جائے اور اس پانی کو بطخ کے تئیں پلائے پھر تین روز کچھ کھانے کو نہ دے یہانتک کہ خوب بھوکی ہو جائے پھر چوتھے روز ایک چھپکلی اگر سفید ہو تو بہتر ہے اس کو کھلائے اس کے کھانے سے پیاس اس پر غلبہ کرے گی اس واسطے لازم ہے کہ درخت سراج القطرب کا تین اوقیہ عرق جمع کر رکھے اور شراب کہنہ اس میں ملا کر اس کے خون کو نکالے کہ ایک قطرہ ضائع نہ ہو۔ پھر اس بطخ کے گوشت و استخوان خوب کوٹ کر رکھ لے اور خون کو جگر کے ساتھ ملا لے۔ پھر اس کٹے ہوئے کو اس کے ہموزن شراب میں ملا کر خشک کرے اور بہت باریک چھننی میں چھان کر اس کے نصف وزن کتے کے جلے ہوئے بال اور ہڈیاں جو راکھ ہو گئی ہوں اس میں ملائے اور پھر خوب باریک پیسے پھر جب عمل کرنا چاہے تو درخت برنوق کے کوئلہ لے کر اس دوا کی تدفین کرے جب اس کا دھواں اوپر جائے گا تو بقدرت الٰہی بارش زمین پر برسے گی اور جب تک یہ دخنہ روشن رہے گا بارش بھی برستی رہے گی اگر مہینہ تک روشن کرے گا تو بارش بھی ایک ماہ رہے گی۔ اور جب بارش موقوف کرنی چاہے تو دخنہ کو بند کر دے۔

(جاری ہے)

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

# برج سرطان

سمعیہ اسحاق راٹھور

| | |
|---|---|
| عرصہ | 22 جون تا 22 جولائی |
| حروف | ح، ھ |
| حاکم کوکب | قمر |
| عنصر | آبی |
| ماہیت | منقلب |
| حصہ جسم | انتڑیاں |
| موافق نگینہ | موتی۔ حجر القمر |
| موافق دن | پیر |
| موافق نمبر | 2 |
| موافق رنگ | سبز، دودھیا، سفید، نیلا |
| موافق پھول | گل سوسن |
| موافق شریک کار | جدی |
| موافق افراد | ثور، سنبلہ |
| ناموافق افراد | حمل، میزان |
| بائیوکیمک نمک | کلکیریا فلور |

## ظاہری شخصیت

برج سرطان کے حامل افراد کی شخصیت کو سمجھنا آسان کام نہیں ہے۔ یہ اپنے موڈ کے غلام ہوتے ہیں ایک لمحہ خوش گپیوں میں مگن تو دوسرے لمحے الگ تھلگ اداس ہو کر بیٹھ رہیں گے۔ ان کا چہرہ اور باتیں ان کے جذبات و احساسات کی مکمل عکاسی کرتی ہیں۔ لوگوں میں گھلنا ملنا پسند کرتے ہیں دوسروں کے دکھ درد میں شریک ہوتے ہیں۔ ان کی گفتگو نہایت معنی خیز، مدلل اور پر مزاح ہوتی ہے۔ ان کی آسان پہچان یہ ہے کہ ایسا شخص جو آپ کو اکثر ہنستا قہقہے لگاتا نظر آئے گا۔ سمجھ لیجئے کہ وہ سرطان ہے۔ کیونکہ بعض اوقات یہ لوگ اپنی شخصیت کو پرکشش بنانے کے لیے اور بعض اوقات اپنی تکلیف دکھ اور اداسی پر قابو پانے کے لئے مسکراتے اور قہقہے لگاتے رہیں گے سرطان افراد اپنے خارجی و داخلی ماحول کا بڑا عمیق اور گہرا جائزہ لیتے ہیں۔ اور پھر دوسروں کے مقابلے میں جوابی رد عمل میں پہل کر کے روحانی خوشی محسوس کرتے ہیں۔ اکثر سرطان لوگ وجدانی شخصیت کے مالک بھی ہوتے ہیں۔ ان کی نرم مزاجی اور فراخدلی کے باوجود بعض اوقات ان کی بظاہر کم گوئی دوسروں کی نظر میں انہیں مغرور بنا دیتی ہے۔ اس لیے لوگ ان کے قریب آنے میں ہچکچاتے ہیں حالانکہ ایسا ہوتا نہیں۔ قدرے شرمیلے ہمدرد اور محبت کرنے والے ہوتے ہیں۔

## زندگی کے متعلق نکتہ نظر

زندگی کے متعلق سرطان لوگ بڑے حساس ہوتے ہیں۔ برج سرطان کا سیارہ قمر ہے جس کا علامتی نشان نامکمل دائرہ ہے سرطان ہر گزرتے لمحے کو بڑی سنجیدگی سے لیتے ہیں اور گمنامی کی زندگی گزارنے کے تصور سے بھی گھبراتے ہیں ان کی احساسی کمتری ان کو اس لحاظ سے فائدہ پہنچاتی ہے کہ یہ آگے آنے کے لیے بہت محنت اور قوت استعمال کرتے ہیں ذات کی تنہائیوں میں قید ہونے کی بجائے خارجی ماحول میں اپنا لوہا منوانا چاہتے ہیں۔ ہر لمحہ اپنی تشہیر پسند کرتے ہیں۔ ان کی زندگی میں یہ رویہ بہت اہم ہوتا ہے کہ لوگ ان کے بارے میں کیا سوچتے ہیں اور اصل میں یہ خود ہمیشہ لوگوں کی توجہ حاصل کر کے خوش ہوتے ہیں اس لئے بعض اوقات وہ اپنے لباس، کج بحثی اور ہر وہ بات جس پر اتفاق رائے ہو اس پر تنقید کر کے نمایاں نظر آنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تجارت کا پیشہ سرطان افراد کے لیے فائدہ مند ہوتا ہے۔ یہ کفایت شعاری اور احتیاط سے پیسہ استعمال کرتے ہیں۔ متحمل مزاج، خود اعتماد، اشیاء جمع کرنے کے شوقین اور قدرے رجائیت پسند بھی ہوتے ہیں۔ اگر سرطان افراد سعد حالت میں ہوں تو اپنی خواہش کے مطابق وہ پبلسٹی رائے عامہ تجارت وغیرہ میں شہرت پاتے ہیں۔ اور نحس حالت میں صرف خیالی پلاؤ پکانے والا کاہل اور سست انسان ہوتے ہیں۔

## قابل اعتماد رفیق و کشادہ دل لوگ

سرطان افراد نہایت قابل اعتماد ہوتے ہیں اور دوستوں کے

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

دوست۔ کبھی کینہ پروری کا مظاہر نہیں کرتے دوسروں کو تکلیف دینا تو درکنار ایسی بات کرنے سے بھی باز رہتے ہیں جو آزار کا باعث بنے۔

## شہرت کی متمنی

جیسا کہ پہلے بھی ذکر ہوا یہ لوگ خبروں میں رہنا پسند کرتے ہیں۔ اور ایسے کام کرتے رہنے کی کوشش کرتے ہیں جو انہیں منفرد و مقبول لگے۔ کاروباری ذہن کے مالک 'نہایت پر عزم و باہمت ہوتے ہیں۔

## احساس کمتری' بزدلی اور انجانا خوف

نت نئے خوابوں کی تکمیل نہ ہونا سرطان کو ذہنی مسائل سے دوچار کر دیتا ہے۔ احساس کمتری و شکست کی ندامت بعض اوقات اسے حالات کے سامنے بزدل بنا دیتے ہیں۔ یہ سوچ کہ ناکامی کی وجہ چند عناصر قدرت یا حالات ہیں اسے انجانے خوف میں مبتلا کر دیتے ہیں۔ اس کا واحد حل غلطیوں پر خود دار اپنے آپ کو تسلیم کرنے میں ہے۔ کیونکہ یہی جذبہ انسان میں دوبارہ اٹھ کھڑے ہونے اور اصلاح کے ساتھ ترقی کا زینہ چھونے میں مدد دیتا ہے۔

## فکر انگیز پہلو

سرطان افراد اکثر ضدی پن کا شکار رہتے ہیں۔ جان یا مفادات کی خطر مرنے مارنے پر بھی تل جاتے ہیں۔ ان کے ذہن پر جو بھوت سوار ہو جائے اس سے نجات پانا ان کے لیے مشکل ہوتا ہے۔ منفی سوچ کی صورت میں آرام وہ گھر کانٹوں بھری غار محسوس ہوتا ہے۔ اس لئے انہیں چاہئیے کہ انتقامی یا غیر صحت مندانہ خیالات کے ابھرتے ہی انہیں دبا دیں تاکہ غلط فہمیوں' پچھتاوں اور ذہنی اذیت سے بچ سکیں۔ شہرت سرطان افراد کی ایک کمزوری ہے جو بعض اوقات انہیں مضحکہ خیز اقدامات کے ذریعے حاصل کرنی پڑتی ہے۔ ایسی صورت میں ان کے حلقہ احباب دوست و اہل خانہ وغیرہ ان سے بے زار ہو جاتے ہیں اس لئے سرطان افراد کو چاہئیے کہ اس طرح منفرد نظر آنے کی بجائے اپنی کارکردگی بہتر بنا کر شہرت کی بلندیوں کو چھونے کی کوشش کریں۔ سرطان افراد کافی حد تک خوابوں کی دنیا کے باسی ہوتے ہیں۔ عظیم الشان منصوبے تشکیل دے کر جب عملی طور پر مطمئن کارکردگی نہیں دے پاتے تو ناکامی انہیں مزید بے عمل بنا دیتی ہے۔ انہیں چاہئیے کہ خوابوں کی بجائے حقیقت کی دنیا میں دھیان دیں۔ ایک منصوبے کو مکمل کرتے دوسرا منصوبہ شروع کریں تاکہ شکست کے خوف اور گمنامی و ذہنی اذیت سے بچنا ممکن ہو۔

## سرطان خواتین

سرطان خواتین غیر یقینی کی کیفیت اور عدم تحفظ کے احساس میں مبتلا رہنے کی باعث شکی اور نہایت حساس ہو جاتی ہیں۔ اس لئے انہیں لمحہ بہ لمحہ محبت کا یقین دلانا پڑتا ہے۔ زیادہ خوبصورت تو نہیں لیکن ٹھیک ٹھاک ہوتی ہیں۔ گھر میں دلچسپی رکھتی ہیں۔ مال و دولت اور پر تعیش چیزوں کی ہوس اور اضافی اخراجات کے بغیر وہ گھر کو بہت اچھا ڈیکوریٹ کرتی ہیں۔ لیکن محبت کے ساتھ کسی قسم کی غلامی یا حکومت کا تاثر اسے کچھ بھی کرنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔ ذہین اور باتونی بھی ہوتی ہیں۔ ان کی باریک بینی انہیں عملی زندگی میں کامیاب کرتی ہے۔ تعریف سننا پسند کرتی ہیں۔ شوہر کا انتخاب بہت سوچ سمجھ کر کرتی ہیں۔ لیکن شادی کے بعد ہر نشیب و فراز میں وفاداری کا ثبوت دیتی ہے۔ اچھی ماں ثابت ہوتی ہیں۔ اور بچے بھی سرطان ماں سے بہت محبت کرتے ہیں۔

## سرطان مرد

کیکڑے کی طرح اپنے خیالات اور منصوبوں میں تبدیلی اور جدت پیدا کرتے رہتے ہیں۔ جب ایک مرتبہ ایک منصوبے یا خیال کو ذہن میں بسا لیتے ہیں۔ چاہے وہ محبت ہی کیوں نہ ہو پایۂ تکمیل تک پہنچا کر دم لیتے ہیں۔ اور یہ سوچ ان کے لئے ناممکن کو ممکن بنا دیتی ہے۔ اپنے جذبات سے متحرک ہوتے ہیں۔ غصے' نفرت اور محبت تینوں حالتوں میں جذبات عروج پر ہوتے ہیں۔ اگر انہیں من پسند ماحول میسر نہ آئے تو بعض سرطان روحانیت کی طرف راغب ہو جاتے ہیں۔ روحانیت سے پہلے ایک مرحلہ خود فریبی کا بھی آتا ہے۔ جس پر اکثر نامکمل ذہنی و روحانی نشوونما کے حامل سرطان تکیہ کر لیتے ہیں۔ مقابلے کی ہمت نہ ہو تو خاموشی اختیار کر لیتے ہیں۔ ویسے عموماً یہ اپنے موڈ کے مطابق ماحول بنانے میں کامیاب رہتے ہیں۔ کیونکہ ان کی بذلہ سخنی انہیں لوگوں میں بہت مقبول رکھتی ہے۔ سرطان سے متعلقہ مردوں کی ماضی سے گہری دلچسپی عملی طور پر بھی نظر آتی ہے۔ وہ اس دور سے متعلقہ تصاویر یا اشیاء ضرور جمع رکھتے ہیں۔ ہمدرد اور غضبناک ذہانت کے مالک ہوتے ہیں لیکن جب دشمنی پر اتر آئیں تو بدلہ

نجوم' پامسٹری' اعداد' جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

لے کر چھوڑتے ہیں۔

## سرطان بچہ

سرطان بچے اپنے آپ کو ایک خول میں قید رکھتے ہیں۔ اور دوسرے انہیں ہمیشہ بڑی مشکل سے جان پاتے ہیں۔ تربیت ان کی زندگی میں عام بچوں سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ کیونکہ ان کے جذبات اور پھر ان کی اصلاح نہ ہونا مستقبل میں ذہنی پریشانیوں، احساس کمتری، بے راہ روی یا سخت طبیعت کے نتیجے کے طور پر سامنے آسکتی ہے۔ سرطان بچے زیادہ تر تجربے سے سیکھتے ہیں۔ اور جب ایک چیز کو اس کی خوبیوں و خامیوں کے ساتھ سمجھ لیتے ہیں تو بڑوں کے لیے زیادہ پریشانی پیدا نہیں کرتے۔ سرطان بچوں کے والدین اور اساتذہ کو چاہیے کہ وہ ان کے ساتھ دوستانہ ماحول میں وقت گزاریں تاکہ انہیں آزادی بے خوفی اور آسانی سے اپنے دل کے بات زبان پر لانے اور دوسروں کو بتانے میں تکلیف یا ہچکچاہٹ محسوس نہ ہو۔

اپنے آپ کو اس کے لیے پر اعتماد بنائیں تاکہ وہ تازہ ذہن کے ساتھ ہر پل خوشگوار گزار سکے۔

## برج سرطان کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

### برج سرطان برج حمل کے ساتھ

### سرطان مرد حمل عورت

آپ دونوں باعمل ہیں لیکن حمل بیوی زیادہ تیز رفتار جلد باز اور مشورے کئے بغیر کام کرنے والی ہے اس پر رعب مت ڈالیں وہ آپ کو اچھے نتائج دے گی۔ اس کے منصوبوں اور کاموں کی تعریف کریں وہ آپ کے آرام و آسائش کا پورا خیال رکھے گی۔

### سرطان عورت حمل مرد

گھریلو دیگر اخراجات حمل مرد کی بجائے سرطان بیوی کو اپنے ہاتھ میں رکھنے چاہئیں کیونکہ حمل مرد بہت لاپرواہ ہوتے ہیں۔ ہر چیز کو سرسری طور پر لیتے ہیں ایسے میں سرطان کا جھنجھلاہٹ کی بجائے صبر و تحمل سے کام لینا ہی بہتر ہے کیونکہ حمل کو بعد میں اپنی غلطی کا احساس ہو جاتا ہے۔ ایک دوسرے کو سمجھنا آپ کے طویل خوشگوار تعلقات کا باعث بن سکتا ہے۔

### برج سرطان برج ثور کے ساتھ

### سرطان مرد ثور عورت

آپ کی رفیق حیات ایک مہربان ہستی ہے۔ گھر کی خوبصورتی اور آپ کے ذاتی کام کاج میں بہت احتیاط برتتی ہے۔ بہت محبت کرنے والی بھی ہے۔ بشرطیکہ آپ کی طرف سے انہیں محبت اور تحفظ کا احساس بہم پہنچتا رہے۔

### سرطان عورت ثور مرد

بہ حیثیت سرطان بیوی آپ ثور شریک سفر کے ساتھ بہت تحفظ اور محبت بھری زندگی گزارتی ہیں۔ ثور کی خواہش کے مطابق انہیں ہر چیز وقت پر مہیا کی جائے تو وہ بہت خوش رہتے ہیں۔ جھگڑا نہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

### برج سرطان برج جوزا کے ساتھ

### سرطان مرد جوزا عورت

سرطان خاوند ہوتے ہوئے آپ اپنی بیوی کی شخصیت سے متاثر ہوتے ہی ہیں لیکن غیر مستقل مزاجی اور غیر سنجیدہ طبیعت آپ کے اور اس کے درمیان حائل ہو جاتی ہے۔ عمر کے آخری حصہ میں آپ دونوں زیادہ خوشگوار زندگی گزار سکتے ہیں۔

### سرطان عورت جوزا مرد

آپ کی شخصیتوں کے تضاد کو اصلاح کی ضرورت ہے سرطان کی مستقل مزاجی جوزا کی تفریحات وقت نے منصوبوں سے ٹکراتی ہے وہ ایک جاری غیر مطمئن کام کو آسانی سے چھوڑ دیتا ہے لیکن پھر بھی جوزا مرد کی ذہانت اور آپ کی سمجھداری ایک زندگی بن سکتی ہے۔

### برج سرطان برج سرطان کے ساتھ

### سرطان مرد سرطان عورت

خیالات کی یکسانیت آپ کے مابین جھگڑوں کو اٹھنے سے پہلے ہی دبا لیتی ہے۔ آپ کی بیوی کو گھر سے شدید محبت ہے، وہ سمجھدار اور وفادار ترین بیوی ثابت ہوگی۔ اگر آپ اسے محبت دیں تو متوازن، پر سکون زندگی گزارتے ہیں۔

### سرطان عورت سرطان مرد

آپ کے رفیق نہایت زیرک اور محنت سے نہ گھبرانے والے آدمی ہیں وہ آپ کی ذہنی و جسمانی سکون کا ہر طرح سے خیال رکھتے ہیں کبھی کبھی

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

جھنجھلاہٹ و غصہ کا شکار بھی ہو جاتے ہیں۔ لیکن گھر خوبصورت اور پرسکون دیکھنا چاہتے ہیں۔ ایسا کر کے آپ ان کا دل جیت سکتی ہیں۔

## برج سرطان برج اسد کے ساتھ

### سرطان مرد اسد عورت

اسد بیوی گھر کی حکمرانی چاہتی ہے اس لئے زیادہ روک ٹوک نہ کریں اس کی موجودگی آپ کے لئے کامیابی ہے۔ بہ حیثیت سرطان خاوند اپنی زوجہ کی خواہشات کا احترام کریں اور ان کی پرکشش شخصیت سے فائدہ اٹھائیں۔

### سرطان عورت اسد مرد

اسد مرد آپ سے کسی قدر مردانہ کردار کی توقع رکھتے ہیں۔ انہیں گھر اور اولاد سے اتنی دلچسپی نہیں ہے۔ لیکن دوستوں کے ساتھ ملنا ملانا پسند کرتے ہیں اگر آپ اس بات کا خیال رکھیں تو جواباً آپ کے میاں آپ کو باہر کھانا کھلا کر اور تحفے دے کر خوش رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

## برج سرطان برج سنبلہ کے ساتھ

### سرطان مرد سنبلہ عورت

آپ کی سنبلہ بیوی آپ کی رفاقت کے بارے میں نہایت سنجیدہ ہے۔ اور آپ کو اپنے مخصوص معیار پر دیکھنا چاہتی ہے۔ اس کی خواہشات اس کے کہے بنا پوری کرنے کی کوشش کریں اگر اسے آپ پر ذرا سا شک ہو گیا تو وہ الگ ہو جائے گی۔

### سرطان عورت، سنبلہ مرد

سنبلہ خاوند آپ کی باعمل اور سنجیدہ طبیعت کو سراہتے ہیں ان کی کم گوئی اور قدامت پرستی پر انہیں سرد مہر اور مغرور تصور نہ کریں حقیقت میں وہ بہت پرجوش ہیں سرطان زوجہ بچوں کو صاف ستھرا اور مودب بنائیں کیونکہ وہ آپ سے اسی کی توقع رکھتے ہیں۔

## برج سرطان برج میزان کے ساتھ

### سرطان مرد میزان عورت

آپ کی میزان زوجہ پُر خلوص اور محبت کرنے والی تو ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس کے خیالات و نظریات ہر چیز بشمول آپ کے بارے میں لمحہ بہ لمحہ بدلتے رہتے ہیں یہی آپ کا امتحان ہے۔ صبر و تحمل اور محبت کا رویہ رکھیں آپ دونوں کی زندگی بہت حسین و پُر لطف گزرے گی۔

### سرطان عورت میزان مرد

خوابوں میں مگن رہنے کا رجحان دونوں میں ہے لیکن سرطان بیوی ہوتے ہوئے آپ کچھ حقیقت پسند اور باعمل بھی ہیں جبکہ آپ شوہر نامدار رعب دارانہ ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے بارے میں خود فیصلہ بھی حقیقت پسندی یا مستقل مزاجی سے نہیں کر سکتے۔ ان کی مدد کریں اور معاشی امور اپنے ہاتھ میں ہی رکھیں۔

## برج سرطان برج عقرب کے ساتھ

### سرطان مرد عقرب عورت

آپ کی زوجہ کافی تند مزاج ہیں لیکن آپ کی محبت اور مستقل مزاجی اسے بدل سکتی ہے۔ وہ گھر کی کوئی بات باہر جانے نہیں دیتی آپ کے لباس آرام اور خوراک کا حد درجہ خیال رکھتی ہے۔

### سرطان عورت عقرب مرد

سرطان بیوی ہوتے ہوئے غصیلے عقرب کے ساتھ کبھی بھی کسی بات پر بحث مت کریں آپ کے میاں ہمیشہ کامیاب ہونا چاہتے ہیں ایسے میں آپ کی مدد اور حوصلہ افزائی سے خوش ہوتے ہیں۔ انہیں گھر میں رہنے پر مجبور مت کریں۔ کیونکہ وہ گھریلو ذمہ داریوں میں دلچسپی نہیں لینا چاہتے۔

## برج سرطان برج قوس کے ساتھ

### سرطان مرد قوس عورت

اپنی بیوی کو خوش رکھنے کے لئے سیر و تفریح پر لے جایا کریں اس کی بے دریغ باتیں آپ کو اچھے دوستوں سے محروم کر سکتی ہیں۔ گھریلو معاشیات اپنے ہاتھ میں رکھیں کیونکہ قوس پیسے کے معاملے میں لاپرواہ ہے۔

### سرطان عورت قوس مرد

آپ کو خوش ہونا چاہئے کہ آپ کے میاں بلا کے ذہین ہیں۔ وہ اپنی قوت فیصلہ پر حد درجہ بھروسہ کرتے ہیں اور آپ کی تجویز رد کر دیتے ہیں پریشان نہ ہوں انسان غلطیوں سے ہی سیکھتا ہے۔ آپ کو سیر و تفریح اور ملے گلے سے محفوظ کرتے رہتے ہیں۔

## برج سرطان برج جدی کے ساتھ

### سرطان مرد جدی عورت

کامیابی حاصل کرنے کی لگن اور مالی استحکام جدی عورت کے لئے

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات
UrduTech Document Processing Solutions
khalidrathore.com

خوشی وراحت کا باعث ہے۔ وہ اپنی باتوں اور عمل سے ہمیشہ نفاست کا ثبوت دے کر آپ کو خوش رکھنا جانتی ہے۔ لیکن اگر آپ اسے خوش رکھنا چاہتے ہیں تو اس کے میکے کے متعلق کوئی غلط بات مت کہے گا۔

### سرطان عورت جدی مرد

آپ کے میاں کسی حد تک سنجیدہ و غیر جذباتی ہیں۔ اگر آپ ان کے آئیڈیل ازم پر پوری اتر رہی ہیں تو وہ ساری عمر آپ سے الگ نہیں ہوں گے۔ جدی کم گو اولوالعزم اور کفایت شعار شریک ہیں۔ آپ دونوں مل کر زندگی کو بہت خوبصورت گزار سکتے ہیں۔

### برج سرطان برج دلو کے ساتھ

### سرطان مرد دلو عورت

سرطان صاحب ہمہ وقت بدلتے موسموں کو خوش آمدید کہنے کو تیار رہیے آپ کی زوجہ تو قوس قزح ہے۔ وہ آپ سے مستحکم مستقبل کی آرزو مند ہے۔ اگر آپ ایسا نہیں کر سکتے تو جھوٹی تسلی کی بجائے سچ سے کام لیں دلو بہت فراخدل ہے۔ دلو حاسد نہیں ہے لیکن آپ کا شکی نہ ہونا اچھی زندگی گزارنے کا باعث ہوگا۔

### سرطان عورت دلو مرد

دلو کی تصوراتی دنیا آپ کی عملی دنیا سے ٹکرا تو سکتی ہے لیکن کچھ وقت گزارنے کے بعد آپ کو اندازہ ہوگا کہ دلو میاں دس سال آگے کا سوچتے ہیں۔ اس لئے ان کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ خواب عملی جامہ پہن کر زندگی سہل بنائیں۔

### برج سرطان برج حوت کے ساتھ

### سرطان مرد حوت عورت

حوت بیوی آپ کے لئے بہت موزوں ہے۔ گھر پر آپکی حاکمیت اسے قطعاً پریشان نہیں کرتی۔ حوت کا دلکش صورت کے ساتھ خوبصورت ذہن عملی میدان میں سرطان کی ترقی کے لئے کوشاں رہتا ہے۔ حوت آپ کی عزت کا محافظ ہے۔ آپ کی محبت اور حوصلہ افزائی اسے حیات نو بخشتی ہے۔

### سرطان عورت حوت مرد

آپ خوش قسمت ہیں کہ آپ کو حوت خاوند ملا۔ حوت پُر خلوص اور باعمل ہے خوبصورت اور آرام دہ گھر ان کی کمزوری ہے۔ اگر آپ انہیں ذہنی وروحانی سکون پہنچا سکیں تو یہ ہر لحاظ سے آپ کو خوش رکھتے اور تحفے وغیرہ دیتے رہتے ہیں۔ اس طرح آپ مل کر زندگی کی گاڑی کو کامیابی سے چلاتے ہیں۔

از: مجید الماس، کراچی۔

# آؤ ہمزاد سے باتیں کریں

سب سے پہلے ایک ایسا مکان منتخب کریں کہ عامل کے سوا کسی اور کی آمد و رفت نہ ہو۔ یا کم سے کم عمل کے دوران اس مکان میں کسی اور کا آنا جانا نہ ہو۔ ترک حیوانات اور جلالی اور جمالی پرہیز کے ساتھ اس عمل کو شروع کیا جائے۔

دوران عمل صندل اور عود کی دھونی ضرور دی جائے۔ عطر و خوشبو وغیرہ کا استعمال ضرور کریں۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عمل کی ابتداء کریں۔ سب سے پہلے سورہ یٰسین پڑھیں۔ اس کے بعد سورہ واقعہ پڑھیں پھر سورہ توبہ پڑھیں۔ تینوں سورتوں کی تلاوت کے بعد پانچ صد مرتبہ

**'ان اللہ علی کل شی قدیر'**

اس کے بعد سورہ فاتحہ پڑھ کر سورہ ناس سے سورہ تکاثر تک کی تمام سورتیں پڑھیں آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر مصلے پر ہی سو جائیں۔ اس عمل کو لگاتار پانچ دن تک کریں۔

تیسرے روز آپ کے بدن میں دوران عمل کپکپی شروع ہو گی۔ اس سے خوف نہ کھائیں اور ڈراؤنی صورتیں نظر آئیں گی۔ اُن کے ہاتھوں میں تلواریں بھی ہونگی لیکن آپ ان صورتوں سے خوف زدہ نہ ہوں۔ یہ حصار کے اندر داخل ہونے کی قدرت نہیں رکھتی۔

پانچویں روز ایک نورانی بزرگ آپ کو شربت کا ایک پیالہ عطا کریں گے۔ بس یہی بات عمل کی کامیابی کی علامت ہے۔ شربت کا پیالہ پیتے ہی آپ عامل ہو جائیں گے اس کے بعد جب بھی پانچ مرتبہ وہی عمل پڑھیں گے ہمزاد کی آواز آئے گی۔ بولئے کیا بات ہے.....؟

حکم دیں کیا کرنا ہے حضور.......؟ مقصد بیان کریں میں پورا کروں گا۔ اس طرح کی بات چیت ہمزاد آپ سے کرے گا۔ لیکن نظر نہ آئے گا۔ چالیس روز کے بعد ہمزاد مجسم انسانی صورت میں سامنے آئے گا۔ اور بات چیت کرے گا۔ اور آپ کے حکم کی تعمیل کرے گا۔

یہ عمل قلمی دستاویز کی ایک قابل قدر یادگار ہے۔ اہل کے لیے اس کی اجازت ہے۔ نااہلوں سے یہ درخواست ہے کہ وہ اس طرح کے عملیات سے دور رہیں۔ ورنہ جان کو ہلاکت میں ڈالیں گے۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

از: ساجد فاروق سلطان۔

# حب کے منتر

سب سے پہلے منتر کیا ہے آیئے اس کی تعریف پڑھیں۔

تعریف: دو یا دو سے زیادہ الفاظ کا ایسا مجموعہ جن کی طرز ادائیگی کو اپنے ارادے کی قوت کے ساتھ ساتھ استعمال کرتے ہوئے ماحول کائنات یا کائناتی عناصر میں تصرف کرنا۔ عموماً مشاہدے میں آیا ہے کہ منتر سے تصرف کرنا عام طور پر عارضی کہلاتا ہے۔ کیونکہ ایسے تصرف کو زیادہ قوت ارادی والا شخص کاٹ / توڑ سکتا ہے۔ روحانی سکالرز' عامل کامل اور دیگر پیرا سائیکالوجسٹ حضرات نے منتر اور دیگر اعمال روحانی کے لیے لوازمات بتلائے ہیں ان میں سے چار زیادہ اہم ہیں۔

1- مضبوط قوت ارادی۔
2- نیت عمل و یکسوئی۔
3- تصور مقصد۔
4- یقین کامل۔

یہ اجزاء اگر کسی بھی عامل میں نہ ہوں تو عمل میں ناکام رہنے والے کا اپنا قصور ہے۔

قارئین روحانیت کے بنیادی قوانین میں ایک قانون ارادے کی حرکت ہے۔ یوں سمجھ لیجئے اگر آپ کے اندر درج بالا خصوصیات موجود ہیں تو آپ اپنے ارادے اور اپنی توجہ سے دوسرے سیاروں کی مخلوق سے واقف ہو سکتے ہیں۔ مطلوب کو مسخر کرنا تو ادنی سا کرشمہ ہے۔ اب ایئے منتر کی طرف۔

**منتر:** سایہ جاوے آتما آوے گردن سے پکڑ لیاوے اندر باہر شور مچاوے قابو وچ فلاں بنت فلانی آوے۔

لیجئے یہ منتر تھا۔ ترکیب بھی سن لیجئے۔ کوئی ایک وقت اپنی سہولت کا مقرر کر لیں اور اگر تصویر آپ کے پاس موجود ہے تو واہ واہ ورنہ تصور سے تو۔ واہ بھئی واہ تصور و تصویر میں اپنی محبوبہ کے ہاتھ پاؤں باندھیے۔ اور دل جمعی کے ساتھ ایک گھنٹہ مسلسل پڑھیے۔ یوں تو چند بار کا پڑھا بھی فائدہ دے جاتا ہے مگر کامیابی اور محبت کی معراج کے لیے ایک گھنٹہ شرط ہے۔

اب آیئے مندرہ حب سلطانی کی طرف۔

## مندرہ

کروٹیں بدل بدل کے لیٹے نیند نہ آئے تجھے
تاں سکھ پائے تو من میں لائے مجھے
دھیان میرا آئے تجھے یاد میری ستائے تجھے
جو سونے کی کوشش کرے خیال میرا تڑپائے تجھے
نہ لیٹی کو سکھ نہ بیٹھی کو سکھ
چین کے واسطے آ دیکھ میرا مکھ
آ میری طرف سفر اے میرے عشق جبر کر
کہے وہ آ کے اے دل بے قرار صبر کر
میں تیری تیری کی تو پکار کرے
میری محبت تجھے بے قرار کرے
وہ مجھ پر دیوانی ہو ہر ایک سے بیگانی
یا پیر عبدالقادر یا غوث جیلانی
میری آس کی کشتی پار لگانی
تو سچا پیر تو محبوب سبحانی
یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ
جوڑ محبت والا نہ رہوے ٹلا
اونہوں میرے دل بچالیا گھر میرے دوڑا لیا
لیٹی بیٹھی سُتی نوں اُٹھالیا
عمل میرا سخت ہے پڑا سے وخت ہے
میرا اچھا بخت ہے کہ سر پہ تیرا تخت ہے
اونہوں اگ میرے عشق دی لگادے
مینوں محبوب اوہدا بنادے
اونہوں کول میرے لیا کے گھر میرا وسادے
اے چل اُٹھ آجا

قارئین کرام مندرہ بار بار پڑھیے۔ اتنا پڑھیے کہ زبانی یاد ہو جائے۔ اس طرح آپ کے ارادے میں حرکت پیدا ہو گی۔ ترکیب سنیے اور سر دھنیے۔

دو رکعت نفل پڑھ کر اس کا ثواب حضور نبی کریم ﷺ اور جملہ انبیاء صحابہ ء آل اولاد نبی مومنین مومنات و مسلمین مسلمات و اولیاء خصوصاً پیر پیران دستگیر شیخ عبدالقادر جیلانی کی خدمت میں تحفہ ہدیۃً پیش کریں اور اُن سے استمداد طلب کریں۔ کہ یا پیر سچے مدد کر۔ اب تصور باندھ کر صرف اور صرف 41 بار پڑھیں۔ عمل کا نتیجہ پہلے ہی روز نمودار ہو جاتا ہے۔ بالفرض محال نہ نکلے تو اپنے اندر میرے بیان کردہ اوصاف پیدا کریں۔ اور مسلسل 7 یوم پڑھیں۔ یاد رکھیئے میرا یہ مندرہ صرف وہاں کام دے گا جہاں جگہ جائز ہو گی یا پھر اللہ کریم ایسا چاہتے ہونگے۔

**تنبیہ:** ناجائز جگہ قطعاً استعمال نہ کریں۔ ورنہ اثر ندارد ہاں اس عمل کے اثرات سے میں اور بھائی خالد صاحب بالکل بری الذمہ ہیں۔ کیونکہ ہمارا مقصد علم کی اشاعت ہے۔ اس کی ٹھیکداری نہیں بلکہ خدمت ہے۔

عمل میں کامیابی کے بعد میٹھے چاول اور شیرینی بچوں میں تقسیم کر دیں۔ اس مندرہ کے متعلق میں تو اتنا ہی کہوں گا۔

سینہ چیر کر کلیجہ نکال کر۔۔۔۔ رکھ دیا ہے کاغذ پر

نجوم' پامسٹری' اعداد' جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

از: حکیم رفعت اشفاق چوہان گوجرانوالہ۔

# اوج شمس

شمس کو برج سرطان کے ۲۰ درجہ پر اوج ہوتا ہے یہ وقت تاثیرات فلکی میں سعد اثر ظاہر کرتا ہے۔ وہ اشخاص جو سرکاری یا پرائیویٹ ملازمت کرتے ہوں اور ترقی کے خواہش مند ہوں اور واقعی ترقی کے مستحق ہوں۔ اور افسران حق تلفی کریں یا کسی کی ترقی برسوں سے رُکی ہوئی ہو یا قسمت کا چکر ہے۔ غرضیکہ اضافہ تنخواہ یا ترقی عہدہ کے معاملہ میں خواہش مند افراد اس موقع سے ضرور فائدہ اُٹھائیں انشاء اللہ جو بھی اس عمل کو تیار کرے گا ضرور کامیاب ہوگا۔ وہ لوگ بھی جو نوکری سے کسی وجہ سے نکال دیئے گئے ہوں وہ بھی فیض یاب ہو سکتے ہیں۔ اس سال اوج شمس ۱۲ جولائی ۶ بج کر ۱۴ منٹ فجر سے ۱۳ جولائی ۷ بج کر ۶ منٹ فجر تک رہے گا اس وقت میں آپ شمس کی جتنی بھی ساعات ہیں اُس میں کام کر سکتے ہیں۔

**طریقہ عمل:**

اپنا نام معہ والدہ اور مطلب جو بھی ہو (ترقی تنخواہ یا ترقی مرتبہ یا ملازمت وغیرہ) ایک سطر میں لکھیں اور ان کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کریں اور آیت سلام قولا من رب رحیم کے اعداد ۸۱۸ جمع کریں اور نقش مربع پُر کریں۔ اس نقش کی دوسری طرف آیت یارحمٰن کل شی وراحمہ کی لوح مربع تیار کریں۔ یہ لوح کیونکہ شمس سے متعلقہ ہے اس لیے سونے کی لوح تیار ہو گی اگر سونے پر تیار نہ کر سکیں تو چاندی پر کندہ کر کے سونے کا پانی چڑھا لیں۔ اور لوح کو اپنے پاس محفوظ کر لیں اور روزانہ آیت کریمہ ۸۱۸ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ بہت جلد کامیابی نصیب ہوگی۔ آپ کی آسانی کے لیے مثال سے سمجھا رہا ہوں۔

**مثال:-**

| | | |
|---|---|---|
| طالب | بدر منیر | ۵۰۶ |
| مطلوب | ترقی ملازمت | ۱۲۲۸ |
| آیت | سلام قولا من رب رحیم | ۸۱۸ |
| میزان | | ۲۵۵۲ |

قانون مربع ۲۵۵۲ سے ۳۰ قانون کے نفی کر دیئے تو باقی ۲۵۲۲ رہے۔ ۲۵۲۲ کو ۴ پر تقسیم کیا تو ۶۳۰ حاصل ہوئے اور باقی ۲ بچے اس لیے خانہ ۹ میں ایک عدد کا اضافہ ہوگا۔

چال نقش

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

اصل نقش

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۳۰ | ۶۴۴ | ۶۴۱ | ۶۳۷ |
| ۶۴۲ | ۶۳۶ | ۶۳۱ | ۶۴۳ |
| ۶۳۵ | ۶۳۹ | ۶۴۶ | ۶۳۲ |
| ۶۴۵ | ۶۳۳ | ۶۳۴ | ۶۴۰ |

اسی لوح کے دوسری طرف نقش ذوالکتابت کندہ کریں۔ آیت یا رحمٰن کل شیٔ وراحمہ کو ذوالکتابت کندہ کرنا ہے یہ نقش اسی طرح آپ لوح کی دوسری طرف کندہ کر لیں۔

چال نقش

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۶ | ۱۱ | ۱۶ |
| ۱۲ | ۱۵ | ۲ | ۵ |
| ۱۴ | ۹ | ۸ | ۳ |
| ۷ | ۴ | ۱۳ | ۱۰ |

اصل نقش

| یارحمٰن | کل | شیء | وراحمہ |
|---|---|---|---|
| ۳۱۱ | ۲۵۹ | ۳۱۰ | ۴۹ |
| ۲۵۸ | ۳۰۸ | ۵۲ | ۳۱۱ |
| ۵۱ | ۳۱۲ | ۲۵۷ | ۳۰۹ |

**مشورہ و ضروری نوٹ:-**

آج کل لوگ تعویزات کی ابجد بھی نہیں جانتے اور نقوش بنانے کا سلسلہ شروع کر دیتے ہیں بازار سے کتاب خریدی اور عامل بن گئے جب کسی رسالے سے کوئی عمل دیکھا تو اس کو شروع کر دیا۔ جب مطلوبہ کام پورا نہ ہوا تو صاحب مضمون کے لیے دلی نایاب دعاؤں کا سلسلہ شروع کر دیتے ہیں اور عمل کو غلط سمجھنے لگتے ہیں ایسے احباب کو میرا مخلصانہ مشورہ ہے کہ وہ اس عمل کو تیار نہ کریں ازراہ کرم محترم قبلہ خالد اسحاق راٹھور صاحب سے رابطہ کریں۔

نوٹ:- عمل تیار کرتے وقت شمس کا بخور روشن رکھیں۔ دعاگو ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کا اور اک کھولے۔ آمین۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

## طلسم تسخیر و حاجت

یہ لوح ایک طویل عرصے سے تیار کر رہا ہوں۔ یہ ایک خاص روحانی و عملیاتی طریقہ کار کے تحت تیار کی جاتی ہے۔ اس کی تیاری میں مختلف کوکبی حالتوں کو بھی مد نظر رکھا جاتا ہے۔ آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو و سحر سے حفاظت، حفظ امن یا کسی بھی مطلب کے لیے یہ خصوصی عمل تیار کروا سکتے ہیں۔ مجھ سے تیار کروائیں گے تو ھدیہ ۳۵۹۹ ہوگا اور یہ چاندی پر بنے گی۔ خود تیار کرنا چاہیں تو اس کا مکمل طریقہ ذیل میں درج ہے۔

نام و مقصد کے اعداد کو ۳۰ سے تقسیم کرو۔ یہ درجے آفتاب کے ہیں۔ ۱۲ سے تقسیم کرو۔ یہ برج ہے۔ ۷ سے تقسیم کرو یہ ستارہ ہے۔ ۲ سے تقسیم کرو کائناتی تقسیم ہے۔ اب ان اعداد کے حروف لے لو اور موکل علوی بنالو۔ پھر ان ہی کے موکل سفلی اور اعوان اور جن اور خلیفہ بنالو۔ پھر یہ عزیمت ان پانچوں ناموں و مقصد سے مکمل کر لو۔ لوح کے چاروں کونوں میں چاروں مقرب فرشتوں کے نام لکھو اور اضلاع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے مکمل کرو۔ پیشانی پر بھی بسم اللہ تحریر کریں۔ متعلقہ ستارے کی ساعت میں، طبع عمل کے مد نظر یعنی بادی ہو تو باد کو مد نظر و ہمراہ رکھیں۔ جمادات وغیرہ کا بھی خیال رکھیں۔ درجات آفتاب جو نکالے ہیں اس وقت عمل تیار ہو گا۔ عمل مکمل اور غلطی سے مبرا ہوا تو تیر نشانے پر لگنے والی بات ہے۔ میرے تجربے میں آیا ہے اس کے اثرات عموماً چالیس یوم کے اندر ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

نوٹ: میں نے مکمل عمل تحریر کر دیا ہے۔ جو خود تیار کر سکتا ہے۔ میری طرف سے اجازت ہے۔ میں اس سلسلے میں کسی بحث یا تشریح میں نہ پڑوں گا۔ جو میرے سے یہ عمل تیار کروانا چاہیں وہ ہدیہ، مقصد اور کوائف ارسال کر کے تیار کروا سکتے ہیں۔

پتہ برائے رابطہ اور منی آرڈر

خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور --- فون نمبر 6374864

ہے اور اس اسم میں بہت سے مخفی اسرار ہیں۔ کوشش کرو کامیاب ہو گے۔ اور اسم سمیع کی خاصیت یہ ہے کہ اگر اس کے ساتھ اسم بصیر ملا کر نیک وقت میں لکھے۔ اس طرح (یا سمیع یا بصیر) پھر جو بیہوش ہو گیا ہو۔ اس پر باندھے تو فوراً ہوش میں آجائے۔ ایک بزرگ نے ابراہیم بن جاروب کو بے ہوش دیکھا۔ اسی وقت انہوں نے اس اسم کو دفق کو لکھ کر اس کو باندھا۔ اور سات سو مرتبہ یہ اسم پڑھ کر اس پر دم کیا۔ ہوش میں آگیا۔

## کشف ارواح

اگر سونے پر لکھ کر اس کو اپنے پاس رکھے تو جنات کے کلمے سنے۔ اور ارواح کو جو چاہے حکم دے اور اگر اس اسم کی مداومت کرے تو اسرار خلق اس پر منکشف ہوں۔ اور دلوں کی باتیں معلوم ہونے لگیں۔ اور اسرار کا مشاہدہ کرے اور احوال عباد اس پر ظاہر ہوں۔

## اسرار اسم سلام

(اسم سلام) سلامتی اور ایمان کے واسطے ہے۔ اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قیامت کے روز یہی ذکر ہو گا۔ جب آپ کی امت صراط پر سے گزرے گی چنانچہ آپ فرماتے ہوں گے۔ یعنی اے سلام سلامت رکھ۔ اور حرف میم اقطار حروف میں سے ایک قطر ہے۔ اور جس حرف کے اول آخر ایک حرف ہو۔ جیسے واؤ اور نون اور میم وہ اپنے اندرونی اتحاد اور سکون کی طرف اشارہ کرتا ہے بسبب اس ہیبت کے جو اس کے اندر ہے اور یہ حرف حروف لوح میں سے ہے۔

## حرف میم کے اسرار

جب اللہ تعالیٰ نے اس حرف کو پیدا کیا تو ایک نور روشن پیدا کیا۔ اور حروف عقل میں سے بھی ہے۔ بسبب اپنے احاطہ کے اور اسی سے چوتھے آسمان میں سورج مدد لیتا ہے۔ اور اسی کی برکت سے اللہ تعالےٰ نے ملک و ملکوت قائم کیا ہے۔ اور کل عالم کا اظہار بھی اسی میم کے ساتھ ہے۔ اور اس میم کی ہی برکت سے اعمال میں مدد ہوتی ہے اور بسم اللہ کا یہ آخری مرتبہ ہے۔ اور اس نیم میں اشد یعنی کمال کو پہنچتا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے **حتی اذا بلغ اشده وبلغ اربعين سنة** یعنی جب وہ اپنے کمال کو پہنچا اور پہنچا چالیس برس کو۔ پس میم کے اعداد بھی چالیس ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے اس حرف کے ساتھ نوے فرشتے فرشتگان روح میں سے موکل کئے ہیں۔ اور یہی وہ راز ہے جو اللہ تعالےٰ نے اپنے نبی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک محمدؐ کے اول میں رکھا ہے۔ اور درمیان راز ملک ہے۔ پس ملک اور ملکوت دونوں

اس میں مجتمع ہیں۔ جو شخص شکل میم کو ہر روز چالیس بار دیکھے اور یہ آیت پڑھے **اللهم مالك الملك** آخر تک اللہ تعالیٰ اسباب خیر و برکت اس کو روزی کرے۔ اور وہ نہ جانے کہ کہاں سے رزق اس کے پاس آتا ہے۔ اس کی شکل کا بیان آگے آئے گا۔ اور تعلق اس کا عطارد سے ہے۔ اور راز اس کا چہار شنبہ ہے۔

## انوار قدسی کا حصول

